# ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور



لاہور ڈرا

طلسم عجیب

کبریت احمر

عملیات کشف

برائے ترقی دولت

بانڈ نمبر اور کرکٹ میچ ۲۰۰۴

آنکڑے میں ضروری ہندسہ

افسانوی عقائد اور انوکھی رسومات

دعاء خضرؑ والیاسؑ اور اُس کی فضیلت

کمالات جفر (تسدیس مشتری وزحل)



free copy
LunaTech
khalidrathore.com
Document Processing Solutions























free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

## پبلشر و چیف ایڈیٹر
شائستہ خالد راٹھور

## ہیڈ آفس
خالد اسحاق راٹھور مکان نمبر ۲، گلی نمبر ۱۱، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور، پاکستان۔

### اوقات کار
جمعرات، جمعہ، ہفتہ۔
صبح 11 تا شام 5 بجے تک / تعطیل بروز اتوار

### فون
0300 8442060......(042) 6374864

## سب آفس
خالد اسحاق راٹھور، ایف-3، فرسٹ فلور، نواب پلازہ، 48-شادمان مارکیٹ لاہور۔

### اوقات کار
پیر، منگل، بدھ۔
صبح 11 تا شام 5 بجے تک / تعطیل بروز اتوار

### فون
0300 8442060......(042) 7522797

### قیمت
فی شمارہ 30 روپے
زر سالانہ (بمعہ جنتری) 360 روپے
زر سالانہ رجسٹرڈ ڈاک (بمعہ جنتری) 560 روپے
بیرون ملک ۳۵ ڈالر (سالانہ)

### بنک ڈرافٹ (Bank Draft)
M/s Rahnuma-i-amaliyat, A/c
1392-35, Habib Bank Limited, Allama
Iqbal Road, Lahore, Pakistan

### انٹرنیٹ (Internet)
www.kirathor.com
kirathor@yahoo.com
kirathor@kirathor.com

ناشر۔ شائستہ خالد راٹھور۔۔۔ پرنٹر۔ الامین ٹریڈرز لاہور
جلد 7 شمارہ 6



ایڈیٹر
# خالد اسحٰق راٹھور
ایم اے ہسٹری


## فہرست مضامین


| | |
|---|---|
| راہ ہدایت | ۲ |
| نکتہ فکر | ۳ |
| کمالات جفر (تسدیس مشتری و زحل) | ۴ |
| آ کڑے میں ضروری ہندسہ | ۶ |
| طلسم عجیب | ۸ |
| مدارج النبوت | ۹ |
| کبریت احمر | ۱۳ |
| آپ کا یہ ماہ کیسا گزرے گا | ۱۴ |
| دعاءِ خضرؑ والیاسؑ اور اُس کی فضیلت | ۲۶ |
| عملیات کشف | ۲۷ |
| دلائل الخیرت | ۳۵ |
| برائے ترقی دولت | ۳۹ |
| لاہور ڈرا | ۴۰ |
| کرامات جفر | ۴۱ |
| بانڈ نمبر اور کرکٹ میچ ۲۰۰۴ | ۴۴ |
| افسانوی عقائد اور انوکھی رسومات | ۴۵ |
| نیند رات بھر کیوں نہیں آتی | ۵۰ |
| آپ کا عدد اور یہ ماہ | ۵۲ |
| کون سا کام کب کریں | ۵۸ |
| نظرات کواکب | ۶۰ |
| خالد روحانی جنتری ۲۰۰۴ | ۶۳ |



خط و کتابت اور منی آرڈر ارسال کرنے کا پتہ
خالد اسحٰق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو لاہور



free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# راہ ہدایت

## القرآن

اے اولادِ آدم! ہر صلوۃ کے وقت اپنی زینت (لباس) پہن لیا کرو اور کھاؤ اور پیو اور فضول خرچی نہ کرو، بے شک اللہ تعالیٰ فضول خرچی کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔ آپ کہیے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لیے جو زینت پیدا کی ہے اور جو پاک اور لذیذ چیزیں پیدا کی ہیں ان کو کس نے حرام کیا ہے؟ آپ فرما دیں یہ چیزیں ایمان والوں کے لیے ہیں۔ دنیا کی زندگی میں (بھی اور) قیامت کے دن تو خاص انہی کے لیے ہیں۔ اسی طرح ہم کھول کر بیان کرتے ہیں آیتیں علم والوں کے لیے۔

## السنتہ

free copy

ناصر بن واثلہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت علی ابن ابی طالبؓ کے پاس تھا آپ کے پاس ایک شخص آیا اور کہنے لگا کہ نبی ﷺ آپ سے سرگوشیوں میں کیا کہتے تھے۔ حضرت علیؓ ناراض ہوئے اور فرمایا نبی ﷺ مجھے کوئی راز نہیں بتایا جس کو اور لوگوں سے چھپایا ہو۔ البتہ آپ نے مجھے چار باتیں ارشاد فرمائی ہیں۔ اس نے پوچھا۔ اے امیر المومنین وہ کیا باتیں ہیں؟ آپ نے کہا۔ حضور ﷺ نے فرمایا جو شخص اپنے والد پر لعنت کرے اس پر اللہ کی لعنت ہے اور جو شخص غیر اللہ کے لیے ذبح کرے اس پر اللہ کی لعنت ہے اور جو شخص کسی بدعتی کو پناہ دے اس پر اللہ کی لعنت ہے اور جو شخص زمین (کی حد بندی) کے نشانات کو مٹائے اس پر اللہ کی لعنت ہے۔

## ہماری تاریخ

khalidrathore.com
Document Processing Solutions

حضرت ابوامامہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص محض رضائے اللہ کے لیے کسی یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرتا ہے۔ اس کے لیے ہر بال کے مقابلہ میں جس پر اس کا ہاتھ پھرتا ہے نیکیاں ہیں اور جو کسی یتیم لڑکے یا لڑکی کے ساتھ (جو اس کی کفالت میں ہو) نیکی کرتا ہے۔ میں اور وہ بہشت میں ان دو انگلیوں (آپ نے سبابہ و وسطیٰ کو ملا کر اشارہ فرمایا) کی مانند ہوں گے۔

ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ میرا دل سخت ہے۔ اس کا علاج کیا ہے؟ آپ نے فرمایا کہ یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا کرو اور مسکین کو کھانا کھلایا کرو۔

حضرت اسماء بنت عمیس "زوجہ حضرت جعفر طیار" بیان کرتی ہیں کہ جس دن حضرت جعفر "غزوہ موتہ" میں شہید ہوئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے ہاں قدم رنجہ فرمایا۔ میں اس دن چالیس کھالوں کی دباغت کر چکی تھی اور آٹا پیس کر اپنے بچوں کو نہلا دھلا کر تیل مل چکی تھی کہ اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے۔ فرمایا اسماء! جعفر کے بچے کہاں ہیں؟ میں نے ان کو حاضر خدمت کیا۔ آپؐ نے ان کو سینہ سے لگا لیا۔ پھر آپ ﷺ کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور آپ ﷺ رو پڑے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! شاید آپ ﷺ کو جعفر کی طرف سے کچھ خبر آئی ہے۔ فرمایا ہاں وہ آج شہید ہو گئے۔ یہ سن کر میں چلانے لگی۔ عورتیں جمع ہو گئیں فرمانے لگے اسماء! لغو نہ بول اور سینہ نہ پیٹ۔ پھر آپ حضرت فاطمہ زہرا کے ہاں تشریف لے گئے تو وہ بولیں ہائے چچا! آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جعفر جیسے پر عورتوں کو رونا چاہیے۔

## نکتۂ فکر

# ناکام شریک حیات

**عورتوں کے لیے جیسے مرد بھی پڑھ سکتے ہیں اور اپنی شریک حیات کو بھی پڑھا سکتے ہیں۔**

کیا آپ اس بات کی شاکی ہیں کہ آپ کا شریک حیات زندگی میں وہ کامیابیاں حاصل نہیں کر سکا جن کی آپ کو توقع تھی؟ کیا آپ افسردہ ہیں کہ آپ کا شریک حیات آپ کی خواہشات اور تمناؤں کی تکمیل با احسن طریقے سے کرنے سے قاصر ہے؟

اگر ایسا ہے تو یقین کریں صرف آپ کا خاوند ہی ناکام نہیں بلکہ آپ بھی ایک ناکام زندگی بسر کر رہی ہیں۔ اس فقرے کے جواب میں فوراً آپ کے ذہن میں آئے گا کہ بھئی روزی روٹی کمانا اور خاندان کی ضروریات پوری کرنا یا کفالت کرنا تو مرد کی ذمہ داری ہے۔ اگر وہ اچھا روزگار حاصل نہیں کر سکا تو اس میں ہمارا کیا قصور ہے؟

جی ہاں! آپ کا جواب بلاشبہ درست ہے۔ خاندان کی با احسن طریقے سے کفالت مرد کی ذمہ داری ہے۔ تاہم ایک ناکام مرد کو کامیاب مرد میں تبدیل کرنے میں ایک بیوی جو کردار ادا کر سکتی ہے آپ کو اس سے آگاہی حاصل کرنا ضروری ہے۔ اس آگاہی کے بعد آپ کو خود اپنا سوال بے وزن نظر آئے گا۔

ایک کامیاب شوہر کی کامیاب بیوی بننے کے لیے آپ نے کرنا صرف یہ ہے کہ آپ مسلسل اپنے شریک حیات کو اس بات کا یقین دلاتی رہیں کہ وہ غیر معمولی صلاحیتوں کا حامل ہے اور کوئی ایسا کام یا مشکل نہیں جس کا حل اُس کے پاس نہیں۔ شریک حیات دن بھر کی مشقت یا ناکامی کے بعد گھر آئے تو فوراً سارے دن کے مسئلے مسائل اس کے سامنے رکھنے کی بجائے صبر اور تحمل سے کام لیں۔ خوشگوار انداز میں اس کا استقبال کریں۔ اس پر بے اعتمادی اور بے یقینی کا اظہار نہ کریں۔ نہ ہی اس کو نالائق اور ناکام ثابت کریں۔ اس کو حوصلہ دیں اس کے اندر اپنی محبت اور یقین سے اتنا جوش و جذبہ بھر دیں کہ اگلے دن وہ پھر تر و تازہ ہو اور جس کامیابی کو وہ کل حاصل نہ کر سکا تھا۔ آج اس کو حاصل کرنے میں سو فی صد مستحکم سوچ لے کر گھر سے چلے۔ اللہ پر یقین کریں۔ انشاء اللہ وہ دن زیادہ دور نہ ہوگا جب اللہ آپ پر اور آپ کے شریک حیات پر کامیابی کا دروازہ کھول دے گا۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# کمالات جفر

## (تسدیس مشتری و زحل)

از: حکیم سرفراز احمد زاہد ملتان۔

**کل امر مرھون باوقاتھا:** اللہ تعالیٰ نے اوقات میں کس قدر تاثیر رکھی ہے یہ بات تو ہر شخص کے علم میں ہے۔ اکثر اوقات کئی احباب کو یہ کہتے سُنا گیا ہے کہ کتنا قبولیت کا مقام تھا۔ بات منہ سے نکلی اور بارگاہ الٰہیہ میں پوری ہوگئی۔ کاش اس وقت میں کچھ اور مانگ لیتا۔ اور بعض نقصان کی صورت میں یہ کہتے ہیں کہ آج کتنا نحس وقت ہے کام ہوتے ہوتے بگڑ گیا۔ اتنی کوشش کی مگر ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ کامیابی اور ناکامی سے نبرد آزما ہونے کے لیے اسباب کا تلاش کرنا اور بروئے کار لانا ہر کس و ناکس کا کام نہیں۔ کسی روحانی بزرگ سے راہنمائی لینا افضل ہے۔ یہ تو دیکھا گیا ہے کہ دعائے ولی سے اکثر انہونی ہو جاتی ہے۔ مشکلیں حل ہو جاتی ہیں اور مشکلات دور ہو کر روحانی ترقی کے ساتھ ساتھ معاشی اور دوسری زندگی کی رکاوٹیں خود بخود زائل ہوتی جاتی ہیں۔ مگر یہ آسان کام نہ ہے۔ کیا معلوم اس کامل ہستی نے اس مقام تک پہنچنے اور وقت پر تصرف حاصل کرنے کے لیے حضوری کی خاطر کیسی کیسی کٹھن راتیں گزاری ہیں اپنا عیش و آرام و سکون اللہ کی خوشنودی اور روحانی منازل کی ترقی کے لیے قربان کر دیئے۔ رات کی نیند کو عبادت و ریاضت پر ترجیح دے کر اپنی زبان کو زبان فریدی بنانے کے لیے نماز معکوس تک ادا کرنے کے بعد یہ مقام حاصل کیا کہ ہاتھ اُٹھے تو تقدیر بدل جائے۔ حضرت غوث قلندر پانی پتیؒ اپنی شہرہ آفاق تصنیف تذکرہ غوثیہ میں فرماتے ہیں کہ فقیر اول تو ہاتھ اٹھاتا نہیں اگر اٹھا دے تو کاتب تقدیر کو تقدیر تبدیل کرنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے آج کل تو ہر کوئی اپنے نام کے ساتھ فقیر لگا کر فخر محسوس کرتا ہے چاہے سارا دن و رات جھوٹ اور مکاری میں بسر ہو، فقیر فقر سے ہے۔ فخر کائنات میرے پیارے نبی کریم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا الفقر فخری۔ فقر مجھ سے ہے یا عاجزی میں ہے۔

اہل نجوم نے اوقات کا استخراج اور اس کی تشریح کی ہے کہ کس وقت کس کام کو کرنا ہے جیسا کہ حدیث پاک میں ہے۔ " کل امر مرھون باوقاتھا" ہر کام کے لیے ایک وقت مقرر کیا گیا ہے گویا یہ معلوم کرنا کہ مالک کائنات نے کن کاموں کے لیے کونسے خاص اوقات مقرر کیے ہیں۔ خوش قسمتی حصول مقاصد میں کامیابی اور نبی کریم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان پاک کی روشنی میں مفاد حاصل کرنا ہے۔ یہی وہ راستہ ہے جس میں فلاح بھی ہے اور راحت بھی جس پر چل کر انسان کبھی بدقسمتی اور مصائب کا شکار نہیں ہوسکتا۔ قدرت کے لاانتہاء علوم میں سے جس قدر علم انسان کو حاصل ہوگا۔ دنیا اسی قدر اس کے لیے مفید ہوگی۔ آج کل لاعلمی یا ہٹ دھرمی کی بدولت وقت کی پرواہ کیے بغیر جو کام کیے جاتے ہیں اگر خوش قسمتی سے وہ غیر متوقع طور پر وقت کے ساتھ مطابقت کر جاتے ہوں تو صحیح ہو جاتے ہیں ورنہ اگر مطابقت نہ ہو تو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑتا ہے۔ یہ تو عقل مندی کا تقاضا نہیں کہ ہر کام کے لیے ہر وقت تیار ہو جائیں یا صحیح امور کو غلط وقت پر انجام دیں تو کیا ہوگا؟ صرف ناکامی نقصان اور شرمندگی۔

صحیح اوقات کا تلاش کرنا یا کسی ماہر علم سے راہنمائی حاصل کرنا بُری بات نہیں۔ بری بات تو یہ ہے کہ غلط کام کر کے شرمندہ ہونا پڑے۔ بعض اوقات نظرات ایسی کامل مل جاتی ہیں کہ جن میں کیے گئے کام انسان کو بام عروج تک پہنچا دیتے ہیں۔ اسی طرح کی کامل نظر مشتری و زحل کی تسدیس ۱۷ اگست ۲۰۰۴ کو ہوگی۔ اس کا دورانیہ کافی طویل ہے۔ جو غالباً سب نظرات سیارگان سے طویل نظر ہے۔ جو تقریباً بیس دن تک رہے گی۔ خالد روحانی جنتری کے مطابق اس کی ابتداء ۵ اگست کو ہو جائے گی مکمل ۱۷ اگست ہوگی۔ اور اس طویل نظر کا اختتام ۲۸ اگست کو ہو گا۔ غالباً ۲۳ دن تک رہے گی۔ اس کی درستگی خود بھی کر سکتے ہیں۔

یہ سعد نظر ہے۔ تثلیث سے طاقت میں کم ہے لیکن اتنی کمزور بھی

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

نہیں۔ پھر بھی اس میں خوش قسمتی مقبولیت کاروبار میں کامیابی تسخیر وتوجہ سلاطین وغیرہ کے متعلق موثر عملیات تیار کیے جاسکتے ہیں۔ خاص طور پر وہ لوگ جو ملازمت پیشہ ہیں اور لوگوں کی نظروں میں گر چکے ہیں۔ اپنی ملازمت سے کسی بنا پر معطل ہو چکے ہیں یا ان کے خلاف افسران کی ناجائز خوشنودی نہ کرنے پر انکوائریاں چل رہی ہوں اور ملازمت خطرے میں ہو۔ ایسے لوگ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اُٹھائیں اور اپنی ملازمت کی بقاء اور استحکام کے لیے روحانی مدد لیں۔ اس کے علاوہ کاروبار میں کامیابی اور مال ودولت کی ترقی کے لیے بھی اس وقت کی سعادت سے مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ اس وقت مشتری اور زحل دونوں مستقیم حالت میں ہیں۔ چنانچہ دونوں ستارے مددگار ثابت ہونگے اس وقت کی مناسبت سے ایک سادہ اور آسان جفری عمل پیش کر رہا ہوں۔ یہ عمل ان ملازمین کو مدد دے گا جن کے بارے یا دوسرے مقاصد کے لیے مندرجہ بالا سطور میں روشنی ڈالی گئی ہے۔ یعنی جن کی ملازمت کو خطرہ ہے۔ ادائیگی قرض میں مشکل ہو۔ تبدیلی ہو گئی ہو یا حسب منشاء کروانے کا ارادہ ہو۔ افسران کی تسخیر ہو یا ترقی رُکی ہوئی ہو۔ ایسے تمام احباب جو کسی بھی قسم کی پریشانی میں مبتلا ہوں۔ وہ اس عمل کی روحانیت سے کام لے سکتے ہیں۔ اس عمل میں ایک یہ بھی خوبی ہے کہ اگر کوئی شخص بحالت مجبوری خود نہ کر سکتا ہو وہ دوسرے کسی عامل یا روحانی بزرگ سے اپنے لیے کروا سکتا ہے جیسا کہ اس کی تفصیل آئندہ سطور میں قلم بند کروں گا۔

الحمد شریف وہ عظیم البرکت سورۃ ہے جس کی افادیت اور برکات و اثرات سے ہر مسلمان باخبر ہے۔ ہر نماز میں اس کا پڑھنا ضروری ہے۔ اس کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔ جماعت میں امام کا پڑھنا مقتدیوں کے لیے کافی ہے۔ مگر بعض فقہا نے فرمایا کہ ہر نمازی کو پڑھنا چاہیے۔ یعنی امام کا پڑھنا سب کے لیے کافی نہیں یہ تو فقہا اور مفتیان دین کے مسائل ہیں میں تو یہاں عمل کا طریقہ کار بیان کرنا چاہتا ہوں۔ بعض مفسرین نے اسے مکی مانا ہے بعض نے مدنی۔ اور بعض نے اس کا نزول دو دفعہ یعنی پہلے مکہ میں پھر مدینہ شریف میں مانا ہے۔ اس سورت میں سات حروف ہیں یعنی (ث، ج، ز، ش، ظ، ف، خ) انہیں حروف سواقط کہتے ہیں۔ ان کے کل اعداد ۲۱۹۰ ہیں۔ اس سورت مبارکہ میں سات آیتیں ہیں اور نام بھی مفسرین کے نزدیک سات ہیں۔ (۱) فاتحہ (۲) سبع الثانی (۳) ام الکتاب (۴) ام القران (۵) سورۃ مغفرت (۶) سورۃ رحمت (۷) سورہ الثانیہ۔ امام ناصر عیسیٰ فرماتے ہیں کہ اس میں سات آیات ہیں اور انسان کے جسم میں سات عضو بڑے ہیں۔ اس کو پڑھنے والوں کے ساتوں عضو دوزخ سے محفوظ ہوتے ہیں۔ اس سورت میں اکیس حروف باقی ہیں۔ جن کے مجموعی اعداد ۳۶۰۵ ہیں۔ کل ابجد کے حروف کے اعداد ۵۹۹۵ ہیں۔ سواقط کے اعداد ۲۳۹۰ نفی کریں تو باقی ۳۶۰۵ رہیں گے۔ ان اعداد کو مثلث خالی البطن میں پُر کیا۔ درمیان کے خالی خانہ میں سورۃ زلزال کی پہلی آیت اثقالھاo تک تحریر کریں اور نیچے اپنا مقصد واضح تحریر کریں۔ اس نقش میں تبدیلی بالکل نہ ہوگی۔ بالکل اسی طرح استعمال کرنا ہے۔ اس نقش کو وقت مقررہ پر لکھ کر خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے سائل اپنے بازو پر باندھے۔ اور تین ہزار چھ سو پانچ (۳۶۰۵) مرتبہ الحمد شریف پڑھے۔ جیسا کہ میں نے سابقہ سطر میں لکھا ہے کہ یہ پڑھائی دوسرے شخص سے بھی کرائی جا سکتی ہے۔ اس میں احتیاط یہ کرنی ہے کہ جب ایک ہزار بار الحمد شریف پڑھی جائے تو تین مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے۔ اس طرح چھ سو پر پھر پانچ پر اسی طرح تین مرتبہ میں ۱۸ مساکین کو کھانا کھلانا چاہیے۔ کھانے میں میٹھی چیز ہونا لازمی ہے۔ الحمد شریف کی تعداد جتنے دنوں میں پوری کریں۔ آپ کی مرضی ہے لیکن اس بات کا خیال رہے کہ اس دوران ناغہ نہ ہو۔ اگر ناغہ ہو گیا تو عمل باطل ہو جائے گا۔ یہ عمل واسطے جملہ مقاصد کے لیے بے حد مفید ہے۔ آپ خود کریں یا دوسرا آپ کا نام لے کر کر سکتا ہے۔ اس کا اثر کبھی ضائع نہیں جاتا۔ اللہ تعالیٰ کامیابی ضرور دیتا ہے۔ عمل پڑھنے والا کہیں ہو اور وہ شخص جس کے لیے عمل کیا جا رہا ہو کہیں ہو اس عمل سے کامیابی ضرور ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۷۸۶

جبرائیل

| | | |
|---|---|---|
| (۳) ۹۰۰ | (۸) ۲۲۰۵ | (۱) ۳۰۰ |
| (۷) ۲۱۰۵ | مقصد لکھیں نام سائل ووالدہ | (۵) ۱۵۰۰ |
| (۲) ۶۰۰ | (۴) ۱۲۰۰ | (۶) ۱۸۰۵ |

☆☆☆☆☆

الاقوال المرضیۃ
قیمت 40 روپے علاوہ محصول ڈاک

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# آکڑے میں ضروری ہندسہ

از: معصوم علی سید۔

پیارے قارئین راہنمائے عملیات سب کو سلام۔ اس مرتبہ آپ کی محفل میں آکڑے میں ہندسہ ضروری کا کلیہ لے کر آیا ہوں۔ اس کلیہ پر تحقیق کرنے کے لیے اُستاد محترم خالد صاحب نے مجھے کہا کہ کلوز کے عدد پر کام کروں اور یہ مضمون لکھوں۔ یہ سب اس ذات کا کرم ہے جس کے قبضے میں تمام خزانوں کی چابیاں ہیں۔ وہ جس پر چاہے اپنے علم کے دروازے کھول دے۔ یہ سب تمہارا کرم ہے آقا کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے۔ اس ذات پاک کا شکر ادا کرنے کے بعد میں اپنے اُستاد محترم کا شکر گذار ہوں کہ ان کا دست شفقت میرے اُوپر ہے اور بندہ اپنے آپ کو اس قابل سمجھتا ہے کہ اُستاد محترم خالد صاحب کی بتائی ہوئی کوئی ٹپ یا ان کے کہے الفاظ کے مطابق تحقیق کر کے کوئی مفید روٹین یا کلیہ لکھ سکوں جسے ہر خاص و عام استعمال کر سکے۔

اس موضوع پر لکھنے والے تمام رائٹر حضرات کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ ان لوگوں کی بے لوث محنت اور کوشش کی وجہ سے اب انعام کافی حد تک اُوپن ہو جاتا ہے۔ ہم سب رائٹر بھائی زیادہ تحقیق فسٹ ہندسے کے اوپن یا بند کرنے پر کرتے ہیں۔ اس وجہ سے کلوز، سنٹر اور چوتھا عدد بند رہتا ہے۔ میری آپ لوگوں سے گذارش ہے کہ کلوز، سنٹر اور چوتھے عدد پر بھی تحقیق کر کے یہ کلیے عام لوگوں کے لیے شائع کیے جائیں تا کہ ان سادہ لوح اور معصوم لوگوں کو بابوں اور فیکس لیٹروں سے بچایا جا سکے۔ میرے اطلاع کے مطابق 5 روپے سے لے کر 50 ہزار روپے تک کے فیکس پیپر بازار میں دستیاب ہے۔

آکڑے میں ضروری ہندسہ کا کلیہ یہ ہے کہ گذشتہ فسٹ نمبر میں سے کلوز کا عدد لے لیں۔ اسی کلوز عدد کا گھر لیں اس کی باقی لیں۔ اس طرح ہمیں 3 عدد حاصل ہو جاتے ہیں۔ جن کے بغیر آکڑہ مکمل نہیں ہوگا۔ 2004 میں یہ روٹین کامیابی سے چل رہی ہے۔ یہ روٹین ٹوٹنے کے بعد پھر چل پڑتی ہے۔

مثلاً 2 جنوری 2004 کو فسٹ لگا۔　312187

اس میں سے کلوز عدد لیا　1

کلوز کا گھر　6

کلوز کی باقی　9

حاصل اعداد　1-6-9

ان میں سے 6 کا عدد اگلے ڈرا پر فسٹ ہندسہ لگا۔

☆☆☆

15 جنوری 2004 کو فسٹ لگا۔　647006

اس میں سے کلوز عدد لیا　4

کلوز کا گھر　9

کلوز کی باقی　6

حاصل اعداد　4-9-6

ان میں سے 6 کا عدد اگلے ڈرا میں کلوز لگا۔

☆☆☆

6 فروری 2004 کو فسٹ لگا۔　863002

اس میں سے کلوز عدد لیا　6

کلوز کا گھر　1

کلوز کی باقی　4

حاصل اعداد　6-1-4

ان میں سے 6 کا عدد اگلے ڈرا میں کلوز لگا۔

☆☆☆

16 فروری 2004 کو فسٹ لگا۔　868265

اس میں سے کلوز عدد لیا　6

کلوز کا گھر　1

کلوز کی باقی　4

حاصل اعداد　6-1-4

ان میں سے 6 کا عدد اگلے ڈرا میں فسٹ ہندسہ لگا۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

☆☆☆

3مارچ 2004 کو فسٹ لگا۔ 628188
اس میں سے کلوز عدد لیا 2
کلوز کا گھر 7
کلوز کی باقی 8
حاصل اعداد 2-7-8
ان میں سے 2 کا عدد اگلے ڈرا میں فسٹ ہندسہ لگا۔

☆☆☆

15مارچ 2004 کو فسٹ لگا۔ 262069
اس میں سے کلوز عدد لیا 6
کلوز کا گھر 1
کلوز کی باقی 4
حاصل اعداد 6-1-4
ان میں سے 4 کا عدد اگلے ڈرا میں کلوز لگا۔

☆☆☆

کیم اپریل 2004 کو فرسٹ لگا۔ 548015
اس میں سے کلوز عدد لیا 4
کلوز کا گھر 9
کلوز کی باقی 6
حاصل اعداد 4-9-6
ان میں سے 4 کا عدد اگلے ڈرا میں فسٹ ہندسہ لگا۔

☆☆☆

15اپریل 2004 کو فرسٹ لگا۔ 437687
اس میں سے کلوز عدد لیا 3
کلوز کا گھر 8
کلوز کی باقی 7
حاصل اعداد 3-8-7
ان میں سے 3 کا عدد اگلے ڈرا میں کلوز لگا۔

☆☆☆

4مئی 2004 کو فسٹ لگا۔ 318499
اس میں سے کلوز عدد لیا 1
کلوز کا گھر 6
کلوز کی باقی 9
حاصل اعداد 1-6-9
ان میں سے 9 کا عدد اگلے ڈرا میں فسٹ ہندسہ لگا۔

☆☆☆

15مئی 2004 کو فسٹ لگا۔ 906624
اس میں سے کلوز عدد لیا 0
کلوز کا گھر 5
0-5اور باقی یہی اعداد ہوتے ہیں (5-5) (0-0)
حاصل اعداد 0-5
ان میں سے 5 کا عدد اگلے ڈرا میں فرسٹ لگا۔

☆☆☆

کیم جون 2004 کو فسٹ لگا۔ 530290
اس میں سے کلوز عدد لیا 3
کلوز کا گھر 8
کلوز کی باقی 7
حاصل اعداد 3-8-(7)
ان میں سے 7 کا عدد اگلے ڈرا میں فسٹ ہندسہ لگا۔

☆☆☆

15جون 2004 کو فسٹ لگا۔ 713480
اس میں سے کلوز عدد لیا 1
کلوز کا گھر 6
کلوز کی باقی 9
حاصل اعداد 1-6-9
ان میں سے 6 کا عدد اگلے ڈرا میں فرسٹ لگا۔
2جولائی 2004 کو فرسٹ لگا 671530

☆☆☆☆☆

بانڈ ریس اور لاٹری کے نمبر
قیمت 100 روپے علاوہ محصول ڈاک

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

از: مسز میجر سید اقبال حسین کاظمی، راولپنڈی۔

# طلسم عجیب

1982 سے یہ طلسم میرے معمولات میں شامل ہے۔ والدین کی تابعداری میں فیض ہی فیض ہے۔ میرے والد ڈاکٹر رحمت حسین کاظمی یہ عمل 1942 سے کرتے آرہے تھے۔ ایک موقع پر انھوں نے مجھے بھی اس کی زکوۃ دلا دی اور آج کرم ہی کرم ہے۔

یہ نقش عزت، دولت کامیابی سے ہمکنار کرتا ہے۔ بشرطیکہ عمل کو بہت پاکیزگی سے کیا گیا ہو۔ میں مثال کے ساتھ لکھتی ہوں تاکہ سب کو آسانی ہو کیونکہ بہت سے لوگ علم جفر پر عبور نہیں رکھتے۔ طالب کے حروف کے برابر اسم الٰہی لیں۔

طالب نام: ت س ن ی م ک و ت ر

اسم الٰہی: ع ل ی ع ف و ع د ل

پھر ان کو امتزاج دیں۔ دونوں لائنوں کے حروف مکس کریں۔ پہلے اسم الٰہی کے حروف لیں اس کے بعد اسم حروف نام لیں۔

امتزاج: ع ت ل س ی ن ع ی ف م و ک ع و د ت ل ر

ان کے اعداد حاصل کیے جو 1650 بنے۔ ان اعداد کی مثلث بادی چال سے پُر کریں اور کونوں میں چاروں طرف موکل لکھ دیں جو امتزاج سے بنے تھے۔ امتزاجی حروف 3+3 لے کر جوڑ لیں تو موکل بن جائے گا۔ نقش بناتے وقت بخور لوبان برادہ سرخ سفید صندل کافور کی دھونی دے کر چاندی میں بند کر کے تعویذ بنا کر ہمیشہ اپنے پاس رکھیں۔ گنتی سے معلوم ہوا کہ کل 18 دن کا عمل ہے۔ عروج ماہ میں بدھ جمعرات یا جمعہ سے کسی دن شروع کریں اور اعداد کے مطابق (1650) مرتبہ باموکل پڑھیں۔ مثلاً **اجیبو عتل آئیل۔ یا سینائیل۔ یا عیفائیلُ یا موکائیل یا عودآئیل یا ثلرآئیلُ بحق یا علی یا عفویا عدلُ۔**

# عمل حاجت

یہ عمل تثلیث شمس وقمر میں شروع کرنا ہوگا۔ عمل کرنے سے قبل بطن کی صفائی ضروری ہے یعنی دو دن قبل ہمہ قسم کا گوشت اور بدبودار چیزوں سے پرہیز لازمی کریں۔ نماز کی پابندی کریں۔ درود شریف کثرت سے پڑھیں۔

اب تثلیث شمس وقمر والے دن سورج نکلنے سے قبل اور بارہ بجے سے پہلے پہلے آپ 360 مرتبہ سورۃ الشمس کو **قد افلح من ذکھا** تک پڑھیں (پارہ ۳۰)۔ ہر مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنا ہے یعنی 360 مرتبہ اب بعد ازاں بعد مغرب اور عشاء سے قبل 360 مرتبہ اسی طرح بسم اللہ کے ساتھ سورۃ پڑھیں اور پھر سجدہ میں جا کر 100 مرتبہ المددی المددی پڑھیں پھر سر اُٹھا کر آسمان کی طرف دیکھ کر دعا مانگیں۔ اب سات دن یا اکیس دن مسلسل پڑھنا ہوگا۔ پہلے دن سورج نکلنے سے قبل اور 12 بجے سے پہلے ختم کرنا ہوگا اور شام کو نماز عشاء سے قبل مگر باقی چھ دن یا اکیس دن وقت کی پابندی ہرگز نہیں ہے کسی وقت پڑھ سکتے ہیں۔

کوئی بھی عمل کرنے سے قبل آپ صدقہ اپنے وزن برابر آٹا یا گندم اور چھلکو چینی حشرات کو اور انسانوں کو آٹا دے دیا کریں اور اللہ کے نام کی چادر یا سوٹ لے کر دو نفل حاجت کے ادا کر کے دعا مانگ کر عمل شروع کیا کریں۔ پھر دیکھیں کس طرح عمل کام کرتا ہے مجھے تو آج تک مایوسی نہیں ہوئی الحمدللہ آخر میں راٹھور صاحب کے لیے کاوشوں کی دعا اور میرے والد ڈاکٹر سید رحمت حسین کاظمی کے لیے دعا مغفرت کیجئے گا۔

# ملازمت یا کاروبار کی طلب

فی زمانہ روزی کی بہت قلت ہے۔ نوجوان ڈگریاں لیے لیے پھرتے ہیں اور دھکے کھا رہے ہیں۔ لوگ بے چین فاقہ حال ہونے کے سبب گمراہی نشہ اور خودکشی جیسے کام کر رہے ہیں۔ ایسے میں جناب راٹھور صاحب کی توجہ خاص کے ساتھ اپنے والد گرامی ڈاکٹر سید رحمت حسین کاظمی کے ذاتی استعمال میں عرصہ 52 سال رہا ہے اور یہ نقش اُن پر دولت اور رزق کی فراوانی برساتا رہا ہے اُن کے انتقال کے بعد یہ عمل میرے معمولات میں شامل ہے۔ یہ عمل آپ چار رجب + 10 محرم + بارہ ربیع اولا بعد فجر۔ ہر ماہ کی نوچندی جمعرات۔ شرف قمر شرف مشتری اور شمس میں کر سکتے ہیں۔ طریقہ یہ ہے کہ اگر تاثیر عظیم دیکھنا چاہتے ہیں تو پہلے نوچندی جمعرات سے 41 دن (خواتین ناغہ شمار کر لیں)۔ مسلسل روز 3125 مرتبہ **اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھو القوی**

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

العزیز یا حی یا قیوم پڑھ لیں۔ وقت مقررہ پر باوضو بلا کام کے بخور جلا کر بعد اکتالیس دن کے کسی شرف پر چاندی، سونے یا نوٹ یا ہرن کی جھلی پر نقش لکھ لیں اور روزانہ 313 مرتبہ یہی آیت پڑھ لیا کریں۔ تمام عمل کرنے سے قبل چھ کلو چینی صدقہ حشرات کو قبرستان میں ڈال دیں اور اپنے وزن کے برابر آٹا کسی غریب کو دے دیں۔ خیال رہے کہ صدقہ کبھی کسی سید کو نہیں دیا جاتا۔ جو بھی اس نقش سے فیض اُٹھائے وہ جناب راٹھور صاحب کے لیے دعائے خیر اور میرے والد محترم سید رحمت حسین کاظمی کے لیے دعائے مغفرت ضرور کریں۔

**الله ۷۸۶ لطیف**

الله — الله

القوی العزیز یا حی یا قیوم — یا ودود یا رزاق

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۲۱ | ۳۲۴ | ۳۲۸ | ۳۱۴ |
| ۳۲۷ | ۳۱۵ | ۳۲۰ | ۳۲۵ |
| ۳۱۶ | ۳۳۰ | ۳۲۲ | ۳۱۹ |
| ۳۲۳ | ۳۱۸ | ۳۱۷ | ۳۲۹ |

☆☆☆☆☆

گذشتہ سے پیوستہ

# مدارج النبوت

تحریر: حضرت محدث دہلویؒ

اور یہ تو صحیح طور پر منقول ہے کہ یہودی نے آنحضور ﷺ پر جادو کیا تھا اور آنحضرت کی ذات اقدس میں اس کی تاثیر کا ظہور بھی ہوا تھا۔ جس کے باعث آپ کی ذات اقدس میں نسیان، تخیل اور قوت جماع کی کمزوری وغیرہ واقع ہوئی۔ حدیبیہ سے واپسی کے بعد ۶ ھ ماہ ذوالحجہ میں یہ واقع ہوا تھا اور ایک قول سے یہ تاثیر چالیس دن تک رہی۔ دیگر ایک روایت چھ ماہ اور ایک روایت کے مطابق ایک سال رہی۔ حافظ ابن حجر رحمتہ اللہ علیہ کا قول ہے کہ یہ روایت صحیح ہے اور قابل اعتماد ہے شاید جادو کا زور اور قوت چالیس دن ہی تھی۔ لیکن اول سے آخر تک اس کی علامات اور اس کی بقاء طویل عرصہ تک رہی۔ حتیٰ کہ ایک شب جب کہ آنحضور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھے تو آپ نے دعا فرمائی اور خوب دعا فرمائی۔ بعد ازاں آپ سیدہ سے مخاطب ہوئے اور فرمایا عائشہ! تم کو علم ہونا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے جواب بھی عطا فرمایا ہے اور جس بارے میں سوال عرض کیا تھا وہ قبول کر لیا گیا ہے۔ فرمایا کہ میرے نزدیک دو شخص آئے۔ ایک میرے نزدیک بیٹھ گیا اور دوسرا میرے پاؤں کی طرف رہا۔ ایک نے دوسرے ساتھی سے کہا کہ کیا کیفیت ہے اس شخص کی اور اس کو کس قسم کا درد ہے۔ اس نے جواب دیا کہ یہ سحر زدہ ہے۔ اس نے پھر پوچھا کہ اس پر کس نے سحر کیا ہے تو دوسرے نے جواب میں کہا لبید ابن اعصم یہودی نے کیا ہے۔ پھر اس نے پوچھا کہ کس چیز میں جادو کیا ہے؟ اس نے جواب دیا کنگھی اور ان بالوں پر جادو کیا ہے جو کنگھی کرتے ہوئے نیچے گرتے تھے۔ دعائے شگوفہ نخل میں درج ہے کہ پھر پوچھا وہ کہاں پر رکھے ہیں۔ تو اس نے جواب دیا کہ ذروان کے کنویں میں رکھے ہیں اور آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ کنواں مجھے دکھایا بھی گیا ہے اس کنویں کے پانی کا رنگ سرخ تھا۔ جیسے پانی میں مہندی گھولی ہوئی ہوتی ہے۔ اور اس کنوئیں کے ساتھ جو کھجور کے درخت ہیں ان کے سر شیاطین کے سروں کی طرح ہیں۔ بعد ازاں اس کنویں سے جادو والی اشیاء کو باہر نکالا گیا۔ اس طرح صحیحین میں روایت کیا گیا ہے۔ بخاری شریف میں ہے کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یا رسول اللہ! جس آدمی نے یہ عمل کیا ہے اس کو آپ ظاہر کیوں نہیں فرما دیتے۔ اور آپ اس کو ذلیل کیوں نہیں کرتے۔ آپ نے فرمایا بھلا معلوم نہیں ہوتا کہ میں کسی کی برائی عوام میں نشر


# الاقوال المرضیة

☆ "الاقوال المرضیة فی معرفة الاعمال الرملیة" علم رمل پر ایک لاجواب کتاب ہے جسے محمد الزناتی الفلکی نے تحریر کیا۔ راٹھور پبلشرز کے زیر اہتمام علم الرمل کے موضوع پر اس کتاب کا عربی سے اردو میں ترجمہ کروا کر شائع کیا گیا ہے۔ ایک طویل عرصے کے بعد شائقین رمل کے سامنے نئے امور آئے ہیں۔ ورنہ ان کو پرانی کتابوں سے نقل شدہ مضامین ہی پڑھنے کو ملتے تھے۔

قیمت 40 روپے علاوہ محصول ڈاک

کروں۔ اللہ رب العزت نے مجھے تندرستی عطا فرمائی۔ اب مجھے کسی سے کیا غرض ہے کہ اسے ظاہر کر کے اس کے بدعمل کی تشہیر کروں۔

بیہقی اور دلائل نبوت میں ضعف سند کے ساتھ ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث بیان کی گئی ہے کہ لوگوں کو اس کنویں میں وتر (کمان کا چلہ) ملا۔ اس میں گیارہ گرہیں تھیں۔ اور سورۃ فلق اور سورۃ الناس کا نزول ہوا۔ ان کی ایک آیت کی تلاوت کے ساتھ ایک ایک گرہ کھلتی جاتی تھی۔ دیگر ایک روایت میں آیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت علی اور حضرت عمار رضی اللہ عنہما کو اس کنویں کی طرف بھیجا وہاں ان کو کھجور کی ایک کونپل ملی۔ جسے گیارہ گرہیں دی ہوئی تھیں۔ فتح الباری میں روایت ہے کہ ایک آدمی کو کنویں میں اتارا گیا اس نے وہاں کھجور کی کونپل پائی۔ اس میں آنحضور کی تشبیہ بنائی گئی تھی۔ اس میں سوئیاں چبھوئی گئی تھیں اور گیارہ گرہیں بھی دی گئی تھیں۔ اور ایک ڈورے کے ساتھ باندھی ہوئی تھی اس وقت جبرائیل علیہ السلام معوذتین لے کر آئے جن میں ہر گرہ کے لئے ایک آیت تھی یعنی اس کو پڑھتے جاتے تھے اور گرہ کھولتے اور سوئی نکالتے جاتے تھے۔ جب سب سوئیاں نکال لی گئیں تو درد سے سکون ہوا آرام اور راحت حاصل ہوگئی۔ ان دونوں میں کل گیارہ آیات ہیں۔ ہر آیت کے پڑھنے پر ایک گرہ کھل جاتی تھی۔

اس بارے میں صوفیائے کرام کا قول ہے کہ اس جادو کے واقعہ میں آنحضرت ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے حکم کے سامنے تسلیم وتفویض کی راہ پر عمل فرمایا تھا۔ اور اس مصیبت پر آپ صبر فرما کر اللہ تعالیٰ سے اجر کے جویاں ہوئے تھے۔ اس کو طول ہوا اور اس طوالت سے یہ خدشہ لاحق ہوا کہ کہیں دعوت وتبلیغ اور توجہ الی اللہ میں سستی نہ غالب آجائے تو آپ نے اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائی۔ اس کے نتیجہ میں آپ کو حسی اور روحانی علاج کے ذریعے دوا اور علاج کرنے کی بشارت ہوئی۔ روحانی علاج کی خاطر معوذتین کا نزول ہوا اور حسی علاج آپ نے اپنے سر اقدس پر پچھنے لگوانے سے کیا۔

صاحب سفر السعادۃ کا یہ قول ہے کہ دین وایمان سے محروم شخص بالیقین ایسے علاج سے انکار ہی کرے گا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ وہ کہے گا کہ پچھنے تو از قبیل استفراغ ہے۔ اسے جادو سے کیا تعلق ہو سکتا ہے اور یہ جادو کا دفعیہ کیسے کر سکتے ہیں؟ ان کا جواب یہ ہے کہ کافر طبیبوں میں سے مثال کے طور پر اگر جالینوس یا ارسطو وغیرہ یہ علاج نقل کرتے اور اس کی تجویز کرتے تو یقین ہے کہ وہ اس سے انکار نہ کرتے۔ یعنی وہ اس طرح کہتے کہ ان طبیبوں نے جب اس کا حکم کیا ہے تو لازماً اس میں بھی کوئی حکمت ہوگی۔ جب کہ ان کی یہ ہی بات جناب رسول اللہ ﷺ کے حق میں کہنا انسب واولیٰ ہے حالانکہ اس کے بعد آنحضرت ﷺ نے پچھنے لگوانے کا فائدہ اور جادو کے ازالہ میں عقلی حکمت کا بھی اشارہ فرما دیا تھا۔

جواب میں انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ جادو کا اثر سر مبارک میں بھی پہنچ چکا تھا۔ مراد یہ ہے کہ اس کا اثر قوائے دماغ میں بھی ہو چکا تھا۔ کیونکہ آپ نہ کئے ہوئے کام خیال فرمانے لگ گئے تھے۔ جیسے کہ وہ کر لیا ہوا ہے۔ جادوگر کی طرف سے آپ کی طبیعت اور دموی مادہ پر تصرف تھا۔ حتیٰ کہ اس مادہ نے دماغ کے مقدم حصہ پر غلبہ پالیا تھا اور طبیعت اصلیہ سے اس کا مزاج بدل گیا۔ کیونکہ جادو مرکب ہوتا ہے ارواح خبیثہ مثلاً جن وشیاطین اور خبیث نفوس بشریہ انفعال قوائے طبیعہ بدنیہ کی تاثیر وغیرہ سے چونکہ جادو کا اثر بدن اور روح حیوانی میں ہوتا ہے اور یہی اس کا مقام ہے۔ اس کی تاثیرات کے انہضام کے بعد جوف قلب سے ایک رضیف قسم کا بخار بطون دماغ کی طرف اٹھتا ہے اور دماغی قوتوں میں حائل ہو جاتا ہے اور اس جگہ کو جادو سے سحر زدہ کر دیتا ہے اور طبیعت اصلیہ سے خارج کر دیتا ہے۔ اور فرمایا گیا ہے کہ جادو سے ضرر رسیدہ مقام پر پچھنے لگوانا غایت حکمت پر مبنی ہے اور بڑا بہتر علاج ہے۔

چند مبتدعین آنحضور ﷺ کی ذات اقدس پر جادو کی تاثیر کے اس واقعہ سے انکار کرتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ یہ بات آنحضرت کے علو مرتبہ جلیلہ رفیعہ کے تنزل کا باعث اور آپؐ کی نبوت میں شک کا موجب ہے۔ اور اس طرف لے جانے والی ہر بات باطل ہے اور شریعت مطہرہ پر عدم اعتماد کا باعث ہے کیونکہ اس تقدیر پر یہ بھی احتمال ہو سکتا ہے کہ آنحضرتؐ نے سوچا ہو کہ جبرائیل علیہ السلام کو دیکھا ہے لیکن وہ جبرائیل نہ ہوں۔ آپ نے خیال کیا ہو کہ وحی نازل ہوئی ہے جب کہ اصلاً اس طرح واقع نہ ہوا ہو۔ نیز یہ کہ ناقص اشخاص پر جادو کا اثر ہو سکتا ہے اور ارباب کمال اس کے اثر سے وراء ہیں۔ یہ سب باتیں ان مبتدعین کی مردود ہیں کیونکہ حضور ﷺ کے نبوت کے دعویٰ کی تصدیق وحقانیت پر برہان قائم ہو چکا ہوا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی جانب سے بذریعہ تبلیغ جو کچھ بھی آنحضور نے لوگوں تک پہنچائے ہیں اس پر معجزات باہرہ گواہ ہیں۔ اور جن باتوں کا تعلق امور دنیا سے ہے اور جن کی جانب آپ کی بعثت نہیں ہے وہ باتیں احاطہ رسالت آنجناب سے باہر ہیں۔ جیسے کہ کوئی بیماری وغیرہ۔ تو یہ بعید از امکان نہیں ہے کہ ان دنیاوی چیزوں کی طرف آپ نے خیال فرمایا ہو کیونکہ درحقیقت یہ امور عصمت آنجناب اور امور دینیہ میں شمار نہیں ہیں۔ اور اس پر یہ لازم بھی نہیں آتا کہ آپ نے جس کام کے کر لئے ہوئے ہونے کا گمان کیا ہو جب کہ اسے نہ کیا ہو پھر بھی اس کے کیا ہوا ہونے پر یقین کر لیا

ہو۔ بلکہ یہ تو جنس خاطر سے ہے کہ متعدد کا لہو ہوتا ہے اور وہ برقرار اور قائم نہیں رہتے لہٰذا ملحد لوگوں کو اب اس پر مزید کوئی دلیل یا حجت باقی نہیں۔ بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ سرور کائنات ﷺ کے متعلق اخبار میں کوئی خبر اس قسم کی نقل میں نہیں آئی کہ آپ نے حقیقت کے خلاف کبھی بھی کچھ ارشاد فرمایا ہو جو خلاف واقع ہو۔

جہاں تک مبتدعین کی اس بات کا تعلق ہے کہ یہ انحطاط اور منقصت کا باعث ہے یہ حقیقت نہیں ہے کیونکہ حضور ﷺ کی ذات اقدس میں صحت کی تاثیر کا اظہار آپ کے دلائل نبوت اور صدق رسالت کا حصہ ہے۔ وجہ یہ ہے کہ کافر آپ کو ساحر کہتے تھے۔ اور یہ مسلمہ امر ہے کہ ساحر کی ذات پر جادو کا اثر نہیں ہوتا اور آنحضرت ﷺ کی ذات اقدس پر سحر کا اثر اور اس کے ظہور میں یہی حکمت اور مصلحت ہے۔ نیز انہوں نے جو کہا ہے کہ جادو کا اثر ناقصوں پر ہوتا ہے۔ یہ قاعدہ یا کلیہ تو نہیں ہے یہ بھی تو ممکن ہے کہ کسی حکمت و مصلحت کے باعث کاملین پر بھی جادو کا اثر ظہور کرے۔ اس ضمن میں احادیث صحیح آ چکی ہیں ان سے انکار ناممکن ہے (واللہ اعلم)۔

جان لیں کہ حضور ﷺ کے رقایہ اور تعویذات بہت سے ہیں اس کتاب کی قوت اور راقم الحروف (شیخ عبدالحق) کے حصر واحاطہ سے باہر ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم نے آغاز میں ہی امراض کو شمار کرنے پر اجمالی طور پر اکتفاء کیا ہے۔ پھر بھی وہ طبیعت جسے برکت کی خواہش ہوتی ہے وہ اس سے مطمئن نہیں ہوتی۔ لہٰذا یہ قرار پایا ہے کہ جملہ ابتلاء اور مصائب میں سے صرف کثیر الوقوع کے بارے میں چنداں اقتباس برائے برکت و تیمن ذکر میں لائیں (واللہ التوفیق)

## تمام امراض وابتلاء اور نظر بد کے متعلقہ رقایا

سب سے زیادہ مشہور رقیہ نظر بد کے متعلق ہے۔ اس کے رقیہ ہائے بہت ہیں اس کے لئے اور تمام امراض وابتلاء اور آفات کے لئے افضل ترین رقیہ سورہ فاتحہ معوذتین آیۃ الکرسی کی قرأت اور یہ دعا ہے۔ اذھب الباس رب الناس واشف انت الشافی لا شفاء الا شفاء ک شفاء لا یغادر سقما حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی یہی دعا کلیۃ جملہ بیماریوں، خدشات اور دردوں وغیرہ میں ہوتی تھی۔

انہی میں سے ایک دعا یہ بھی ہے:۔ اعوز بکلمات اللہ التامات من غضبه و عقابه و شر عباده و من همزات الشياطين و لن يحضرون اس کے علاوہ ایک دعا یہ ہے۔ اللهم انی اعوذ بک بوجهک الکریمه و بکلمتک التامات من شر ما اللهم انت تکشف لا ثم و العزم اللهم لا یهزم جندکو لا یخلف و عدی سبحانک و بحمدک.

ایک دعا یہ ہے۔ اعوذ برحمته الله العظیم الذی لیس شئی اعظم منه و بکلمات الله التامات التی لا یجاوز هن برولا فاجر و باسماء الله الحسن ما علمت منها و ما لم اعلم من شر ما خلق و نرا و ما برا و من شر کل ذی شر لااطبق شر مومن کل ذی شربی اخذبنا صبة لن ربی علی صراط المستقیم

اس کے علاوہ ایک دعا یہ ہے۔

اللهم انت ربی لا اله الا انت علیک توکلت و انت رب العرش العظیم ماشاء الله کان و مالم یشالم بکن و لاحول ولا قوة الا بالله اعلم لن الله علی کل شئی قدیر و انالله قد احاط بکل شئی علماء احصئی کل شئی عدد اللهم انی اعوذ بک من شر نفسی و من شر الشیطان و شرکه و من شر کل دابة انت اخذ نا صیتها لن ربی علی صراط المستقیم

ایک دعا یہ بھی ہے۔ تحضنت بالذی لا اله الاهو الٰهی و اله کل شئی و به هو ربی ورب کل شئی و توکلت علی الحی الذی لا یموت و استد فعت الشر و لا حول ولا قوت الا بالله حسبی الله و نعم الوکیل حسبی الرب من العباد حسبی الخالق من المخلوق حسبی الرزاق من المرزوق حسبی الذی هو حسیبی حسبی الذی بیده ملکوت کل شئی و هو یجیر و لا یجار علیه حسبی الله و کفی سمع الله ملن دعی لیس وراء الله مرصی حسبی الله و کفی سمع الله لمن دعی لیس وراء الله مرصی حسبی الله لا اله ما لا هو علیه توکلت و هو رب العرش العظیم.

جملہ دعاؤں میں ایک دعائے جبریل ہے۔ اس کو انہوں نے آنحضور ﷺ کے لئے پڑھا تھا۔ یہ دعا صحیح مسلم میں ثابت ہے۔ بسم الله ارقیک من کل شئی یئونیک و من شر کل نفس او عین حاسد الله یشفیک بسم الله ارقیک رقبته و جمع جسد.

مسلم شریف میں عثمان بن العاص رضی اللہ عنہ کی روایت ہے۔ ان کو جو بدن میں درد تھا اس کی شکایت انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں پیش کی

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

اور بعد ازاں مسلمان ہو گئے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا' بدن کے جس مقام پر درد ہے اسے پکڑلو اور تین مرتبہ بسم اللہ اور سات مرتبہ اعوذ بعزۃ اللہ و قدرتہ ومن شر اجدو احادک پڑھ کر دم کرو۔

## ڈر خوف اور نیند نہ آنے کی دعاء

حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے رات کو بے خوابی اور ڈر لگنے کی شکایت آنحضرت ﷺ سے عرض کی۔ کہ یا رسول اللہ! ساری رات مجھے نیند نہیں آتی آپ نے ارشاد فرمایا سونے کے لئے ارادہ کرتے وقت یہ دعا پڑھ لیا کرو۔ اللھم رب السمٰوات السبع وما اظلت و رب الارضین و فما قلت و رب الشیاطین وما اضلت کن لی جارا من شر خلقک کلھم جمیعا لن یفرط علی احد منھم او ینبغی عز جارک و جل ثناء ک و لا الہ غیرک ۔

## دعا برائے کرب وغم

ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ دعا کرب اور بے چینی و بیقراری کے وقت پڑھی جائے۔ لا الٰہ الا اللہ العظیم الحلیم۔ لا الٰہ الا اللہ رب السمٰوات والارض و رب العرش الکریم (رواہ شیخان)

ابوداؤد میں روایت ہے سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ ﷺ نے دعوت الکروب میں ارشاد فرمایا۔ اللھم رحمتک ارجو افلا تکلنی الی نفسی طرفۃ عین و اصلح لی شانی کلہ لا الٰہ الا انت اور مسند امام احمد میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو کوئی آدمی یہ دعا پڑھے گا اس کو ہرگز حزن وغم نہ ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے۔ اللھم انی عبدک و ابن عبدک و ابن امتک ما ضیق بیدک ماضی فی حکمک عدل فی قضاء کاسئلک بکل اسم ھو لک سمیت بہ نفسک او انزلتہ فی کتابک او علمتہ احد من خلقک و استاثرت بہ فی علم الغیب عندک ان تجعل القرآن العظیم ربیع قلبی و نور صدری نحزنی و زاب حسبی رب تعالیٰ اس کے حزن وغم کو دفع کردے گا اور اس کی بجائے فرحت اور کشادگی عطا کرے گا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ہمیشہ توبہ اور استغفار کرنے والے شخص کے رنج وغم کو اللہ تعالیٰ خوشی سے بدل دے گا اور ہر قسم کی تکلیف سے اس کو چھٹکارا عطا کردے گا۔ اور اس کو اس جگہ سے رزق عطا فرمائے گا جس کا اسے گمان تک نہ ہوگا۔

لاحول ولاقوۃ

یہ بھی ابن عباس رضی اللہ عنہ کی ہی روایت ہے کہ غم وتفکرات میں مبتلا شخص کو لاحول ولاقوۃ الا باللہ کے ہمراہ ہر دفعہ ایک فرشتہ نازل ہوتا ہے اور وہ صحت مندی لے کر آتا ہے۔ اور بقول مشائخ عظام کوئی چیز اس عمل سے زیادہ مدد گار نہیں ہے۔ سورۃ بقرہ کی آخری آیات اور آیۃ الکرسی: حدیث میں وارد ہوا ہے کہ جو شخص مصیبت یا سخت حالات میں آیۃ الکرسی اور سورہ بقرہ کی آخری آیات پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کا فریادرس ہوگا۔

## ایک مکمل اور جامع دعا

حدیث سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ اس میں ہرگز شک نہیں ہے اور مجھے بالیقین اس کلمہ کا علم ہے کہ جو ہر مصیبت زدہ شخص کے لئے مفید ہے وہ کلمہ میرے برادر یونس علیہ السلام کا لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین ترمذی شریف میں وارد ہوا ہے کہ آنحضرت کا ارشاد ہے کہ ایسا مسلمان شخص کوئی نہیں جو اپنے مصیبت کے وقت یہ دعا پڑھے مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کو لازماً قبول فرماتا ہے۔ لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین۔ علاوہ ازیں یہ دعا بھی مروی ہے: اسئلک تمام العافیہ و اسئلک نام العافیہ و اسئلک الشکر علی العافیہ و اسئلک عن الناس و لا حول و لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

رقیہ فقر: اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت میں دعائے فقر آئی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ! دنیا نے مجھ سے منہ موڑ لیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ملائکہ کی دعا تجھ سے کہاں چلی گئی اور تسبیح کہاں گئی جس کے باعث فرشتوں کو رزق دیا جاتا ہے۔ آپ نے فرمایا اسے طلوع فجر کے موقع پر ایک سو دفعہ پڑھا کرو۔ سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم و بحمدہ استغفر تمہارے پاس ذلیل اور پست ہو کر دنیا حاضر ہوگی۔ وہ شخص چلا گیا۔ اور مدت تک پھر نہ آیا اس کے بعد جب وہ آیا تو اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! دنیا اس قدر میرے پاس آچکی ہے کہ میں نہیں جانتا کہ کہاں اس کو رکھا جائے۔

(جاری ہے)

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

# کبریت احمر

از: ڈاکٹر عطاالحسن عظیمی عظیم۔

اللہ کے نام سے شروع جو واحد عظیم رحمٰن ورحیم ہے۔

طویل عرصہ بعد دوبارہ دوستوں کی محفل میں حاضر ہوں۔ گر قبول افتدز ہے۔

میرے دوستو میں دنیا دار انسان ہوں مگر کوشش کرتا ہوں کہ تمام دنیاوی فرائض منصبی ادا کرتے ہوئے اللہ سے رابطہ رہے۔ اور اس کا واحد ذریعہ مخلوق اللہ کی خدمت ہے۔ اور یہی مقصد مجھے علم جفر اور دوسرے علوم مخفی کی طرف لے کر آیا۔ اب یہی علوم میری خدمت خلق کا ذریعہ اور میرا اوڑھنا بچھونا ہیں اور انہی علوم پر تحقیق اور خدمت کرنے سے میری پاکستان بھر میں پہچان ہے۔

میرے دوستو! آج فی زمانہ دو مرض نہایت عام ہیں ایک محبت اور دوسرا بیروزگاری اور یہی دونوں چیزیں ہی انسان کو اللہ سے دور کر رہی ہیں۔ اسی چیز کو مدنظر رکھتے ہوئے دردمندوں کی خدمت میں جو درنایاب پیش کرنے جا رہا ہوں وہ اللہ تعالیٰ کے پاک کلام کا ایک بے نظیر عمل ہے اور گم گشتہ راہوں کے متلاشیوں کے لیے مشل راہ نما ہے۔

بزرگوں نے اس درنایاب کو ان الفاظ میں زینت دی ہے کہ منجملہ و معتبر ختموں کے جو مشہور اور معتمد اول ہیں عملا فضلا و مجتہدین دین و کملاء میں مشہور، مروج و معمول ہے یہ ہے اور کبریت احمر یعنی سرخ گندھک کے موافق نایاب ہے۔ اس کی تاثیر میں فرق نہیں ہوتا اور نالائق ترین داعی بھی اس کے فوائد سے ضرور بہرہ مند ہوتا ہے۔ یہ سورہ اخلاص کا ختم ہے۔ اس ختم کو ختم الم نشرح اور ختم الحمد بھی کہتے ہیں اور یہ ختم تمام ختموں کا سردفتر ہے۔ اس کو فضیلت اور مرتبہ تمام ختوم پر حاصل ہے اور ہر ایک قسم کی مراد مطلب اور حاجات کے لیے مجربات سے ہے۔ خصوصا رزق، افزونی مال، مطالب دنیاوی اور غایات اُخروی کے لیے نہایت مجرب ہے اور مجمع کثیر نے اس کے تجربہ کا اعادہ کیا ہے۔

طریقہ عمل اس طرح ہے کہ داعی و عامل غسل کر کے لباس پاکیزہ پہن کر خلوت و تنہائی کے مقام پر بیٹھے اور کسی سے کلام نہ کرے اور دائیں ہاتھ کی چھنگلی کے ساتھ والی انگلی میں عقیق یمنی یا فیروزہ کی انگوٹھی پہنے اور کسی سے کلام نہ کرے اور دو رکعت نماز نفل برائے حاجات ادا کرے بعدہ

(1) ۱۹۰۰ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا ورد کرے۔

(2) سات مرتبہ سورہ الحمد شریف پڑھے۔ (3) سو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ (4) اناسی (۷۹) مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھے۔ (5) ایک ہزار دو مرتبہ سورہ اخلاص۔ (6) سو مرتبہ درود شریف اور آخر میں۔ (7) سات مرتبہ الحمد شریف کا ورد کرے۔

اور فوراً بعد سجدہ میں جا کر قاضی الحاجات سے جو طلب کرنا ہے کر لے دوران عمل اچھے بخور سے جائے عمل مہکتا رہے۔ بعض علمائے کرام کا تجربہ یوں ہے کہ سورہ فاتحہ کو ستر مرتبہ ورد کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فی الفور حاجت پوری ہوگی۔ بعض علما اس ختم کو ختم مقیدہ میں شمار کرتے ہیں روز پنجشنبہ (جمعرات) کی صبح بعد نماز فجر شروع کرنا چاہیے۔

یہ عمل کم و بیش تین گھنٹہ میں مکمل ہوتا ہے اور اس کے پڑھتے وقت پڑھائی کی زیادتی اور وقت کے طویل ہونے سے رنج و ملال دل میں نہ لائے کہ گنج بے رنج حاصل نہیں ہوتا اور گل بے خار چھپے نہیں ملتا۔ یکسوئی اور شوق کے ساتھ عمل پڑھے۔ بعض علما اور یہ احقر عطاء الحسن عظیمی عظیم اس کبریت احمر کے واسطے وقت کا قدغن نہیں لگاتے کہ فلاں روز سے شروع کیا جائے یا فلاں وقت شروع کیا جائے جس وقت دل چاہے یہ دعوت ادا کرے اور اسے حی و قیوم سے حاجات طلب کرے اور اپنا دامن گوہر مراد سے بھر لے۔ اس عمل میں وقت کی قید نہ رکھنا صرف اضطراری حالت کو مدنظر رکھنا ہے۔ مگر ضروری ہے کہ بزرگوں کے بتائے ہوئے راستے پر چلتے ہوئے عمل کرنا فائدہ مند ہوتا ہے۔

میرے دوستو! آج میں اپنے عامل حضرات اور دوسرے دوستوں کو دعا کی قبولیت کا ایک بہترین طریقہ بتاتا ہوں جس سے انسان کو دعا میں یکسوئی حاصل ہوتی ہے اور یہ یکسوئی دعا کی قبولیت میں معاون ہوتی ہے۔ اس کا طریقہ کچھ یوں ہے کہ جو بھی دعا یا دعائیں اللہ تعالیٰ سے کرنی ہیں انہیں پہلے درخواست کی صورت میں کاغذ پر لکھ لی جائیں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے اس درخواست کو گیارہ یا اکیس مرتبہ بار بار پڑھا جائے۔ اس سے داعی کے ذہن میں اپنی حاجت کا ایک خاص پیٹرن بن جائے گا اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں یکسوئی کے ساتھ اپنی حاجات پیش کرنے میں کوئی دقت نہیں ہوگی۔

ایک بات کی اور وضاحت کر دوں کہ مندرجہ بالا دعوت عظیم میں بسم اللہ شریف کو انیس سو کی تعداد میں ورد کرنا میرا اپنا اضافہ ہے۔ اور حقیقت تو یہ ہے کہ دعوت میں اس کے اثرات بے پناہ ہیں۔ اگر کوئی صاحب نہ کرنا چاہیں تو ان کی مرضی۔ دعوت شروع کیجئے اور گوہر مراد سے اپنے دامن بھر لیجئے۔

☆☆☆☆☆

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

## علم نجوم کی روشنی میں

# آپ کا یہ ماہ کیسا گزرے گا

### عددی جدول

| | |
|---|---|
| 1 | ا،ی،ق،غ |
| 2 | ب،پ،ک،گ،ر،ڑ |
| 3 | ج،چ،ل،ش |
| 4 | د،ڈ،م،ت،ٹ |
| 5 | ہ،ن،ث |
| 6 | و،س،خ |
| 7 | ز،ژ،ع،ذ |
| 8 | ح،ف،ض |
| 9 | ط،ص،ظ |

مثال: اکبر= ا ک ب ر =
۱+۲+۲+۲= ۷

### آپ کا برج کون سا ہے

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں
☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں ذیل میں کون سا برج آپ کا ہے۔ ☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔ ☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کردیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

### رجعت کواکب

وہ دوست جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ بھی دیں۔ عزیمت برائے رجعت و نحوست سیارگان یوں ہے۔

**يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نَحُوْسَةِ الْكَوَاكِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَ وَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ يَا اللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۔**



## برج حمل

21 مارچ تا 20 اپریل سیارہ۔۔مریخ
حروف۔۔ا،ل،ع،ی پتھر۔۔مرجان دن۔۔منگل
رنگ۔۔سرخ دھات۔۔لوہا، تانبہ عدد۔۔9

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبرز | سعد | نحس |
|---|---|---|
| 9,3,0 | 26,23,11,8 | 28,22,10,2,1 |

جاری کواکب کی پوزیشن کا جو سب سے نمایاں اثر آپ پر ہوگا۔ اس کے تحت آپ کی سوشل اور گھریلو قسم کی مصروفیات بڑھ جائیں گی۔ بہت ممکن ہے آپ بچوں کے معاملات میں دلچسپی لینا شروع کردیں یا بچے یا بچوں سے متعلق معاملات آپ کی زندگی میں اہم کردار ادا کرنے کو تیار ہو رہے ہوں۔ تاہم ماہ رواں کی 23 تاریخ کے بعد ان معاملات سے بڑھ کر آپ کو دفتری اور کاروباری مصروفیات کا بوجھ اٹھانے کیلئے تیار رہنا ہوگا۔ افسران بالا یا مجاز اداروں کی طرف سے کام کا دباؤ بڑھ جائے گا۔ حملی خواتین محتاط رہیں، گھریلو کاموں کی ذمہ داریاں یا ملازموں کے بھاگنے یا چھٹی پر جانے کے امکانات ہیں۔ وہ خواتین اور حضرات جو آرٹ کے شعبے سے متعلق ہیں ان کے لیے اس ماہ کے پہلے دو عشرے بہتر امکانات سامنے لانے یا ایسے کام کے کرنے کو جو مدتوں یاد رکھا جائے کے واضح امکانات ہیں۔

آپ کے زائچے میں زہرہ اور مریخ کی پوزیشن رشتے داروں اور ہمسائیوں سے بہتر تعلقات کا اظہار کر رہی ہے۔ وہ ہمسائے جن سے آپ کے تعلقات خراب تھے یا جو رشتے دار ناراض تھے یہ وقت ہے کہ آپ کو ان سے تجدید

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

تعلقات میں کوئی دشواری نہ ہوگی۔ آپ عورت ہو یا مرد اپنے دوستوں اور سہیلیوں کے ساتھ از سرِ نو تعلقات قائم کرنے اور گرم جوشی کے مظاہرے کا وقت ہے۔

وہ حمل مرد اور خواتین جو گھر میں ضروری مرمت یا آرائش کے خواہش مند تھے ان کو پہلے ہفتے کے اختتام کے بعد گھر اور کام کی جگہ کو بہتر بنانے کے مواقع ملیں گے۔ حمل خواتین کو اس وقت اپنی حسرتیں پوری کرنے میں کامیابی ہوگی۔ وہ حمل خواتین و حضرات جن کی ابھی شادی نہیں ہوئی یا وہ جنس مخالف کے ساتھ تعلقات میں دل چسپی رکھتے ہیں تو وہ خوش ہو جائیں۔ اس ماہ کا آخری ہفتہ اس حوالے سے آپ کو کچھ نہ کچھ خوشی ضرور دے گا۔

وہ حمل افراد جو جسمانی نوعیت کے کام کرتے ہیں انہیں ماہ رواں کی دس تاریخ کے بعد محتاط رہنا چاہیے۔ کام کے دوران حادثہ ہونے یا چوٹ لگنے کے امکانات ہیں۔ مریخی اثرات کے تحت ماہ رواں کے پہلے دس دنوں میں آپ توانائی کے اخراج پر آمادہ ہوں گے۔ کام میں طاقت اور محنت کا استعمال زیادہ کریں۔ اگر آپ کھلاڑی ہیں تو جان توڑ محنت اور جدوجہد کریں تاکہ سب پر سبقت لے جائیں۔ یہ بات صرف مرد کھلاڑیوں کے لیے ہی نہیں بلکہ خواتین کھلاڑی بھی ایسے ہی رویے کا اظہار کریں گی۔ تاہم آپ مرد ہیں یا عورت کوشش یہ کریں کہ اپنے جذبات اور توانائی کو کنٹرول کریں ورنہ اس پیراگراف کی ابتداء میں تحریر کردہ فقرے سچ ثابت ہو جائیں گے۔ حالانکہ ہماری قلبی دعا ہے کہ اللہ آپ پر اپنی رحمت نازل کرے۔ حسب گنجائش اللہ واسطے کچھ خرچ کریں۔ عاشق حضرات خاص طور پر محتاط رہیں۔ اگر آپ حمل بچوں کے ماں باپ ہیں تو ان کی حفاظت اور ان کے کھیل کود وغیرہ کی نگرانی کرنا آپ کی اولین ذمہ داری ہونا چاہیے۔ شادی شدہ حمل خواتین اور حضرات کو اپنے سسرالیوں سے معاملات طے کرتے ہوئے تحمل اور حکمت سے کام لینا ضروری ہے۔ ان کی سرگرمیوں کو مدنظر رکھیں۔



## برج ثور

21 اپریل تا 20 مئی — سیارہ۔۔زہرہ

حروف۔۔ب، د — پتھر۔۔الماس — دن۔۔جمعہ

رنگ۔۔نیلا — دھات۔۔پیتل، تانبہ — عدد۔۔6

صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبرز | سعد | نحس |
|---|---|---|
| 9,3,7 | 11,8,7,4,3 | 223,22,10,8 |

گھر میں حکم کس کا چلے گا؟ یہ سوال عموماً ثور خواتین اور مردوں کے لیے اس ماہ خاص اہمیت کا حامل ہوگا۔ وہ ثور لڑکے اور لڑکیاں جن کی پچھلے دنوں شادی ہوئی یا اس ماہ ہوگی اُن میں ایک دوسرے پر برتری کے حصول کے لیے کوششیں جاری رہیں گی۔ وہ ثور مرد جن کے بچے جوان ہو رہے ہیں یہ ماہ ان کے لیے بھی بھاری ثابت ہوگا اور بچوں کا اپنی ماں کی طرف رجحان بڑھے گا اور ثور مردوں کی اتھارٹی متاثر ہوگی۔

ثور افراد خصوصاً خواتین کو بچوں کی مصروفیات کا سامنا ہوگا۔ ثور افراد کی والدہ کی طبیعت خراب ہوسکتی ہے۔ بہتر ہوگا خاندانی مسائل کے حل کیلئے ان پر دباؤ نہ آنے دیں۔ بلکہ ایسے معاملات کو پھر کسی وقت کے لیے اٹھا دیں۔ ثور افراد ماہِ رواں کے آخری عشرے میں کسی معاشقے میں مبتلا ہو سکتے ہیں خصوصاً ایسے ثور جو طبعاً آزاد خیال اور ایسے معاملات کی تلاش میں رہتے ہیں۔

وہ ثور افراد جن کی کسی وجہ سے اولاد نہیں ہوسکی تھی، اب اس معاملے پر سنجیدہ رویہ اختیار کریں گے۔ یوں بھی ماہ رواں کے پہلے تین ہفتے اس حوالے سے اچھی خبر دے سکتے ہیں

آپ عورت ہوں یا مرد اس ماہ کے پہلے دس دن گھریلو کام کاج، گھر کے مرمت یا باغ میں گھاس کاٹتے ہوئے یا بلب یا ٹیوب ٹھیک کرتے یا کھانا پکاتے ہوئے محتاط رہیں۔ اس بات کے قوی امکانات ہیں کہ آپ اپنے آپ کو چوٹ لگوا بیٹھیں۔ اچانک حادثے اور آگ وغیرہ سے متاثر ہونے کی بھی صورت پیدا ہوسکتی ہے۔ آپ کا ذاتی سیارہ زہرہ ماہ رواں کے پہلے ہفتے میں آپ کے مالی معاملات میں کسی نہ کسی مثبت تبدیلی کا اشارہ دے رہا ہے۔ تاہم یہ ضروری نہیں کہ یہ آمدنی غیر معمولی ہو۔ بہر حال اس آمدن یا آسودگی کے ساتھ ساتھ یہ بات بھی نظر آ رہی ہے کہ آپ میں آسائشات زندگی پر رقم خرچ کرنے کی خواہش بھی زور پکڑے گی اور اگر آپ کی جیب اجازت دے تو یہ وقت اچھی اور خوبصورت اشیاء خریدنے کا باعث بن سکتا ہے۔

آپ کے روپے پیسے سے منسوب کوکب کو مجموعی حالت بہتر نہیں ہے۔ یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ آمدن نہ ہوگی تاہم یہ بات یقینی ہے کہ آمدن میں رکاوٹ ضرور پیدا ہوگی۔ جو رقم یا معاوضہ آپ آج لینے کی امید میں بیٹھے ہیں ممکن ہے دیر سے ملے لیکن یہ بات اپنی جگہ ہے کہ مل ضرور جائے گی۔ اس لیے ذہنی دباؤ کا شکار نہ ہوں اور تحمل کا مظاہرہ کریں۔ ہاں اس وقت آپ مستقبل کے حوالے سے

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

منصوبہ بندی ضروری کریں کہ ایسی صورت حال کا آپ کو بار بار شکار ہونے سے بچنے کے لیے کیا کرنا ہوگا؟ ماہ رواں کی 23 تاریخ کے بعد اپنی صحت کا خاص طور پر دھیان رکھیں۔ خاص طور پر ایسی خواتین اور مرد جو خود کام نہیں کرتے بلکہ ملازمین ان کے حکم کی تکمیل کے لیے موجود ہوتے ہیں۔ ان کو نسبتاً زیادہ مسائل کا سامنا ہوگا۔ بہر حال تمام ثور خواتین وحضرات کو اپنی غذا کے سائنسی پہلو یعنی محتاط غذا پر توجہ دینی چاہیے تاکہ صحت کے مسائل پر قابو پایا جاسکے۔

وہ ثور لڑکے یا لڑکیاں جو تعلیم کے شعبے سے منسلک ہیں ان کے لیے اچھا وقت ہے۔ بہتر تعلیمی ماحول اور سہولتوں کے میسر آنے کی توقع ہے۔ ذہنی سرگرمیوں اور بہترین ذہنی صلاحیتوں کی علامات نظر آرہی ہیں۔ تاہم ایک مشورہ آپ لوگوں کے لیے یہ ہے کہ اپنے لباس پر نظر رکھیں۔ خاص طور پر صنف نازک کو یہ بات ذہن میں رکھنا چاہیے کہ آپ معاشرے سے خوف زدہ نہ ہوں۔ اچھا اور مناسب لباس معاشرتی عزت اور وقار کا مظہر ہوتا ہے۔ نوکری پیشہ ثور مردوں اور خواتین کو گھر کے ساتھ ساتھ اپنے کیریئر کے معاملات پر ضرور توجہ دینی چاہیے۔ بلاشبہ گھر اور اس سے متعلق معاملات ہر انسان کے لیے اہم ہوتے ہیں لیکن کیریئر اور روزگار اس وقت ان سب سے نازک پوزیشن پر ہیں۔

## برج جوزا



21 مئی تا 20 جون
سیارہ۔۔عطارد
حروف۔۔ک،ق — پتھر۔۔زمرد — دن۔۔بدھ
رنگ۔۔زرد، سرخی مائل — دھات۔۔پیتل، تانبہ — عدد۔۔5

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبرز | سعد | نحس |
|---|---|---|
| 0,9,2 | 30,28,27,8 | 26,23,11,10,1 |

جوزا خواتین وحضرات کو اس ماہ کے پہلے تین دن خاص طور پر ذہن میں رکھنے چاہئیں۔ آپ کی بیوی یا خاوند اگر ناراض ہے تو اس وقت خاص طور پر 2 اگست کا وقت اس کو راضی کرنے کے لیے موزوں ہے۔ ماہ رواں کی ابتداء سے 22 تاریخ تک شمسی اثرات کے تحت آپ کے اندر اپنی زبان وبیان سے لوگوں کو متاثر کرنے کی صلاحیت جوبن پر ہوگی۔ مرد ہو یا عورت ہر جوزا فرد اپنی اس صلاحیت کو محسوس کرسکے گا۔ ماہ رواں کی 10 تاریخ تک کا وقت اس حوالے سے اہم ہے کہ آپ ہمسائیوں یا قریبی رشتے داروں کے ساتھ معاملات میں بہت زیادہ توانائی یا زور کا مظاہرہ نہ کریں۔ آپ کے الفاظ جو ضرورت سے زیادہ خود اعتمادی لیے ہوں گے۔ ان کو ضرور غلط معنی پہنائے جائیں گے۔ اس عرصہ کے دوران کسی بھی اہم معاملے پر فیصلہ خوب سوچ سمجھ کر کریں۔ کسی اڑتی اڑتی خبر یا افواہ پر یقین نہ کریں۔

ماہ رواں کا پہلا عشرہ (یکم تا دس) اس بات کا مظہر ہے کہ گاڑی چلاتے، سڑک پار کرتے یا ورزش وغیرہ کرتے ہوئے حادثے اور چوٹ کا امکان ہے۔ خاص طور پر جوان لڑکے اور لڑکیوں کو زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔

22 تاریخ کے بعد گھر کی آرائش اور ضروری مرمت کے لیے اچھا وقت ہے۔ گھر کو صاف ستھرا اور بہتر حالت میں رکھنے کی طرف رجحان رہے گا۔ اس دوران مہمان جو صاحب مرتبہ وعزت ہوں گے ان کی بھی آمد متوقع ہے۔ ظاہر ہے خاتون خانہ کی مصروفیات بڑھ جائیں گی۔ آپ عورت ہیں یا مرد اگر اس عرصہ میں آپ کا خاوند یا بیوی غیر معمولی حاکمانہ مزاج کا مظاہرہ کرے تو تھوڑی برداشت سے کام لیں۔ آپ کے لیے اس کا علاج آسان نہ ہوگا سو برداشت پیدا کریں۔

10 سے 12 تاریخ کا وقت کچھ ایسا ہے کہ جو عجب صورت حال لا سکتا ہے۔ یعنی یا تو ملنے جلنے والوں کے مقابلے میں آپ کے اندر درشتگی پیدا ہوگی یا سامنے والا ایسا رویہ اختیار کرے گا جو بدمزگی کا باعث بنے گا۔ ذرا رکیں اور دیکھیں کیا اس کی وجہ آپ یا سامنے والے کی بڑھتی ہوئی خواہش اور توقعات تو نہیں ہیں؟

11 تا 13 تاریخ کا وقت معاملات محبت کے حوالے سے مثبت ثابت ہوگا۔ اس مزاج کے حامل لڑکے لڑکیوں کو ایسے مواقع میسر ہوسکتے ہیں۔ یہ وقت اچھے لباس کے انتخاب اور سِلانے یا بیوٹی پارلر جانے یا صحت وتندرستی کے امور پر وقت صرف کرنے کے حوالے سے بھی اچھا ہے۔

15 تا 18 تاریخ کے درمیان کاروباری دنیا سے تعلق کرنے والی خواتین اور مردوں کو بزنس کے معاملات میں بحث میں نہ پڑنا چاہیے ورنہ حصول مقصد کافی مشکل ہوجائے گا۔ ملازمت پیشہ خواتین اور حضرات بھی محتاط رہیں۔

19 تا 22 تاریخ تک کا وقت سیر وتفریح کے لیے موزوں ہے۔ وہ جوزا افراد جو فنون لطیفہ سے تعلق رکھتے ہیں ان کو اپنے کاموں کے حوالے سے ذہنی منصوبہ بندی اور عمل اظہار میں کامیابی ہوگی۔ اس میں یہ ان کے لیے بہترین وقت ہے۔ معاملات محبت اور گھر میں جدید ضروریات کی تکمیل کے حوالے سے کامیابی

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

ہوسکتی ہے۔وہ خواتین جو جدید ضروریات مثلاً فریج، ٹی وی اور کیبل حاصل کرنے کی خواہش مند تھیں اب ان کی خواہش کی تکمیل ہوتی نظر آتی ہے۔عاشق مزاج لوگ اس عرصے میں زبانی محبت تک رہیں تو بہتر ہے۔یوں بھی 22 تا 24 تاریخ کا وقت ان کے لیے کوئی امتحان لاتا ہوا نظر آرہا ہے۔وہ میاں بیوی وغیرہ جن کے تعلقات باہم کشیدہ چلے آرہے ہیں ان دنوں میں محتاط رہیں۔بات زیادہ بگڑ سکتی ہے۔صرف یہی دن ہی نہیں بلکہ کم از کم 24 تا 26 تاریخ تک زبان پر قابو رکھنا ہر جوزا فرد کے لیے ضروری ہے۔ماہ رواں کے آخری دونوں درپیش صورت حال سے آپ صرف اسی وقت سرخرو ہوسکتے ہیں جب اپنی زبان دانی اور اعتماد کی صلاحیت پر یقین رکھیں۔

## برج سرطان



**21 جون تا 20 جولائی** سیارہ۔۔قمر

حروف۔۔ح، ہ　پتھر۔۔موتی　دن۔پیر

رنگ۔۔سفید، ہلکا نیلا　دھات۔۔ٹن　عدد۔۔2

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبرز | سعد | نحس |
|---|---|---|
| 4,3,8 | 26,13,12,8 | 23,22,11,10,9 |

برج سرطان کی خواتین اور مردوں کے لیے اس ماہ کے پہلے 22 دن مالی معاملات کے حوالے سے بظاہر ایک مثبت صورت حال لے کر آرہا ہے۔خواتین خانہ کو پچھلے ماہ کی نسبت اس ماہ زیادہ رقم کے حصول کی تسلی مل سکتی ہے۔ضروری نہیں یہ صرف شریک حیات کی طرف سے ہو۔افراد خانہ، اولاد یا کوئی اور رشتہ دار بھی مالی آسودگی کا باعث بن سکتا ہے۔اس طرح مرد حضرات بھی قریبی عزیزوں اور دیگر ذرائع سے آمدن کی توقع کرسکتے ہیں۔تاہم یکم تا 10 تاریخ تک کا وقت ایسا ہے جو مالی امور کے حوالے سے ایک دوسری صورت بھی سامنے لاتا ہے۔اس صورت حال کا تقاضا ہے کہ آپ ان دنوں میں کسی بھی مالی فیصلے کو بلا سوچے سمجھے نہ کریں۔خاص طور پر اگر معاملہ ادھار لینے یا روپیہ سود پر لینے کا ہے تو یہ بات آنے والے دنوں میں تکلیف دہ صورت حال سامنے لائے گی۔یوں اس عرصے میں روپیہ آنے کے ساتھ اس کے جانے اور بے مقصد خرچ ہونے کے امکانات بھی نظر آرہے ہیں۔آپ کا اگر کسی سے لین دین کا معاملہ چل رہا ہے تو

اس عرصہ میں کنٹرول رویے کے ساتھ کام کریں۔معاملے میں شدت لڑائی جھگڑے کی طرف لے جائے گی۔

22 سے ماہ کے آخر تک کا وقت آپ سے زیادہ آپ سے منسلک لوگوں کے حوالے سے اہم ہے آپ کی زندگی میں مصروفیات کا اضافہ ہوگا تاہم اس میں زیادہ حصہ آپ کی وجہ سے نہیں بلکہ آپ کے ملنے جلنے والوں کو پیش آنے والے اچانک اور غیر معمولی واقعات کی وجہ سے ہوگا۔ان معاملات کو ذہن پر مسلط نہ کریں ورنہ ڈپریشن کا شکار ہوجائیں گے۔

مجموعی طور اس ماہ برج سرطان کے افراد 2 تا 7 تاریخ سے ماہ کے آخر تک حسن اور خوبصورتی کے امور کی طرف کسی نہ کسی حوالے سے مصروف رہیں گے۔صرف خواتین ہی نہیں بلکہ سرطان مرد بھی اپنی ظاہری حالت کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دیں گے۔وہ سرطان خواتین یا مرد جن میں حسن و نزاکت کے جراثیم نسبتاً زیادہ ہیں۔وہ کپڑوں کی خریداری، میک اپ کی اشیاء، بالوں کی حفاظت اور بیوٹی پارلر سے رجوع کرنے وغیرہ جیسے امور میں زیادہ دلچسپی لیں گے۔

ماہ رواں کے پہلے تین دن اس حوالے سے بہتر ہیں کہ آپ اگر اپنے رشتے داروں یا دوستوں سے گھریلو ملاقات کے خواہش مند ہیں تو اچھا وقت بسر ہوگا۔دس تاریخ کے بعد اپنی زبان پر قابو رکھیں اور صرف وہ بات زبان سے نکالیں جو آپ واقعی کرنا چاہتے ہیں۔ورنہ بعد میں یہ کہنا کہ میرا یہ مطلب نہ تھا مفید ثابت نہ ہوگا۔سفر میں احتیاط کے عنصر کو ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔بے شک آپ وقت پر ضروری ملاقات سے محروم ہوجائیں جلد بازی سے کام نہ لیں بلکہ سکون اور تحمل سے یہ وقت نکل لینے دیں۔

20 تا 22 تاریخ کا وقت اس حوالے سے بہتر ہے کہ آپ اپنی بیوی یا خاوند کو ایک تحفہ دے کر مطمئن کرسکتے ہیں۔تحفہ کی نوعیت آپ کے اپنے اور شریک حیات کے مزاج سے مطابقت رکھتی ہو اس کا خیال بہرحال آپ نے کرنا ہے۔تاہم آمادہ فساد یا الگ ہوئے زوجین کی صلح یا مثبت فیصلہ کے لیے بھی یہ وقت بہتر ہے۔

22 تا 24 تاریخ کے درمیان اپنے ذہن کو بلاوجہ پریشان نہ کریں اور راہ چلتے ہوئے مسائل کو اپنے سر پر سوار نہ کرلیں۔آپ تمام کائنات کے معاملات تو حل نہیں کرسکتے۔بہرحال یہ وقت بلاوجہ غیر مطمئن یا پریشان کن لمحات لے کر آئے گا۔ان کا مقابلہ تحمل اور سکون سے کریں۔یہ سب مسائل وقتی ہیں۔

27 تا 30 تاریخ کا وقت دوسروں سے اپنی بات منوانے یا ان کو

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

قائل کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ اس وقت آپ کی گفتگو کرنے دوسروں کو اپنی بات کا قائل کرنے اور وقت کے مطابق مفاد اٹھانے کی صلاحیت ترقی یافتہ ہو گی۔ آپ معمولی کوشش اور توجہ سے معاملات کو اپنے حق میں موڑنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔

25 تاریخ سے ماہ کے آخر تک کا وقت مالی اور مادی حوالوں سے خاصا اہم ہے۔ اس وقت آپ اپنی محنت سے بہتر نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر کوئی غیر معمولی صورت حال پہلے سے آپ کی توجہ ہٹانے والی نہ ہو تو یہ دن آپ مکمل طور پر مالی اور مادی اپروچ پر کام کرتے ہوئے پائیں گے۔



## برج اسد

21 جولائی 20 اگست — سیارہ۔۔شمس

حروف۔۔م — پتھر۔۔یاقوت — دن۔۔اتوار

رنگ۔۔سنہرا اورنج — دھات۔۔سونا — عدد۔۔1

### صرف اس ماہ کے لیے

| منحس | سعد | لکی نمبرز |
|---|---|---|
| 22.19,12,10,8 | 26,23,11,6,5 | 4,1,7 |

ماہ رواں کی یکم تا 10 تاریخ تک آپ کی گفتگو اور بیان میں شدت پیدا ہو گی۔ آپ اپنی بات منوانے کی کوشش کریں گے اور بحث مباحثہ کو اپنے مزاج کے مطابق منطقی انجام تک پہنچانے کی طرف مائل رہیں گے۔ ہمارا مشورہ ہے کہ اپنے مزاج اور زبان پر کنٹرول رکھیں اور پٹری سے نہ اتریں۔ بہت زیادہ خود اعتمادی یا حکمرانہ طرز کا نقصان کا باعث ہو سکتا ہے۔ ہاں آپ کے اس رویے کا ایک فائدہ ضرور ہوگا اور وہ یہ ہے کہ معاشرے اور آپ کے اردگرد کے لوگ آپ کی موجودگی اور آپ کی اہمیت و طاقت سے متعارف ہوں گے۔

10 تاریخ سے ماہ رواں کے آخر تک مریخی اثرات کے تحت مالی معاملات میں برق رفتاری سے فیصلے کریں گے۔ تاہم آپ کے اس رویے کی حوصلہ افزائی نہیں کی جا سکتی۔ مالی معاملات میں آپ کا غیر ذمہ دارانہ رویہ ان امور پر جھگڑے اور بدمزگی لے کر آئے گا۔ جس کے نتیجے کے طور پر آپ کو اپنے خاندان سے الگ بھی ہونا ہوگا۔ آپ کا غیر ذمہ دارانہ رویہ اور معاملات کی چھان بین نہ کرنے کی عادت مستقبل میں آپ کے لیے مسائل پیدا کرے گی۔

7 تاریخ سے ماہ رواں کے آخر تک کا وقت ایسا ہے جس میں آپ میں رحمدلی کے جذبات آپ کے عمومی رویے کے برعکس قدرے زیادہ ہوں گے۔ سو وہ لوگ جو معاشرتی ناہمواری کا شکار ہیں یا کسی مشکل میں گرفتار ہیں ان کی مدد کا رجحان پیدا ہوگا۔ یوں بھی اس عرصہ کے دوران صدقہ خیرات کرنا عمومی حوالے سے بہتر ہے اور آپ کی ذاتی طبع کی ناہمواری کو بہتر سطح کے اندر رکھنے میں معاون ثابت ہوگا۔ صاحب حیثیت اسد عورتیں صرف شہرت کے حوالے سے ہی نہیں بلکہ خالصتاً اللہ واسطہ دوسروں کی بہتری کے امکانات کا جائزہ لیں۔

ماہ رواں کی یکم سے 25 تاریخ تک کا وقت ایسا ہے جب مادی اور کاروباری معاملات آپ کے ذہن پر طاری ہوں گے۔ نوکری پیشہ افراد کو ایک خاص طرز پر اپنی معاشی زندگی بسر کر رہے ہوتے ہیں تاہم اگر وہ حکومتی ادارے کی بجائے کسی کمپنی یا فرم وغیرہ میں ملازم ہوں تو مادی فوائد کی امید کر سکتے ہیں۔ کاروباری افراد کے لیے بھی یہ ایسا وقت ہے جب ان کو مادی معاملات کے بارے میں کھل کر مناسب لوگوں سے مشورہ اور گفتگو کرنی چاہیے۔ یہ طرز کار بہرحال مثبت نتائج ہی لے کر آئے گا۔

22 تاریخ سے ماہ رواں کے آخر تک کا وقت ایسا ہے جب آپ توقع کر سکتے ہیں کہ کوئی بیرونی ہاتھ یعنی صاحب حیثیت فرد آپ کے لیے مفید ثابت ہو گا۔ یہ آپ کا باس بھی ہو سکتا ہے اور خاندان کا کوئی بڑا بھی۔ یہ وقت ایسا ہے کہ مستقبل کے حوالے سے آپ کو چند فیصلے کرنے پڑ سکتے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو جلد بازی کی بجائے تحمل سے کام لیں۔ سامنے والی عورت یا مرد یا فرم کے ظاہر حسن اور خوبیوں پر نہ جائیں بلکہ گہرائی میں جا کر حقیقت کی تلاش کریں۔ اس وقت کئے گئے مثبت فیصلے مستقبل میں آپ کے لیے مفید ثابت ہوں گے۔

25 تاریخ سے ماہ کے آخر تک کا وقت ایسا ہے جب آپ کو اپنے آراء بہتر طور پر دوسروں تک پہنچانے کا موقع ملے گا۔ ایسی خواتین یا مرد جن کا سوشل یا سیاسی پس منظر ہے یا وہ شوبز کی دنیا میں یا ان کو تحریر و تقریر کا شوق ہے تو اس وقت ان کی سنی جائے گی۔ برج اسد کے افراد کو اس وقت سٹیج پر یا خاندانی معاملات وغیرہ میں اپنی آرا کے اظہار وغیرہ کا موقعہ ملے گا۔ اس کا مناسب استعمال آپ کی صلاحیتوں پر منحصر ہے۔ امید ہے اچھے نتائج ہی حاصل ہوں گے۔

ماہ رواں کے پہلے ہفتہ میں دوستوں کے ساتھ سیر و تفریح اور تعلقات کو بڑھانے کے مواقع ملیں گے۔ اگر آپ کے پاس وقت ہے تو ٹھیک ورنہ کچھ وقت نکال کر دوستوں سے مل لیں۔ ذہنی آسودگی اور وسعت نظر کا باعث ہوگا۔



free copy
khalidrathore.com

یکم سے 10 تاریخ کے دوران ہاتھ چلانے کی بجائے زبان اور زبان چلانے کی بجائے اشاروں سے کام لیں۔ مطلب یہ کہ لڑائی جھگڑے سے محتاط رہیں۔



## برج سنبلہ

21 اگست تا 20 ستمبر　سیارہ۔۔عطارد

حروف۔۔پ، غ　پتھر۔۔لاجورد　دن۔۔بدھ

رنگ۔۔گہرا زرد　دھات۔۔ٹن　عدد۔۔5

صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبرز | سعد | نحس |
|---|---|---|
| 0,9,5 | 23,20,19,11,8 | 26,15,10,5 |

یکم تا 10 تاریخ کا وقت کچھ ایسا ہے کہ آپ کو مخالفت اور دشمنی کے حوالے سے خصوصی راہنمائی دینا ضروری ہے۔ آپ مرد ہوں یا عورت اس عرصے کے دوران دوسرے آپ پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے کوشاں ہوں گے۔ مثلاً آپ اگر بہو ہیں تو ساس کسی نہ کسی طرح آپ کو شکست دینے میں مصروف ہوں گی اور اسی طرح سنبلہ ساس ہے تو بہو ساس پر چڑھائی کیے ہوئے ہوگی۔ بہرحال جو بھی امر ہو یہ بات واضح ہے کہ برج سنبلہ کے مرد و زن کو اس عرصے کے دوران ایک کے بعد دوسری پریشانی کا سامنا ہوگا اور نت نئے مسائل سامنے آئیں گے۔

گو ماہ رواں کی یکم تا 22 تاریخ تک شمس آپ کے زائچے میں کچھ ایسی نظرات بنا رہا ہے جو آپ میں مسائل کا ہمت کے ساتھ مقابلہ کرنے کی صلاحیت کو تقویت دیں گی۔ آپ کے اندر دوسروں کا مقابلہ کرنے اور ڈٹ جانے کے جذبات ترقی یافتہ ہوں گے۔ تاہم یہ وقت مجموعی طور پر ظاہری مخالفت کے ساتھ ساتھ سازش کو بھی ظاہر کر رہا ہے۔ سو ایک لمحے میں کسی کو مخالف سمجھ لینا اور مخالفت پر کمربستہ ہو جانا آپ کے لیے درست نہیں۔ خاص طور پر ایسے مخالفین جو صاحب اقتدار ہیں یا آپ سے اچھی پوزیشن میں ان کے ساتھ مخالفت مہنگی پڑے گی۔ یہ بات صرف مردوں کے لیے نہیں یعنی صرف کاروبار وغیرہ میں ہی نہیں بلکہ گھر کے اندر رہنے والی عورتوں کو بھی کچھ ایسے ہی حالات کا سامنا ہوگا۔

ماہ رواں کی یکم تاریخ تا 7 تاریخ کے دوران کا وقت کچھ ایسا ہے کہ آپ کے معیار زندگی اور عمومی شہرت میں بہتری اور اضافے کے امکانات پیدا ہوں گے۔ کاروباری لوگوں کو بہتر مواقع اور وسائل دستیاب ہوں گے۔ جبکہ نوکری پیشہ افراد کی ترقی یا عہدے یا مرتبے میں اضافہ ممکن ہوگا۔ افسران بالا سے حمایت ملنے کا امکان ہے۔ سو اس وقت سے فائدہ اٹھائیں۔ سنبلہ مردوں کو اس وقت عورتوں سے اور سنبلہ عورتوں کو اس وقت کے دوران مردوں سے فائدہ ملنے کا قوی امکان ہے۔

اس ماہ کی یکم تا 7 تاریخ سیر و تفریح اور رشتے داروں کے گھر آنے جانے کے حوالے سے مثبت ہے۔ اس دوران دوسروں کے ساتھ میل ملاقات بڑھے گی اور نئے نئے تعلقات قائم ہوں گے۔

10 تاریخ سے ماہ رواں کے آخر تک کا وقت ایسا ہے جب آپ کو گاڑی چلانے یا سڑک پار کرتے ہوئے دھیان کرنا چاہیے۔ راہ جاتے لڑائی مول لینے اور جان کو مشکل میں ڈالنے سے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ اگر آپ کو حادثہ پیش آیا یا جھگڑا ہوا تو ہمارے خیال میں اس میں زیادہ قصور آپ کا ہوگا۔ وہ کیوں؟ وہ اس لیے کہ آپ ہمارے منع کرنے کے باوجود اپنی حرکتوں سے باز نہ آئے اور مشکل میں پھنس گئے۔

22 تاریخ سے ماہ رواں کا آخر تک کا وقت ایسا ہے کہ وہ خواتین اور مرد حضرات جو پولیس یا کسی خفیہ ایجنسی یا تحقیقی اداروں سے منسلک ہیں یہ عام دفتروں میں ایسے کام کرتے ہیں ان کو خاص نوعیت کی ذمہ داریاں سونپی جائیں گی۔ عام سنبلہ افراد کے دیے گئے احکامات بھی دوسروں کو متاثر کر دینے والے ہوں گے۔ آپ کی ذمہ داری کی نوعیت کے لحاظ سے افسران بالا آپ کو اپروچ کریں گے۔ گھر، گھریلو عورتوں پر بھی ان کے خاوند یا گھر کے کسی بڑے کا دباؤ شدت اختیار کر جائے۔ سو اپنی طرز عمل میں محتاط رہیں۔ جلد بازی نہ کریں۔

ماہ رواں کا آخری ہفتہ اس حوالے سے اہم ہے کہ سنبلہ مرد و زن پر کسی گھریلو سازش کا انکشاف ہوگا۔ اس عرصے کے دوران خط و کتابت اور ای میل وغیرہ کے ذریعے دوسروں سے رابطہ بہتر رہے گا۔ کاروباری حوالے سے لکھے گئے خطوط بھی مثبت نتائج لائیں گے۔



## برج میزان

21 ستمبر تا 20 اکتوبر　سیارہ۔۔زہرہ

حروف۔۔ر، ت، ط　پتھر۔۔سنگ دودھیا، ہیرا　دن۔۔جمعہ

رنگ۔۔ہلکا گلابی، نیلا　دھات۔۔تانبہ، پیتل　عدد۔۔6

صرف اس ماہ کے لیے

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

| لکی نمبرز | سعد | نحس |
| --- | --- | --- |
| 3,6,0 | 26,9,8,3 | 23,22,11,10 |

ماہ رواں کی یکم تا22 تاریخ تک کا وقت کچھ ایسا ہے جو ظاہر کر رہا ہے کہ آپ کی ذاتی کاوش کی بجائے آپ کی کامیابی کی بنیادی وجہ آپ سے ملنے جلنے والے صاحب حیثیت لوگ ہوں گے۔ وہ لوگ جو معاشرے میں بہتر پوزیشن کے حامل ہیں وہ آپ کو کامیاب کرنے اور بہتر پوزیشن میں لانے کا باعث ہوں گے۔ یہ کہنا کچھ غلط نہ ہوگا کہ آپ کے دوست احباب اور آپ کے حمایتی اس وقت آپ کی زندگی میں ایک اہم رول ادا کریں گے۔

وہ میزان مرد اور خواتین جو مختلف تنظیموں اور کلبوں میں دل چسپی رکھتے ہیں۔ اُن کو لیڈر شپ اور تنظیمی معاملات کا سامنا ہوگا۔ اس عرصہ کے دوران میزان سے تعلق رکھنے والی عورتیں گھر میں برتر پوزیشن حاصل کرنے اور مالی معاملات کو کنٹرول کرنے اور گھریلو اختیارات حاصل کرنے کے معاملات میں شدو مد سے کام لیں گی۔ امید ہے بہت سی میزان خواتین اپنی اس پالیسی میں کامیاب ہوں گی۔

یکم تا7 تاریخ کے دوران کا وقت رہائشی علاقے سے ہٹ کر سیر و تفریح کی خبر لا رہا ہے۔ اس عرصہ کے دوران دوسروں سے میل ملاقات اور گھومنے پھرنے کے مواقع دستیاب ہوں گے۔ وہ میزان افراد جو باہر کے ملک میں جانے کے خواہشمند ہیں یا بیرون ملک سے تجارت کرنے یا تعلیم یا کسی بھی بیرونی فائدے کی طرف نظر لگائے بیٹھے ہیں۔ ان کو خوش ہونا چاہیے یہ وقت ان کے لیے کوئی نہ کوئی خوش خبری ضرور لے کر آئے گا۔

یکم تا10 تاریخ کا وقت اس حوالے سے اہم ہے کہ آپ اپنے دوستوں اور حمایتیوں کے بارے میں غلط اندازہ نہ لگائیں۔ ان کے کردار اور رویہ کو چھوٹی نظر سے نہ دیکھیں بلکہ ان کی اہمیت کا احساس کریں۔ ورنہ ان سے اُس حمایت کا ملنا قدرے مشکل ہو جائے گا جس کا اوپر کی سطور میں ذکر کیا گیا ہے۔ مشترکہ خاندانی نظام میں رہنے والی میزان خواتین پر خاندانی سیاست کا دباؤ زیادہ ہوگا۔ تاہم اس کو برداشت کرتے ہوئے تحمل کی حکمت عملی اختیار کریں کیونکہ دس تاریخ کے بعد معاملات کا تناؤ ختم ہو جائے گا اور معاملات آپ کے حق میں جانا شروع ہو جائیں گے۔

7 تاریخ سے ماہ رواں کے آخر تک کا وقت آپ کے سماجی اور معاشرتی رتبے میں بہتری ثابت کر رہا ہے۔ کاروباری اور مادی لحاظ سے بھی یہ ایک اچھا وقت ہے۔ اس وقت توقع ہے کہ آپ کو جنس مخالف سے مدد ملے گی۔ یعنی عورتوں کے لیے مرد اور مردوں کے لیے عورتیں فائدہ مند ثابت ہوں گی۔

10 تا31 تاریخ تک آپ کی جسمانی اور ذہنی صلاحیتیں کچھ ماند پڑ جائیں گی۔ اس کمزوری کے رزلٹ میں آپ کے وہ دشمن جو آپ شکست خوردہ دیکھنا چاہتے ہیں پوری توانائی سے مخالفت پر کمربستہ ہو جائیں گے۔ دفتروں میں کام کرنے والی عورتوں اور مردوں سے لے کر گھریلو سیاست میں ملوث خانہ دار خواتین بھی ان اثرات سے محفوظ نہیں رہیں گی۔ سو بہتر ہے کسی بھی مخالف کو آسان شکار خیال نہ کریں اور نہ ہی دشمن کو کمزور سمجھیں۔

22 تا 31 تاریخ کے دوران جدید ذرائع مثلاً انٹرنیٹ اور چیٹ (chat) وغیرہ کرنے والے افراد کے تعلقات اور نئی دوستیوں میں کافی اضافہ ہوگا۔ اس کے علاوہ پرانے تعلقات کو بحال کرنے یا تجدید تعلقات کے حوالے سے بھی یہ وقت بہتر نتائج لائے گا۔

یکم تا25 تاریخ کا وقت بہت ممکن ہے آپ پر ایسے راز آشکار کرے جن کی آپ کو توقع نہ ہو۔ آپ کے بارے میں ہونے والی چغلی اور سازش آپ پر آشکار ہو سکتی ہے۔ اس طرح دوسروں کے راز بھی آپ تک پہنچ سکتے ہیں۔ ساس بہو کے جھگڑے کے حوالے سے یہ دل چسپ وقت ہے۔



## برج عقرب

21 اکتوبر تا20 نومبر　　سیارہ۔۔ پلوٹو

حروف۔۔ ز، ض، ظ، ن　　پتھر۔۔ مرجان، عقیق سرخ　　دن۔۔ منگل

رنگ۔۔ گہرا سرخ　　دھات۔۔ لوہا، تانبہ　　عدد۔۔ 9

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبرز | سعد | نحس |
| --- | --- | --- |
| 5,0,7 | 26,23,11,8 | 20,19,10,3 |

یکم تا25 تاریخ کے درمیان کا وقت ایسا ہے جس میں آپ کو وہ دوست اور سہیلیاں مل سکتی ہیں جن سے عرصہ سے آپ کا رابطہ نہ تھا۔ اس وقت کے دوران میل ملاقات اور دوسرے لوگوں کے ساتھ فون اور ای میل کے ذریعے رابطہ بڑھے گا۔ وہ عقرب افراد جو انٹرنیٹ پر یا یونیورسٹی یا تحقیقی اداروں وغیرہ سے منسلک ہیں ان کو بحث مباحثہ اور تحقیقی نوعیت کے کاموں کے کرنے کا موقع ملے گا۔ عقرب

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

عورتیں اس عرصے کے دوران طویل گفتگو کرنے کی خواہش مند ہوں گی اور اس حوالے سے فون کی خاصی شامت آئے گی۔

یکم تا 22 تاریخ کا وقت آپ کے پیشہ وارانہ امور میں کامیابی کا اظہار کر رہا ہے۔ آپ نے اپنے شعبے میں اب تک جو محنت کی ہے کہ اب آپ کو اس کا پھل ملنا شروع ہو جائے گا۔ آپ کے ادارے کے افسران یا ذاتی بزنس وغیرہ ہے تو بزنس سے متعلقہ گاہک وغیرہ آپ کی خدمات کے معترف ہوں گے۔ یہ وقت آپ کی تنخواہ میں اضافے یا ترقی یا کامیابی کا مظہر ہے۔ اگر آپ کسی ایسے ادارے سے وابستہ ہیں جہاں ترقی کے امکانات معدوم ہیں تو پھر نئے ادارے یا ملازمت وغیرہ کا سوچنا مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ بہر حال مجموعی طور پر معاشی حوالے سے یہ وقت بہتر ہے اور اب یہ آپ پر ہے کہ آپ اس سے کتنا فائدہ اٹھاتے یا اٹھاتی ہیں؟

یکم تا 8 تاریخ کا وقت ایسے کاموں کی کامیابی سے تکمیل کے حوالے سے اہم ہے۔ جن کے بارے میں آپ نے خیال کر لیا تھا کہ ان میں صرف ناکامی ہی ہو سکتی ہے یا یہ پراجیکٹ بند کر دینا چاہیے یا اس کام سے اب کچھ حاصل نہیں ہو سکتا۔ ایسی تمام تر صورت حال کے باوجود ایک دفعہ ان دنوں میں ایسے کاموں کی تکمیل کی سنجیدہ کوشش کر دیکھیں۔ توقع ہے اگر سو فی صد کامیابی نہ بھی ہوئی تب بھی کچھ نہ کچھ مثبت نتائج کا حصول ہو ہی جائے گا۔

یکم تا 10 تاریخ تک کا وقت اس حوالے اہم ہے کہ آپ کی لاپرواہی یا معاملات کو مناسب اہمیت نہ دینا یا مخالفت پر کمر بستہ افراد پر نظر نہ رکھنا آپ کی شہرت کو متاثر کر سکتی ہے۔ اس عرصے کے دوران دفتری اور کاروباری مصروفیات بڑھ جائیں گی۔ ایسی صورت حال میں اپنے ذہن کو پرسکون رکھنے پر خاص توجہ دیں۔ اپنے افسران بالا یا ادارے کے سربراہ وغیرہ کے ساتھ گفتگو یا معاملات طے کرتے وقت تحمل اور اپنی پوزیشن کو نہ بھولیں ورنہ بد مزگی پیدا ہو سکتی ہے۔ جو بہر حال آپ کے لیے زیادہ خوش کن نتائج نہیں لائے گی۔

7 تا 31 تاریخ ان عقرب افراد کے لیے اچھی خبریں لائے گی جو بیرون ملک جانے کے خواہش مند ہیں۔ خاص طور پر عقربی خواتین اس عرصہ کے دوران باہر جانے یا کاروبار کا سوچیں تو ضرور کامیاب رہیں گی۔ بہر حال مجموعی طور پر عقرب مرد و زن کے لیے بیرون ملک کے معاملات کے حوالے سے مثبت وقت کا مظہر ہے۔

ہمارا مشورہ ہے کہ اس وقت ان تمام لوگوں سے رابطہ کریں جن سے آپ کو کسی نہ کسی طور پر مدد حاصل ہو سکتی ہے۔

25 تا 31 تاریخ کے دوران آپ کی جاب کی نوعیت تبدیل ہو سکتی ہے یا آپ کی ذمہ داریوں میں تبدیلی یا اضافہ ممکن ہے۔ یہ وقت ایسا ہے جب آپ سے اونچی کرسیوں پر بیٹھے لوگ آپ سے نئے آئیڈیا اور پلاننگ کی توقع کر رہے ہیں۔ اگر آپ کسی انقلابی تبدیلی یا مشورہ کو سامنے لانے میں ناکام رہے تو یقیناً اوپر سے ایسی تبدیلیاں اور مشورے سامنے آئیں گے۔

22 تا 31 تاریخ تک کا وقت آپ دوستوں اور میل ملاقات کے افراد کے حوالے سے متضاد صورت حال کا مظہر ہے۔ ایک طرف تو آپ حصول کامیابی اور اپنے قدم مضبوطی سے جمانے کے لیے عزیز و اقارب اور دوستوں کا سہارا حاصل کر پائیں گے اور دوسری طرف آپ کو ان لوگوں سے گفت و شنید اور معاملات طے کرتے ہوئے ایسے رویے کو اختیار کرنا ہوگا جو ان کو آپ کی حمایت کی بجائے مخالف سے آمادہ ہونے سے باز رکھے۔ کوشش یہ کریں ان کی بات سنیں اور ان کی اچھی طریقے سے دیکھ بھال کریں تو زیادہ مسائل پیدا نہ ہوں گے۔

## برج قوس



21 نومبر تا 20 دسمبر　　سیارہ۔۔ مشتری

حروف۔۔ ف　　پتھر۔۔ پکھراج　　دن۔۔ جمعرات

رنگ۔۔ ہلکا ارغوانی　　دھات۔۔ ٹن، سونا، چاندی　　عدد۔۔ 7

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبرز | سعد | نحس |
|---|---|---|
| 7,6,2 | 28,17,23,11 | 26,22,10,8 |

یکم تا 7 تاریخ تک کا وقت ایسا ہے، جس میں قوس خواتین و حضرات کی زندگیوں میں سوشل حوالے سے کافی ہلچل رہے گی۔ دوسرے کے ساتھ تعلقات بنانے اور اپنے حلقہ اثر کو وسیع کرنے کے حوالے سے یہ وقت بہت زیادہ مفید ثابت ہوگا۔ قوس افراد خصوصاً خواتین اور لڑکیوں کو اس ماہ دوسروں کی توجہ حاصل ہونے کا کافی امکان ہے۔ یہی چیز دوسروں سے تعلقات یا لڑکوں کی تاک جھانکی وغیرہ لانے کا باعث ہوگا۔ محتاط رہیں اور اپنے رویے سے ایسے معاملات کو قوت نہ دیں۔

یکم تا 22 تاریخ غیر معمولی معاملات کے حوالے سے کافی معاون ثابت ہوگا۔ وہ قوس خواتین و حضرات جو بیرون ملک جانے کے خواہشمند ہیں وہ

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

اس دوران ضرور کوشش کریں۔ اس طرح یہ بھی ممکن ہے کہ بیرون شہر یا ملک سے آنے والے کی مہمان نوازی کرنی پڑ جائے۔ یہ عرصہ اس حوالے سے بھی اہم ہے کہ مذہبی رجحان پیدا ہوگا۔ وہ قوس جو پہلے ہی مذہبی جھکاؤ رکھتے ہیں یا مذہبی معاملات پر وقت بے وقت بحث کرتے رہتے ہیں ان کے خیالات میں غیر معمولی تبدیلی آئے گی۔ نئے نظریات نئی سوچیں اور زیادہ بحث مباحثہ کی وجہ سے قابل گرفت خیالات اور الفاظ دل اور زبان پر آئیں گے۔ ہمارا مشورہ ہے کہ مذہب اور تصوف وغیرہ کے حوالے سے زیادہ تحقیق اور بحث میں اس خاص وقت میں نہ جائیں بلکہ صبر وتحمل اور سنجیدہ رویے کا مظاہرہ کریں۔ یہی وقت کا تقاضہ ہے۔

یکم تا 10 تاریخ تک کا وقت دوسرے لوگوں کے ساتھ بلا وجہ کی بحث وتکرار لے کر آئے گا۔ کوشش کریں ہر فرد کے ساتھ بحث میں نہ پڑ جائیں۔ بالیقین زندگی بسر کرنے کا آپ کا اپنا فلسفہ ہے لیکن کیا یہ ضروری ہے کہ ہر فرد آپ کے فلسفہ حیات کا قائل یا اس سے متاثر ہو۔ فرض کریں اُس کی سوچ غلط بھی ہے تو کیا آپ نے سارے معاشرے کو ٹھیک کرنے کا ٹھیکہ لیا ہوا ہے۔ اصلاح عامہ کے کام کو پھر کسی وقت کے لیے اٹھا رکھیں۔ اس وقت کے دوران اگر آپ حالت سفر میں خصوصاً اپنے شہر سے باہر گھوم پھر رہے ہیں تو پھر حد درجہ محتاط رہیں۔ آپ کا یہ رویہ آپ کو جسمانی نقصان بھی پہنچا سکتا ہے۔ ان تاریخوں میں گاڑی دھیان سے چلائیں۔ اس طرح سڑک پار کرتے ہوئے اور معاملات ٹریفک میں توجہ قائم رکھیں۔

10 تا 31 تاریخ کا وقت ایسا ہے جو معاشی حوالے سے غیر معمولی سرگرمی کا ظاہر کر رہا ہے۔ ہمارا مشورہ ہے کہ اپنی تمام تر صلاحیتوں اور کاموں اور کامیابیوں کے جو آپ اپنے ادارے یا ملازمت کے سلسلے میں کر رہے ہیں اپنے افسران اور صاحب اقتدار لوگوں کے ساتھ بگاڑ پیدا کرنے سے باز رہیں۔ ایسی بد مزگی کی حالت بہرحال آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہوگی۔

25 تا 31 تاریخ تک کا وقت طالب علموں کے لیے بہتر ہے۔ اچھے ادارے یا بیرون ملک تعلیم کے حوالے سے کئے گئے اقدامات مفید ثابت ہوں گے۔ برج قوس سے تعلق رکھنے والے وہ خواتین وحضرات جو روحانی سلسلوں سے تعلق رکھتے ہیں یا روحانی صلاحیتوں کو پروان چڑھانا چاہتے ہیں تو اگر اس وقت پیر و مرشد کی تلاش کریں تو نیک اور صاحب علم بزرگ سے فیض ملنے کی واضح امید ہے۔

یکم تا 25 تاریخ تک کا وقت روزگار کے معاملات کے حوالے سے خاصا اہم ہے۔ وہ قوس خواتین وحضرات جو ابھی نوکری وغیرہ نہیں کر رہے بلکہ مستقبل قریب میں اس حوالے سے کسی میدان میں داخل ہونا چاہتے ہیں ان کو فیصلہ کرنے سے قبل خوب سوچ لینا چاہیے ممکن ہے بعد میں ذہن تبدیل ہو جائے۔

وہ قوس خواتین وحضرات جو نوکری کر رہے ہیں انہیں یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ ان کی ذمہ داریوں میں تبدیلی آسکتی ہے ان کی جاب کی نوعیت بالکل بدل بھی سکتی ہے یا اس میں معمولی سی ترمیم واضافہ بھی ہوسکتا ہے۔ تاہم جو بھی صورت حال ہو گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ اللہ بہتر کرے گا۔ حکومتی افسران اور کارندے کافی حد تک اس عرصے میں آپ کے مددگار اور طرف دار ہوں گے۔

## برج جدی



**21 دسمبر تا 20 جنوری سیارہ۔۔زحل**

**حروف۔۔ج، خ، گ پتھر۔۔نیلم گاؤمیدک دن۔۔ہفتہ**

**رنگ۔۔گہرا نیلا، سلیٹی دھات۔۔سونا، پلاٹینم عدد۔۔8**

صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبرز | سعد | نحس |
|---|---|---|
| 9,0,1 | 27,26,2,1 | 22,12,8,7 |

یکم تا 22 تاریخ تک کا وقت معاملات روزگار اور کاروبار میں غیر معمولی مصروفیات لے کر آئے گا۔ کاروباری حوالے سے کئی ایک سے ملاقاتیں ممکن ہوسکتی ہیں۔ کاروباری ضروریات کو پورا کرنے کے لیے آپ قرض بھی لے سکتے ہیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ قرض لینے کی بجائے آپ شراکت یا کسی صاحب حیثیت فرد کی مدد سے اپنے معاملات کا حل نکال لیں۔

یکم تا 7 تاریخ تک کا وقت نوکری پیشہ افراد کے حوالے سے اچھے وقت کا مظہر ہے۔ ساتھ کام کرنے والے لوگوں کا تعاون حاصل رہے گا اور ملازمتی امور میں چھوٹے بڑے افسروں سے حوصلہ افزائی کا امکان بھی ہے۔ فنون لطیفہ سے تعلق رکھنے والے خواتین وحضرات میں اپنے کام کو خوبصورت ترین انداز میں مکمل کرنے کا رجحان پایا جائے گا۔

یکم تا 8 تاریخ کے دوران اخراجات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ خواتین دھیان رکھیں، گھریلو بجٹ متاثر ہوسکتا ہے۔ کاروباری حضرات کو اپنے اخراجات کی

free copy
khalidrathore.com
UPD Tech Document Processing Solutions

سمتوں پر کنٹرول رکھنا چاہیے۔ خاص طور پر اگر کاروبار شراکتی بنیادوں پر کر رہے ہیں تو پھر حد درجہ محتاط رہیں۔ ذاتی سوچ اور حیثیت میں کیے گئے فیصلے شریک کار کی حمایت حاصل نہ کر سکیں گے۔ ایسی صورت حال کا اگر سنجیدگی سے نوٹس نہ لیا گیا تو باہمی ناراضگی اور بدمزگی کا واضح امکان ہے۔ برج جدی کی خواتین اور مردوں کو اس وقت کے دوران ایسے کاموں سے اجتناب کرنا چاہیے جن میں کسی قسم کا جسمانی صدمہ یا حادثہ ہونے کا امکان ہو۔ باورچی خانے میں کام کرتے ہوئے، پریشر کو کر استعمال کرتے' ساس یا بہو کے ساتھ جھگڑا کرتے ہوئے خوب دیکھ بھال کر بات کو آگے بڑھائیں۔

7 تا 31 تاریخ کے دوران اگر آپ چاہیں تو اپنے ناراض دوستوں اور رشتے داروں کے ساتھ صلح کر سکتے ہیں۔ یہ ایسا وقت ہے جس میں آپ ناراضگی کو ختم کر کے تجدید تعلقات کر سکتے ہیں۔ عمومی طور پر لوگوں کا رویہ آپ کے ساتھ بہتر رہے گا اور وہ آپ کے ساتھ الفت اور توجہ سے پیش آئیں گے۔ دوسرے لوگ آپ کی توجہ چاہیں گے اور شاید اس وجہ سے آپ کی مصروفیات کا شیڈول متاثر ہو۔

10 تا 31 تاریخ کے دوران ذہنی ہم آہنگی جیسے معاملات سے واسطہ پڑے گا۔ دوسروں پر اپنی اصل بات واضح کرنا اس قدر آسان نہ ہوگا۔ اور اگر آپ بحث یا دلائل سے فریق مخالف کو قائل کرنا چاہیں گے تو یہ طریقہ کار الٹ اثرات لے کر آئے گا۔ اپنے مزاج میں صبر و تحمل پیدا کریں۔ وہ جدی افراد جو شہر سے باہر جائیں ان کو دوران سفر اپنے رویے اور طرز گفتگو میں غیر محتاط رویہ اختیار نہیں کرنا چاہیے ورنہ جسمانی تکلیف و اذیت سے گزرنا پڑے گا۔

22 تا 31 تاریخ کا وقت اپنی ملکی سرحدوں سے پار دیکھنے والوں کے لیے مفید ثابت ہوگا۔ وہ جدی افراد جو بیرون ملک جانے کے خواہشمند ہیں یا بیرون ملک کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں یا کر رہے ہیں۔ ان سب کے لیے یہ دن اچھے ثابت ہوں گے۔ وہ جدی افراد جو معاملات میں رکاوٹ یا بندش یا ذہن کے دریچوں کو بند محسوس کر رہے ہیں ان کو گھر سے باہر نکلنا چاہیے۔ ممکن ہو تو بیرون ملک ورنہ اندرون ملک ہی گھوم پھر لیں چاہے کوئی واضح مقصد سامنے نہ ہو پھر بھی سفر وسیلہ ظفر بن سکتا ہے۔

25 تا 31 تاریخ تک روحانی اور مذہبی لوگوں کے لیے اہم ہے۔ روحانی معاملات یعنی تعویذوں، تصوف اور نجوم وغیرہ سے مدد لینے یا ان کی تعلیم یا ان امور پر بحث مباحثہ ممکن ہے۔ بہت سے جدی خواتین و حضرات اپنے معاملات کے حل کرنے کے لیے روحانیت کی طرف رجوع کریں گے۔ وہ جدی خواتین و حضرات جن کے وراثت کے معاملات زیر التواء ہیں ان کے لیے بھی کوئی بہتر صورت حال سامنے آئے گی۔

یکم تا 25 تاریخ کا وقت دوسرے لوگوں کے ساتھ تجدید تعلقات اور جدید ذرائع رسل و رسائل مثلاً ای میل اور فون وغیرہ کے ذریعے روابط میں اضافے کو ظاہر کر رہا ہے۔ فلسفیانہ' تعلیمی اور روحانی معاملات میں عمل دخل زیادہ ہوگا۔ اعلیٰ درجوں کی تعلیم یا فلسفیانہ معاملات کی طرف دھیان رہے گا۔ تعلیم کے حوالے سے باہر جانے کے خواہشمند افراد خصوصاً اس وقت کوشش کریں مثبت نتائج آئیں گے۔



## برج دلو

21 جنوری تا 20 فروری — سیارہ۔۔ یورانس / زحل

حروف۔۔ س' ش' ث — پتھر۔۔ عقیق یمنی' نیلم — دن۔۔ ہفتہ

رنگ۔۔ سیاہ — دھات۔۔ پلاٹینیم — عدد۔۔ 4

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبرز | سعد | نحس |
|---|---|---|
| 8,6,3 | 30,28,4,3 | 26,23,10,8 |

یکم تا ۲ تاریخ فنون لطیفہ یعنی آرٹ اور میوزک وغیرہ میں بڑھتی ہوئی دلچسپی کو ظاہر کر رہا ہے۔ وہ خواتین و حضرات جو اس شعبے سے متعلق ہیں ان کو اپنے شعبے میں بہترین کارکردگی دکھانے کا موقعہ ملے گا جو ان کو مستقبل میں کوئی اعزاز دلانے کا بھی باعث بن سکتی ہے۔ برج دلو کے خواتین و حضرات کے تعلقات اپنی اولاد کے ساتھ ان دنوں میں خاص طور پر مثبت رُخ اختیار کریں گے بچوں کے مسائل اور ان کے معاملات کو سمجھنے کے لیے یہ وقت بہترین نتائج لائے گا۔ ماؤں کو خاص طور پر بچوں کے ساتھ اپنے تعلقات اور ان کی نفسیات کو سمجھنے کے حوالے سے کچھ وقت صرف کرنا چاہیے۔

وہ دلو افراد جو صاحب اولاد نہیں اور اولاد کے خواہشمند ہیں انشاء اللہ تعالیٰ اُن کو بھی خوشی ملے گی۔

یکم تا 10 تاریخ کے دوران ازدواجی حوالے سے بہتر وقت نہیں ہے۔ میاں بیوی میں باہم جھگڑے کے امکانات کو رد نہیں کیا جا سکتا۔ کوشش کریں کہ اپنے اپنے مزاج پر قابو رکھیں اور بات کو زیادہ نہ بڑھائیں۔ دلو مرد ہو یا عورت اس کا شریک حیات جذباتی اور تندی کا مظاہرہ کرے گا۔ وہ دلو خواتین و حضرات

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

جن کے اپنے خاوند یا بیوی سے پہلے ہی تعلقات کشیدہ تھے ان کے معاملات کی انتہائی بدمزگی کی طرف جانے کی واضح دلیل اس وقت زائچے میں نظر آ رہی ہے۔ آپ اگر شراکت پر کاروبار کرتے ہیں تو وہاں پر بھی ایسے ہی حالات نظر آ رہے ہیں۔ ازدواجی معاملات ہوں یا کاروباری کوشش کریں ان کو کسی بھی صورت میں عدالت کے دروازے تک نہ لے جائیں۔ اس وقت اس طرح کے اقدامات آپ کے حق میں مفید ثابت نہ ہوں گے۔

یکم تا 22 تاریخ کا وقت ایسا ہے جب بیرونی دنیا یعنی ملنے جلنے والے لوگوں سے جن کا آپ سے کوئی رشتہ نہ ہو تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ حلقہ احباب میں وسعت ہوگی اور نئے نئے تعلقات بنیں گے تاہم اس کے ساتھ ساتھ خاندانی سطح پر یہ وقت کچھ مثبت اثرات کا مظہر نہیں۔ سو خاندانی امور و معاملات میں خوب سوچ سمجھ کر کوئی قدم اٹھائیں۔ اس وقت اگر آپ کوشش کریں تو ایسے لوگوں کے ساتھ بھی آپ کے تعلقات قائم ہو سکتے ہیں جو ایک نمایاں معاشرتی پوزیشن کے حامل ہے اور ایک برتر اور قوی پوزیشن کے حامل ہیں۔

10 تا 31 تاریخ کا وقت اہم ہے کیونکہ مالی معاملات کے حوالے سے دوسرے لوگوں کے ساتھ تعلقات میں جھگڑے اور مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ اخراجات میں اضافہ ہوگا اور یہ ایسا اضافہ ہوگا جس کو دوسرے لوگ قدر کی نگاہ سے نہیں دیکھیں گے۔ ان تاریخوں میں سڑک پار کرتے یا گاڑی چلاتے ہوئے محتاط رہیں۔ اچانک حادثے یا چوٹ لگنے کا امکان ہے۔

7 تا 31 تاریخ کا وقت ایسا ہے جب آپ اپنے کام کو بہتر سے بہتر کرنے کی کوشش کریں گے اور اس سلسلے میں آپ کے ساتھ کام کرنے والے دیگر ہنرمند آپ کا بھرپور ساتھ دیں گے۔ اور آپ کی کارکردگی میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔

یکم تا 25 تاریخ تک کا وقت ایسا ہے جب آپ کی توجہ روحانی اور عملیاتی امور کی طرف ہوگی۔ یہ وقت خاندانی جائیداد اور وراثت وغیرہ جیسے امور کو سمجھنے کے حوالے سے مثبت ہے۔ آپ کو جو قرض لینا ہے یا دینا ہے اس کے لیے بہتر منصوبہ بندی وغیرہ بھی اس وقت میں بہترین ہو سکتی ہے۔ اگر آپ مرنے سے قبل اپنی وصیت تحریر کرنا چاہتے ہیں یا چاہتی ہیں تو یہ وقت اس کام کو کرنے کے لیے موزوں ہے۔ اچھی وصیت لکھی جائے گی اور وارث اس پر عمل بھی کریں گے۔

25 تا 31 تاریخ کا وقت ایسا ہے جب آپ ذہنی دباؤ کا شکار ہوں گے۔ عملی اقدامات کی نسبت آپ سوچ بچار پر کافی وقت صرف کریں۔ اگر آپ عام لوگوں، کاروباری فریقوں یا رشتے کے ساتھ اپنے تعلقات کے حوالے سے افسردہ ہیں تو بہتر ہے آگے بڑھ کر حسب منشا معاملات کو طے کرنے کی کوشش کریں۔ مثبت نتائج آئیں گے۔

22 تا 31 تاریخ کے دوران صاحب حیثیت لوگوں سے ملاقات یا ربط ممکن ہے۔ یہ تعلق بے مقصد ثابت نہ ہوگا بلکہ اگر آپ نے ہمت اور کوشش سے کام لیا تو آپ ان لوگوں سے فائدہ بھی اٹھا سکیں گے۔ ہمارا مشورہ ہے کہ دوسروں کے کام نکلوانے کی بجائے اپنی ذاتی فلاح و بہبود پر خاص طور پر نظر رکھیں۔



## برج حوت

**21 فروری تا 20 مارچ سیارہ۔۔ نیپچون/مشتری**

حروف۔۔ د، ج پتھر۔۔ لاجورد، پکھراج دن۔۔ جمعرات

رنگ۔۔ تیز سبز دھات۔۔ ایلومینیم عدد۔۔ 3

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبرز | سعد | نحس |
|---|---|---|
| 6,8,5 | 26,23,8,2 | 28,22,11,10 |

یکم تا 22 تاریخ تک کا وقت مجموعی طور پر ذمہ داریوں میں اضافے کا اشارہ دے رہا ہے۔ کام کا دباؤ بڑھ جائے گا۔ چاہے آپ سرکاری ملازم ہو یا ذاتی کاروبار کر رہے ہوں کسی نہ کسی بہانے آپ کو مزید کام کرنے کو ملے گا۔ ایسی کسی بھی صورت حال میں پریشان ہونے کی بجائے بہتر ہے کہ آپ اپنے طرز کار کو بہتر کرنے کی کوشش کریں۔ کام کو کسی طرح جلد اور بہتر انداز میں مکمل کیا جا سکتا ہے؟ یہی آپ کا موٹو ہونا چاہیے۔ اگر آپ اپنے کاروباری معاملات میں ملازموں پر زیادہ انحصار کرتے ہیں تو اس وقت ان پر ضرورت سے زیادہ توجہ دینا ہوگی ورنہ ان کے حصے کا کام بھی آپ کو کرنا پڑ سکتا ہے۔

یکم تا 7 تاریخ کا وقت خاندان کے اندر افراد خانہ کے ساتھ حالات کو بہتر بنانے اور گھر کو پرسکون جگہ بنانے کے لیے کام کرنا مناسب ہوگا۔ وہ رشتہ دار جن سے تعلقات پچھلے کچھ عرصہ سے کشیدہ چلے آ رہے تھے ان کے ساتھ بھی تجدید تعلقات کی صورت پیدا ہوگی۔ ہمارا مشورہ ہے کہ اس عرصے میں اپنے مزاج اور رویے میں تبدیلی پیدا کریں اور یہ تبدیلی مزاج میں سختی کی نہیں بلکہ تمدن اور نرمی کی

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

ہو۔اس وقت گھر میں ضروری مرمت اور تزئین و آرائش بھی کروائی جاسکتی ہے۔گھر زیادہ بہتر اور رہنے کے حوالے سے موزوں جگہ میں تبدیل ہو جائے گا۔

یکم تا 25 تاریخ کا وقت کاروباری معاملات کے حوالے سے اہم ہے۔ کاروباری ساتھیوں اور شریکوں کے ساتھ جاری تعلقات اور واقعات آپ کے ذہن پر سوار رہیں گے۔ان کے حل کا صرف ایک طریقہ ہے اور وہ ہے گفتگو۔دلیل کے ذریعے اپنی بات دوسروں پر واضح کریں۔کوئی بھی اور طریقہ اس وقت آپ کو فائدہ نہ دے گا۔

7 تا 31 تاریخ ایسے لوگوں کے لیے خوش خبری لائے گا جو اولاد کے خواہش مند ہیں۔صاحب اولاد حوت افراد کے بچوں کے ساتھ تعلقات بہتر شکل اختیار کر جائیں گے اور دونوں فریق ایک دوسرے کی بات سمجھ سکیں گے۔

10 تا 31 تاریخ کے دوران شادی شدہ خواتین و حضرات کو محتاط رویے کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ ورنہ بدمزگی پیدا ہوگی اور حالات میں پیدا ہونے والا تناؤ ازدواجی حوالے سے بلاوجہ کی پریشانی کا باعث بن جائے گا۔

22 تا 31 تاریخ کا وقت ایسا ہے جو بیرونی دنیا کے ایسے لوگ جو کسی معاشرتی حیثیت کے حامل ہوں کے ساتھ تعلقات پیدا کرنے اور بڑھانے میں مفید ثابت ہوگا۔

یکم تا 10 تاریخ کے دوران جسمانی مشقت کے کام کرنے یا ایسے کام کرنے جن میں چوٹ لگنے یا حادثے کا خطرہ ہو محتاط رہیں۔محسوس ہوتا ہے کہ آپ کو کسی صدمہ کا سامنا نہ کرنا پڑ جائے۔اس عرصے میں اپنی صحت کا خاص طور پر خیال رکھیں۔

یکم تا 30 تاریخ خاص طور پر یکم تا 7 تاریخ کے دوران ایسے حوت مرد یا خواتین جن کی ابھی شادی نہیں ہوئی یا دوسری شادی کے خواہش مند ہوں ان کی امید پوری ہوتی نظر آتی ہے۔گو پہلا ہفتہ گزرنے کے بعد بھی یہ صورت حال برقرار رہے گی تاہم بعد میں اس حوالے سے زیادہ سنجیدہ کوششیں مثبت نتائج لا سکے گی۔

11 تا 13 تاریخ کا وقت آپ کی زندگی میں عشق و محبت کے حوالے سے کچھ یادگار لمحات لا سکتا ہے۔

20 تا 22 تاریخ کے درمیان اپنی کاروباری اور ذاتی ہر قسم کی مصروفیات کو محدود کر دیں اور زیادہ سے زیادہ وقت اپنی ذات پر صرف کریں۔یہ وقت زندگی سے لطف اٹھانے کے لیے اور اپنے آپ کو جدید زندگی کی مشکلات اور مصروفیات سے صحت مند طریقہ سے مقابلہ کرنے میں تیار کرے گا۔سو آپ اسے مددگار اور معاون خیال کر کے زیادہ سے زیادہ دلچسپ بنائیں۔

22 تا 24 تاریخ کے دوران حوت مردوں اور عورتوں کو اپنے ازدواجی اور محبت کے معاملات کے حوالے سے دیکھ بھال کر وقت گزارنا چاہیے۔بہت ممکن ہے ان حوالے سے ذہنی تناؤ اور پریشانی میں اضافہ ہو۔

☆☆☆☆☆

بقیہ حصہ (کرامات جفر) صفحہ 42 سے آگے

## لوح عداوت

اگر کسی عورت یا مرد کو کوئی بدبخت تنگ کرتا ہو اور ان کے درمیان عداوت کرانی ہو یا کسی عورت یا مرد کے کسی کے ساتھ ناجائز تعلقات ہوں ان کے درمیان عداوت پیدا کرنی ہو تو درج ذیل لوح عداوت قمر در عقرب میں چاندی پر کرائیں پھر قبرستان میں دفن کر دیں۔اب اس لوح کا کرشمہ دیکھیں۔لیکن ناجائز نہ کریں ورنہ اپنے نفع و نقصان کے خود ذمہ دار ہونگے۔

یا عزرائیل　　یا عزرائیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| یا جبار | یا قہار | یا قابض | یا ضار |
| یا ضار | یا قابض | یا قہار | یا جبار |
| یا قہار | یا جبار | یا ضار | یا قابض |
| یا قابض | یا ضار | یا جبار | یا قہار |

فلاں بن فلاں علی البغض فلاں بن فلاں

بحرمت ہذہ النقش العجل العجل الساعۃ الوحا

☆☆☆☆☆


## خالد روحانی جنتری

خالد روحانی جنتری ہر سال شائع ہوتی ہے۔اور یہ سال بھر کے لیے آپ کی تمام نجومی و عملیاتی ضرورتوں کو پورا کرے گی۔

مختلف موضوعات پر بہترین مضامین اس کو مقابلے کی تمام تقویموں اور جنتریوں سے ممتاز کر دیتے ہیں۔

قیمت 80 روپے علاوہ محصول ڈاک


free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# دعاءِ خضرؑ والیاسؑ اور اس کی فضیلت

از: بشیر احمد چشتی، مانگی۔

ناظرین کرام! عملیات دراصل دو اقسام پر مشتمل ہیں ایک وہ جو قران کریم یا کوئی ادعیہ ماثور سے عمل کرنا، اور دوسری قسم وہ جو بزرگان دین اور عاملان کامگاران نے مختلف مناسبتوں سے اور مختلف کلیات وقواعد سے ترتیب دیئے ہیں۔ قرآنی عملیات اور ادعیہ ماثورہ اس دوسری قسم سے کہیں زیادہ موثر اور سہل ہوتے ہیں۔ آج کی محفل میں ہم اسی ادعیہ ماثورہ کی نوع سے ایک دعا ھدیہ ناظرین کرتے ہیں جو کہ تمام تر آلام ومصائب ہر قسم کی برائی سے حفاظت کے لیے ایک مکمل حصار ہے۔ اگر اس دعا کو اسم اعظم قرار دیا جائے تو بجا ہوگا۔

مفسرین فرماتے ہیں چار انبیاء زندہ ہیں۔ حضرت ادریسؑ اور حضرت عیسیٰؑ آسمان پر اور حضرت الیاسؑ اور حضرت خضرؑ زمین پر، لیکن حضرت الیاس کے نسب اور ان کے مصداق میں اختلاف ہے۔ چنانچہ امام ابن جریر متوفی ۳۱۰ھ سورۃ الانعام آیت نمبر ۸۵ کے تحت روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ نے فرمایا ادریسؑ الیاسؑ ہیں اور اسرائیل یعقوب ہیں۔ اور اہل انساب نے یہ کہا کہ ادریس علیہ السلام حضرت نوح علیہ السلام کے جدّ (دادا) ہیں۔

وھب بن منبہؒ سے اسی طرح مروی ہے کیونکہ اس آیت میں حضرت الیاس کو حضرت نوحؑ کی ذریت قرار دیا ہے۔ تو وہ پھر حضرت ادریس کیسے ہوسکتے ہیں؟ کیونکہ حضرت ادریس علیہ السلام تو حضرت نوح علیہ السلام کے دادا ہیں۔ اس لیے اہل انساب کا قول صحیح ہے۔ (جامع البیان جز ۷، ص ۳۴۰ مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۱۵ھ) اس حوالہ سے معلوم ہوا کہ حضرت الیاسؑ اور حضرت ادریسؑ کا مصداق اور نسب ایک نہیں بلکہ یہ دونوں الگ الگ شخصیتوں کے نام ہیں۔ اب ہم دعا خضرؑ اور الیاسؑ اور اس کی سند بیان کرتے ہیں جو حضرات اس سے استفادہ کریں فقیر کو دعاءِ خیر سے یاد فرمائیں۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہر روز اس دعا کو پڑھے گا، ڈوبنے، جلنے سے، چوری سے اور ہر ناگوار چیز سے شام تک محفوظ رہے گا اور جو شام کو پڑھے گا وہ صبح تک اللہ کی پناہ میں رہے گا۔ اس حدیث کو حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے کتاب غنیۃ الطالبین میں روایت کیا ہے اور اسی حوالے کے ساتھ علامہ عبدالرحمٰن بن محمد بن علی بن احمد حنفی بسطامیؒ نے "بحر الوقوف فی علم الحروف" میں ص ۲۷ پر روایت کیا ہے دعاءِ خضرؑ اور الیاسؑ یہ ہے۔

**"بِسْمِ اللهِ لَا يَأْتِي بِالْخَيْرِ إِلَّا اللهُ بِسْمِ اللهِ مَاشَاءَ اللهُ وَلَا يَصْرِفُ السُّوءَ إِلَّا اللهُ بِسْمِ اللهِ مَاشَاءَ اللهُ وَمَا بِكُمْ مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنَ اللهِ بِسْمِ اللهِ مَاشَاءَ اللهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ".**

ناظرین کرام! یہ دعا ہر قسم کے رنج وغم اور پریشانی شرّ جن وانس سے نجات کے لیے ایک عظیم دعا ہے۔ اس کا تاریک پہلو یہ ہے کہ جو حضرات خضر علیہ السلام سے ملاقات کے خواہاں ہیں وہ اس دعا کا ورد مذکورہ طریقے پر جاری رکھیں۔ انشاء اللہ قسمت کا ستارہ چمک اُٹھے گا۔ اس کے ورد کا طریقہ یہ ہے کہ صبح و شام صرف نو مرتبہ پڑھنا ہے۔ یہ تعداد حضرت خضرؑ اور حضرت الیاسؑ کے ناموں کی مدخل صغیر کا کعب ہے۔ اس میں بھی ایک راز پوشیدہ ہے۔ اس راز کو سمجھو اور اللہ سے اس کے فضل کے طلبگار رہو۔

شرائط:

(۱) صبح کی نماز کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر پڑھیں۔

(۲) اول آخر درود شریف بھی نو مرتبہ پڑھیں۔

(۳) کچا پیاز وغیرہ جس سے منہ سے بدبو پیدا ہوتی ہے استعمال نہ کریں۔

(۴) رزق حلال ہو۔

(۵) صدقِ مقال اور صوم وصلوٰۃ کا پابند ہونا ضروری ہے۔

☆☆☆☆☆

مجربات خالد
قیمت 55 روپے۔

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

# عملیات کشف

میاں جاوید اقبال بدوملہی۔

## کشف

عملیات کشف شاذو نادر ہی کتابوں میں ملتے ہیں۔ بعض قلمی بیاضوں میں ہیں یا سینوں میں پوشیدہ قبرستان میں چلے گئے ہیں۔ اس علم کے بارے میں جہاں تک اس فقیر کی رسائی ہے اس میں سے چند آسان اور سہل عملیات تحریر کرتا ہوں۔

## کشف کی اقسام

کشف کی دو قسمیں ہوتی ہیں اول کشفِ کسبی دوئم کشف وہبی۔ کشف کسبی ریاضت وعبادت سے حاصل ہوتا ہے اور کشف وہبی مخصوص اولیائے کرام کو عطا کیا جاتا ہے جیسا کہ استخارہ میں سکون قلب یا سوتے جاگتے میں اشارات یا قرائن سے مطلع کیا جاتا ہے اور کشف میں مشاہدہ یعنی دکھایا جاتا ہے۔

اللہ رب العزت کا علم لامحدود اور ذاتی ہے اور جناب سید المرسلین خاتم النبین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا علم عطائی ہے **مَا کَانَ وَمَا یَکُونُ** اس کی حدیں ہیں۔ اور اس علم محیط کا ایک دائرہ ہے۔ علم **مَا کَانَ وَمَا یَکُون** علم الٰہی کے سمندر سے ایک قطرہ کا کروڑواں حصہ ہے اور علم عطائی یعنی جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کا کروڑواں حصہ تمام انبیاء علیہم السلام کا علم ہے۔ اور انبیاء علیہم السلام کے علم کے سمندر میں سے کروڑواں حصہ اولیاء کرام کو عطاء کیا ہے۔ اسی کے بارے میں ارشاد سید عالم شفیع اکرم تاجدار عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

**اتقوا فراسة مكاشفة النفس ومعائنة الغيب وهيى من مقامات الايمان**۔ یعنی مومن کی فراست کیا ہے؟ وہ روح کا کشف اور غیب کا معائنہ ہے۔ اور ایمان کے مقاموں میں سے ایک مقام ہے۔

## مجربات کشف

(ا) **اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْل بِحَق اَلِفْ یَا اَللهُ الْمَحْمُوْدُ فِی کُلِّ فَعَالِهٖ یَا اَللهُ**۔ فعالہ کے ف کو اگر زبر کے ساتھ پڑھے تو تمام افعال حُسنہ عامل کو حاصل ہوں گے مستجاب الدعوات ہوگا۔ کوئی بھی دعا کرے گا وہ انشاء اللہ قبول ہوگی اور اگر فعالہ کے ف کو زیر کے ساتھ پڑھے گا تو دشمن عامل کے ہلاک ہونگے اور دشمن زیر مقہور و مغلوب ہونگے اور اہم سے اہم سوالات کے جوابات باآسانی حل ہونگے۔ روزانہ ۳۸۲ یا ۱۱۱ مرتبہ یا ۶۶ مرتبہ پڑھنا چاہیے اول وآخر ۷۔ ۷ مرتبہ درود پاک پڑھے۔

(ب) **اَجِبْ یَا جُبْرَائِیْل بِحَق بَا یَا بَارُ فَلَا شَیْءِ کُفُوهٗ یُدَانِیهٖ وَلَا اِمْکَانَ یوَصْفه یَا بَارّ** بَارّ کی را پر اگر پیش پڑھے لوصفہٖ کی ہ پر زیر پڑھے تو دل مصفا مثل آئینہ کے ہو اور قدرت اللہ تعالیٰ کے جلوے دیکھے اور فسق و فجور سے باز رہے اور صفات ملکوتی سے موصوف ہووے اور جس کے چہرے پر نظر ڈالے اس کو عبرت حاصل ہو اور ہر مصیبت بفضل ربی محفوظ و مامون رہے اور اگر یا بار پڑھے یعنی را پر زبر پڑھے اور لوصفہ کی ہ کو جزم کے ساتھ پڑھے تو جس شہر یا قصبہ یا گاؤں میں عامل پڑھے گا وہ شہر قصبہ یا گاؤں وہ جگہ ویران ہو جائے گی اور درخت اور پھول و باغات خشک ہو جائیں گے۔

(ج) **اَجِبْ یَا کَلْکَائِیْلُ بِحَق جِیْم یَا جَلِیْلُ الْمُتَکَبِّر عَنْ کُلِّ شَیْءِ فَا الْعَدْلُ اَمْرُهٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُهٗ یَا جَلِیْلُ**۔ عامل

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

اگر یا جلیل کی لام پر پیش پڑھے اور صدق بغیر الف اور لام کے پڑھے اور وعدہ کو وَعَدَہٗ ذال معجمہ کے ساتھ پڑھے تو جو کچھ ساتوں زمین اور اس کے اندر موجود ہے یہاں تک کہ ساتوں زمینوں کے نیچے کا بھی صاف نظر آئے گا۔ اگر یا جلیل یعنی لام پر زبر پڑھے اور الصدق لام اور الف کے ساتھ پڑھے اور وعدہ دال مہملہ کے ساتھ پڑھے اور چالیس روز زکوۃ ادا کرنے کے بعد ۴۱ مرتبہ روز اور اپنے اوپر دم کرے تو خلائق کی نظروں سے اوجھل ہو جائے اور اگر پہلا طریقہ سے پڑھے تو خلائق کی نظروں میں آجائے گا روزانہ کی تعداد ۱۴۲ مرتبہ یا ۷ مرتبہ اول و آخر ۹ مرتبہ درود پاک ﷺ پڑھے۔

(د) اَجِبْ یَا دَرْدَائِیْلُ بِحَقِّ دَالٍ یَا دَائِمُ بَدْ فَنَاءٍ وَّ زَوَالَ لِمُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا دَایِمُ۔ عامل فناء کی ہمزہ کو اگر دوزیر کے ساتھ بغیر واؤ میں ملائے پڑھے تو تمام عالم ظاہری و باطنی فنا دکھائی دے اگر فنَاً ہمزہ کے زبر کے ساتھ پڑھے تو عالم ظاہر و باطن کو بے حجاب دیکھے اور دونوں عالم میں سالک کا مرتبہ حاصل ہو۔ تعداد روزانہ ۲۵۰ مرتبہ یا ۴۶ مرتبہ ہے اول و آخر ۷-۷ مرتبہ درود پاک ﷺ پڑھیں۔

(ہ) اَجِبْ یَا دُوْرِیَائِیْلُ بِحَقِّ هَا یَا هَادِیُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَهْدِی الْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظَمَتِہٖ یَا هَادِیُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ۔ اس کا عامل اندھیرے میں بھی مثل روشنی کے دیکھتا ہے۔ نہ دریا میں ڈوبے نہ جنگل میں ہلاک ہو دریائی جانور اور جنگل بھی مطیع و مسخر ہوں۔ سانپ، بچھو کاٹنے کی بجائے تعمیل حکم کرتے ہیں اور بے دینی و گمراہی، فسق و فجور اور معصیت کی تاریکیوں میں نہیں بھٹکتا۔

(و) اَجِبْ یَا رَفْتَمَائِیْلُ بِحَقِّ وَاوٍ یَا وَاحِدُ الْبَاقِی اَوَّلُ کُلِّ شَیْءٍ وَّ اٰخِرُہٗ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ یَا وَاحِدُ۔ اگر اول کے لام پر زبر پڑھے تو عامل کو ابتداء و انتہا کے پوشیدہ راز معلوم ہوں اور کوئی راز مخفی نہ رہے۔ اگر اول یعنی لام پر پیش اور آخرہ کی را کو زبر کے ساتھ پڑھے تمام خلق مسخر ہو اور سب اطاعت کریں اور عامل مثل حاکم ہو۔

(ز) اَجِبْ یَا شَرْفَائِیْلُ بِحَقِّ زَا یَا زَاکِیُّ الْاَطْهَرُ مِنْ کُلِّ اٰفَةٍ بِقُدْسِہٖ یَا زَاکِیُّ زاکی کی "ی" پر پیش پڑھے تو عامل کے پیر کامل کی شکل میں موکل آکر ہر خواہش و آرزو کو پورا کرے گا اگر بحق زا یا زاکی الطاہر کو بغیر زا اور یا کے پڑھے گا یعنی بحق زاکی الطاہر پڑھے تو سات قلندر جو کہ پورے عالم میں متعین ہیں مہربان و مسخر ہوں گے اور معاون ہوں گے اور اگر بحق زا یا زاکی یعنی طاہر کی ھ پر زبر پڑھے تو ارواح عالم صاحب عمل کی ہر مشکل صعب کو حل کریں اور فیض روحانی سے مالا مال کریں تعداد روزانہ ۸۲۲۴ یا ۳۸ مرتبہ اول و آخر ۷-۷ مرتبہ درود پاک ﷺ پڑھے۔

(ح) اَجِبْ یَا تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ حَا یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ عامل کو تمام قول و فعل میں درستی حاصل ہوگی اور جس مریض کو بہ نیت صحت و عافیت دیکھے گا۔ اللہ کے فضل و کرم سے شفاء پائے گا۔ جس کو لکھ کر باندھ دے گا وہ حاجت مند ان امور میں کامیاب ہوگا۔ اگر کوئی عامل لا حیّ کو ی یعنی زیر کے ساتھ پڑھے گا تو اہل کشف ہوگا اور ارواح عالم کا معائنہ کرے گا تعداد روزانہ ۵۹۰ مرتبہ یا ۱۸ مرتبہ اول و آخر ۷-۷ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔

(ط) اَجِبْ یَا اِسْمَاعِیْلُ بِحَقِّ طَا یَا طَاهِرُ طَهَّرَ الْمُطَهَّرَ النُّفُوْسَ مِنَ الرِّجْسِ وَالذَّنْبِ وَالْجُوْرِ وَالْکُرْبَةِ وَالْاٰفَةِ وَالْبَلَاءِ یَا طَاهِرُ۔ اس اسم و حروف کا عامل پاک باطن ہوتا ہے۔ اور شرک و کذب، بغض و عداوت حسد و کینہ سے ظلم و جور تشدد اور گناہ کبیرہ سے محفوظ رہتا ہے نہ ہی کسی بد باطن و بد کردار سے ضرر پہنچتا ہے۔ جس کو نظر بھر کر دیکھ لے وہ تابع ہو جائے گا اور کبھی بھی اطاعت سے منہ نہیں موڑے گا تعداد روزانہ ۲۱۵ مرتبہ یا ۱۴۳ مرتبہ اول و آخر ۷-۷ مرتبہ درود پاک پڑھے۔

(ی) اَجِبْ یَا سَرْکِیْتَائِیْلُ بِحَقِّ یَا یَا یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَهُوَ حَیٌّ لَا یَمُوْتُ اَبَدًا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ اس اسم کے عامل کی آنکھوں میں تسخیر و جلال کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ چہرے پر عظمت و وقار بزرگی و ہیبت حق ظاہر ہوتی ہے جس کو نظر غضب سے دیکھے مردہ نظر آئے۔ اور جس مردہ دل اور بیمار کو بہ نظر شفقت دیکھ لے شفایاب ہو تعداد ۳۲۷ مرتبہ یا ۳۸ مرتبہ پڑھے۔

(ک) اَجِبْ یَا حَرُوْرَائِیْلُ بِحَقِّ کَافٍ یَا کَافِیُ الْمُوْسِعُ لِمَا خَلَقَ لَہٗ مِنْ عَطَایَا فَضْلِہٖ یَا کَافِیُ اس اسم کے عامل کو سانپ بچھو درندہ کوئی بھی نقصان نہ پہنچا سکے اور جس بھی گزندہ جانور کی طرف دیکھے گا بے جان ہو جائے گا۔ یہاں تک کہ عامل کا نام لے کر قسم دینے سے ہی زہر اتر جائے گا۔ اور حملہ آور جانور بھاگ جائے گا۔ اَلْمُوْسِعُ کے سین پر زبر پڑھے تو اللہ تعالی اس کو غیب سے روزی عطا کرے گا اور دل کو غنی کرے گا اور کبھی مخلوق کا محتاج نہ ہو گا۔ تعداد روزانہ ۲۶۳ مرتبہ یا ۱۱۱ مرتبہ پڑھے اول و آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔

(ل) اَجِبْ یَا طَاطَائِیْلُ بِحَقِّ لَامٍ یَا لَطِیْفُ یَا وَصَافَ کَمَالِہٖ بِالطَّاقَةِ وَالطَّافَةِ فِیْ لَطَافَةِ لَطَافَتِکَ یَا لَطِیْفُ۔ اس اسم کا عامل ہمیشہ امن و امان کی زندگی اللہ کے فضل و کرم سے گزارے گا۔ جو بھی عامل کے پاس آئے تو اس کا حال عامل پر ظاہر ہوگا۔ جس طرح آئینہ میں عکس دیکھتا ہے اگر کسی قبر پر چند منٹ مراقب ہو تو چند بار پڑھنے سے

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

قبر کا حال دیکھے۔ اہل قبر کے دوست احباب اور رشتہ داروں کے متعلق جو سوال کرے شافی جواب ملے گا۔ زکات کا طریقہ سات روز تک سات ہزار مرتبہ پڑھے یا ۱۲۰۹ بار پڑھے۔

(م) **اَجِبْ یَا رُوْیَائِیْل بحق مِیْمْ یَا مَنَّانُ ذَالْاِحسَانِ قَدْعَةَ کُلَّ الْخَلَائِقْ مَنَّه یَا مَنَّانُ** اس اسم کا عامل خود اکسیر بن جاتا ہے۔ عامل کے پاس ایک شخص عالم غیب سے آئے گا وہ علم باطن سکھائے گا کہ پتھر پر بھی نظر ڈالے تو سونا بن جائے اگر مَنَّہٗ کے نون پر پیش پڑھے اور خالص اللہ کے واسطے ذکر کرے تو اسم کا موکل علم کیمیا سکھا دے۔ تعداد روزانہ ۲۰۸ مرتبہ یا ۱۴۱ مرتبہ اول و آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود پاکؐ پڑھے۔

(ن) **اَجِبْ یَا حَوْلَائِیْلُ بِحَقْ نُوْنَ یَا نَقِیُّ مِنْ کُلِّ جَوْدٍ لَمْ یَرْضَه وَلَمْ یُخَالُطِه یَا نَقِی** اس اسم کا عامل اور ذاکر عالم میں قدرت تصرف حاصل کرتا ہے۔ جس کے لیے جو چاہے وہی ہو اگر فَعَالَہٗ یا نَقِیاً یعنی فا پر زبر پڑھے تو جس کسی کو بھی کسی بھی عمل کی اجازت دے گا تو اس عمل کی تاثیر مثل عامل کے ہوگی اور اجازت دہندہ عامل کی شکل اس کے سامنے رہے گی اور اگر فَعِالَہٗ یا نَقِیاً یعنی ف کو زیر کے ساتھ اور لام پر زبر پڑھے اور نقیا کی "ی" کو بغیر تشدید کے پڑھے اور ۷۰ خلوتیں مکمل کرے یعنی ۷۰ جلسوں کی ادائیگی کرے تو ہر ہفتہ نیا اسرار ظاہر ہو اور اولیائے کرام کی ارواح جلوہ افروز ہوتی ہیں ان کی زیارت ہوگی تعداد روزانہ ۱۶۰ مرتبہ یا ۸۶ مرتبہ اول و آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود پاکؐ پڑھے۔

(س) **اَجِبْ یَا هَمْوَاکِیْلُ بِحَقِ سِیْنْ سُبْحَانَکَ یَا اِلٰهَ الْاٰلِهَةِ الرَّفِیْعِ جَلَالَه یَا اِلٰهُ** اس اسم کے عامل کو علم معرفت میں سے ایک خاص مقام حاصل ہوتا ہے اور ثابت قدمی میسر ہوتی ہے اگر "الرَّفِیعِ جَلَالُہٗ" کے عین پر زبر پڑھے اور "لُہٗ" کے لام پر پیش پڑھے تو اس کا ثمرہ بیان کرنے کے لیے زبان و قلم میں طاقت نہیں عامل خود معائنہ کرے گا اور اگر الرَّفِیع کے عین پر زبر اور لہٖ کے لام اور ہ کو زیر کے ساتھ پڑھے تو چند ہی روز میں عامل کے دشمن برباد ہونگے۔ تعداد روزانہ ۱۴۱ مرتبہ یا ۱۱۲ مرتبہ درود پاکؐ اول آخر ۷-۷ مرتبہ پڑھے۔

(ع) **اَجِبْ یَا لَوْمَائِیْلُ بِحَقْ عَیْنِ یَا عَلَّامَ الْغُیُوْبِ فَلَا یَفُوْتُ شَیءٌ مِنْ حِفْظِه یَا عَلَّامُ**۔ اس اسم کے عامل کو علوم ظاہری حاصل ہوں اور علوم باطنی کا انکشاف ہو اور اپنی نظر سے لوحِ محفوظ کو دیکھے گا۔ تعداد روزانہ ۱۴۱ مرتبہ یا ۱۲۸ مرتبہ اول و آخر ۷-۷ مرتبہ درود پاکؐ پڑھے۔

(ف) **اَجِبْ یَا سَرْحَمَائِیْلُ بِحَقْ فَا یَا فَتَّاحُ اِفْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ یَا رَحِیْمُ رِزْقِکَ یَا رَزَّاقُ وَکَرَمِکَ یَا کَرِیْمُ وَنِعْمَتِکَ یَا مُنْعِمُ اَسْئَلُکَ یَا فَتَّاحُ** اس اسم کا عامل کتنا ہی مجبور لاچار ہو روزی تنگ و مایوس ہو اپنے اور بیگانوں نے منہ پھیر لیا ہو کمزور و بیمار ہو دنیائے عالم میں کوئی سہارا نہ ہو تو اس اسم کی برکت سے اپنے خوان کرم سے ایک حصہ عطاء فرمائے گا جبکہ اللہ تعالیٰ کے خوان کرم کا ایک ذرہ دنیا کی یہ تمام نعمتیں ہیں مگر اپنے سینہ کو حسد سے محفوظ رکھے اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے مستفیض ہو تعداد روازنہ ۴۸۰ یا ۳۶۹ مرتبہ اول و آخر ۷-۷ مرتبہ درود پاکؐ پڑھے۔

(ص) **اَجِبْ یَا اَهْجَمَائِیْلُ بِحَقْ صَادْ یَا صَمَدُ مِنْ غَیْرِ شِبْهٍ فَلَاشَیْئَ کَمِثْلِه یَا صَمَدُ** اس اسم کا عامل ہر شخص کے مافی الضمیر سے واقف ہو جاتا ہے خواہ وہ کسی بھی زبان میں بات کرے اور تمام جانوروں کی بولیوں سے آگاہ ہوتا ہے۔ اور اسمائے صفات پر تصرف حاصل ہو جاتا ہے اگر کَمِثْلُہٗ کے لام اور ہ پر پیش پڑھے تو اپنی صورت میں کل عالم کو دیکھے۔ تجلی ذات کا ظہور ہو تعداد روزانہ ۱۳۴ یا ۹۱ مرتبہ اول و آخر ۷-۷ مرتبہ درود پاکؐ پڑھے۔

(ق) **اَجِبْ یَا عِطْرَائِیْلُ بِحَقْ قَافْ یَا قَاهِرُ ذَالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُه یَا قَاهِرُ** اس اسم کا عامل دین و دنیا میں ترقی حاصل کرے گا۔ ہر مشکل کام قدرت اللہ تعالیٰ سے حل ہوتا ہے جس کو شفقت و محبت کی نظر سے دیکھے گا وہ بھی عنایت ربی سے نواز جائے گا اگر قَاہِرُ کی الف کو ھ سے متصل کر کے پڑھے جس کو چاہے زیر و زبر کر دے اگر ایک ہفتہ دو پرانی قبروں کے درمیان ننگے سر ہو کر احرام باندھ کر ۳۰۶ مرتبہ پڑھے۔ جس شخص کے لیے پڑھے اس کو اگر زرد تصور کرے تو بیمار ہو اگر سرخ تصور کرے تو دشمن ہلاک ہو تعداد روزانہ ۳۲۱ مرتبہ یا ۳۰۶ مرتبہ اول و آخر ۷-۷ مرتبہ درود پاکؐ پڑھے۔

(ر) **اَجِبْ یَا اَمْوَاکِیْلُ بِحَقْ رَا یَا رَحِیْمُ کُلَّ صَرِیْخٍ وَمَکْرُوْبٍ غِیَاثُه وَمَعَاذُه یَا رَحِیْمُ** اس اسم کا عامل عشقِ الٰہی سے سرشار ہوتا ہے اور ہر شے میں اللہ جل جلالہ کے جلوے دیکھتا ہے۔ اگر غیاثُہٗ کی ث پر زبر پڑھے اور رَحِیم کے میم پر زبر پڑھے تو عنایات ربی سے عامل کو دنیا و عقبیٰ میں کوئی دشواری پیش نہ آئے جو کہ باعث رنج و الم و مصیبت و غم کا سبب بنے۔ بلکہ عامل ہر طرح کی مصیبت و نقصان سے شر و گزند سے محفوظ رہے۔ تعداد روزانہ ۲۵۸ یا ۱۰۸ مرتبہ اول و آخر درود شریف ۷-۷ مرتبہ پڑھے۔

(ش) **اَجِبْ یَا هَمْزَائِیْلُ بِحَقْ شِیْنِ یَا شَافِیْ یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ صَدَاقَتْ یَا شَافِیْ** اس اسم کا عامل سوائے موت کے ہر مرض کی دوا بن جاتا ہے۔ سخت سے سخت اور لا علاج مرض بھی دور ہو جاتا ہے اور مریضوں کے ہجوم کی آئے دن کثرت آمد ہوتی ہے اور کوئی مایوس نہیں جاتا بلکہ اللہ تعالیٰ سب کو شفا دیتا ہے اگر کوئی عامل سات مرتبہ پڑھ کر قلم پر دم کرے اور سات مرتبہ اس اسم کو لکھ کر پانی میں بہائے تو قلم کے لکھے نسخہ و درخواست و فریاد میں تاثیر پیدا ہو۔ تعداد روزانہ ۳۹۱ مرتبہ یا ۹۴ مرتبہ اول و آخر ۷-۷ مرتبہ درود پاکؐ

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

پڑھے۔

(ت) اَجِبْ یَا عِزْرَائِیْلُ بِحَقِّ تَا یَا تَامُ فَلَا تَصِفُ اَلْاَلْسُنُ کُلَّ کُنْہِ جَلَالِ مُلْکِہٖ وَعِزِّہٖ یَا تَامُ اس اسم کا عامل حاکم اعلیٰ مثل صدر یا وزیر اعظم کے ہوتا ہے۔ کیونکہ امراء وسلاطین وحکام اس کے مطیع اور تابعدار ہوتے ہیں اگر تامُ کے م پر زبر پڑھے اور اَلْسُنَ کے س، ن پر زیر پڑھے تو عامل حکمرانوں پر بھی حکمرانی کرے اور صرف انسانوں کی زبان وقلم پر ہی نہیں بلکہ دلوں پر بھی حکمرانی کرتا ہے۔ اس کے سامنے ظاہری وباطنی دولت پوشیدہ نہیں رہتی بلکہ ظاہر ہوتی ہے اور اس پر تصرف بھی حاصل ہوتا ہے۔ جس کو چاہے جتنا دے جن وانس چرند وپرند وحوش وطیور تابعدار ہوں۔ تعداد روزانہ ۴۴۱ مرتبہ یا ۵۶ مرتبہ پڑھے اول وآخر ۷-۷ مرتبہ درود پاک پڑھے۔

(ث) اَجِبْ یَا مِیْکَائِیْلُ بِحَقِّ ثَا یَا ثَابِتُ رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَ انْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ یَا ثَابِتُ۔ اس اسم کے عامل کو ایسی روحانی قوت حاصل ہوتی ہے جس سے وہ خود بھی حیران ہوتا ہے کہ ایسا کیوں ہوا اور کیسے ہو گیا۔ عامل اگر کسی دور کی چیز کو اٹھانا چاہتا ہے تو وہ قریب ہو جاتی ہے اگر دور جانا ہو تو راستہ سمٹ کر قریب ہو جاتا ہے۔ اور گھنٹوں کا راستہ منٹوں میں طے ہو جاتا ہے۔ اور ہمراہی بھی حیران ہوتے ہیں اور خود بھی متعجب ہوتا ہے۔ جسمانی اعتبار سے کتنا ہی کمزور ہو مگر قوت روحانی ایسی ہوتی ہے کہ دنیا والے حیران ہوتے ہیں اس کے کاموں کو دیکھ کر کہ جن کو وہ نہیں جانتا مگر ان کو کسی ماہر فن کی طرح کرتا ہے۔ تعداد روزانہ ۹۰۳ یا ۸۰ مرتبہ اول وآخر ۷-۷ مرتبہ درود پاک پڑھے۔

(خ) اَجِبْ یَا مَھْکَائِیْلُ بِحَقِّ خَا یَا خَالِقُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کُلٌّ اِلَیْہِ مَعَادُہٗ یَا خَالِقُ اس اسم کے عامل کو مافی الارحام حاصل ہوتا ہے یعنی بچہ ماں کے پیٹ میں کس طرح پرورش پاتا ہے کس طرح اور کب گوشت پوست وہڈیاں بنتی وسنورتی ہیں۔ روح کس طرح داخل ہوتی ونکلتی ہے۔ رحم مادر میں نر ہے یا مادہ؟ اس کی صلاحیت کیا ہے؟ عمر کیا ہے؟ بڑا ہو کر کیا کرے گا۔ اگر خالق کے ق پر زبر اور کُلٌّ کے لام کو بغیر پیش تنوین کے پڑھے اور مَعَادُہٗ کے دال پر زبر پڑھے تو تمام جمادات ونباتات کا علم حاصل ہو کس زمین میں کون سی اشیاء ہیں کتنی قسمیں ہیں۔ اس زمین سے کونسا درخت یا پودا اگے گا۔ تعداد روزانہ بعد از نماز تہجد یا فجر ۷۳۱ مرتبہ یا ۵۷ مرتبہ اول وآخر ۷-۷ مرتبہ درود پاک پڑھے۔

(ذ) اَجِبْ یَا اَھْرَائِیْلُ بِحَقِّ ذَالِ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ذَالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ انْتِقَامُہٗ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اس اسم کے عامل کو بزرگی، عزت وعظمت میں ایک خاص مقام حاصل ہوتا ہے جو امیر او کبیر حاکم ووزیر کو بھی حاصل نہیں ہوتا اور رات دن سرگرداں رہتے ہیں بلکہ عامل کے سامنے ادب سے پیش آتے ہیں اس عامل کا سکہ جن وانس وحوش وطیور سب کے قلب وقلوب پر چلتا ہے۔ تعداد روزانہ ۷۳۱ مرتبہ یا ۲۴۸ مرتبہ اول وآخر ۷-۷ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔

(ض) اَجِبْ یَا عَطْکَائِیْلُ بِحَقِّ ضَادُ یَا ضَارُّ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ یَا ضَارُّ۔ اس اسم کا عامل اگر ایک پرہیزگار بندہ ہو جائے یعنی کسی بھی جاندار شے کو ضرور نقصان نہ پہنچائے تو شیر اپنے آپ کو سواری کے لیے پیش کرے اور سانپ بچھو اور تمام زہریلے جانور وغیرہ بے ضرر ہو جائیں اور درندہ کوئی بھی زہریلا جانور یا درندہ صفت انسان خواہ افسر ہو یا حاکم کوئی بھی عامل کو نقصان نہ پہنچائے گا۔ تعداد روزانہ ۱۰۰۱ یا ۸۰۵ مرتبہ روزانہ اول وآخر ۷-۷ مرتبہ درود پاک پڑھے۔

(ظ) اَجِبْ یَا نُوْرَائِیْلُ بِحَقِّ ظَا یَا ظَاھِرُ سُبْحٰنَکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الظَّاھِرُ الْمُظْھِرُ یَا ظَاھِرُ اس اسم کا عامل استخارہ پر عبور رکھتا ہے یعنی اس کے عامل کو علم سفینہ حاصل ہوتا ہے۔ کسی بھی مشکل سے مشکل سوال کا جواب فوراً حاصل کر لیتا ہے یہ وہ علم ہے جو کتابوں سے حاصل نہیں ہوتا۔ اس علم میں استخارہ کا جواب آواز سے ہوتا ہے اور فوراً ہوتا ہے۔ تعداد روزانہ ۱۱۰۶ یا ۸۵ مرتبہ اول وآخر ۷-۷ مرتبہ درود پاک پڑھے۔

(غ) اَجِبْ یَا لَوْخَائِیْلُ بِحَقِّ غَیْنُ یَا غِیَاثُ یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَّمُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَّمُوْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَّمَعَادِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَّرَجَائِیْ حِیْنَ یَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثِیْ یَا غِیَاثُ۔ اس اسم کے عامل پر اللہ تعالیٰ کی خاص عنایت ہوتی ہے۔ ہر قسم کے رنج وغم اور مکروہات سے بفضل ربی محفوظ رہتا ہے۔ اور ہر جائز مراد دینی ودنیاوی اللہ تعالیٰ با آسانی پوری فرماتا ہے اور خزانہ غیب سے نعمتیں وروزی مرحمت فرماتا ہے۔ تعداد روزانہ ۱۰۶۰ مرتبہ یا ۱۷۸ مرتبہ ہے اول وآخر ۷-۷ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔

اگر کوئی شخص الف سے غین تک کسی بھی حرف یا اسم کا عامل بننا چاہے تو ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ ۲۸ روز یا ۴۰ روز میں تعداد پوری کرے اور پرہیز جمالی کرے بلکہ معتکف رہے کسی سے کلام نہ کرے بلکہ کسی بھی ضرورت کو لکھ کر بتا دے اگر اس صورت سے کسی بھی ایک اسم کا عمل کرے گا تو پھر کسی اور عمل کی ضرورت پیش نہ آئے گی۔ موکل مطیع ومسخر ہوں گے اور جو بھی حکم دے گا اس کو وہ پورا کریں گے۔

☆☆☆☆☆

# لوح اوج مشتری

تحریر: خالد اسحاق راٹھور۔

اگر کسی کو رات کے وقت مشکل سے نیند آتی ہو تو اسے چاہیئے کہ دن میں بالکل نہ سوئے۔ تھوڑا تھوڑا سونے کے بجائے اگر ایک ہی دفعہ سویا جائے تو نیند لمبی بھی ہوگی اور گہری بھی، اگر پھر بھی آپ رات کو دیر تک اور سکون کے ساتھ نہ سو سکیں تو پھر دوپہر کی تھوڑی سی نیند میں کوئی مضائقہ نہیں، لیکن کوشش کیجیے کہ دن میں روزانہ ایک ہی وقت سوئیں اور بہتر ہوگا کہ یہ وقت دوپہر کے شروع کا ہو۔ اس سے نیند کی کمی کسی حد تک پوری ہوگی اور آپ باقی دن بہتر طریقے سے کام کر سکیں گے۔

گرم پانی سے غسل اور ورزش کا نیند پر اچھا اثر پڑتا ہے، لیکن دیکھنا یہ ہے کہ آپ کے غسل اور ورزش کا وقت کیا ہے؟ ورزش سے ہارمون میں جو رد و بدل ہوتا ہے اور جسم کے درجہ حرارت میں جو اضافہ ہوتا ہے اس کی وجہ سے ورزش کے فوراً بعد نیند آ جانا تو مشکل ہے، لیکن دن کے دوران میں آپ جتنی توانائی بھی خرچ کریں گے، رات کے وقت اتنی ہی نیند آئے گی اور غالباً گہری بھی۔ چونکہ جسم کا درجہ حرارت ورزش کے تقریباً تین گھنٹے بعد معمول پر آتا ہے، لہٰذا درجہ حرارت کی یہ کمی بھی نیند لائے گی۔

جہاں تک گرم یا نیم گرم پانی سے غسل کا تعلق ہے اس سے جسم کا درجہ حرارت اس قدر نہیں بڑھتا جتنا ورزش سے اور یہ جلد ہی معمول پر آ جاتا ہے، لہٰذا نیند بھی جلد آنے لگتی ہے۔ تجربہ یہ ہے کہ غسل اگر گرم یا نیم گرم پانی سے کیا جائے تو ایسا سکون ملتا ہے کہ ایک گھنٹے کے اندر نیند آنے لگتی ہے اور یہ نیند گہری بھی ہوتی ہے۔

اکثر لوگ نیند کے لیے گولیاں اور دوائیں کھاتے ہیں۔ یہ دوائیں دراصل ان لوگوں کے لیے ہیں جنھیں عارضی طور پر بے خوابی کی شکایت ہوتی ہے۔ دو تین ہفتوں تک تو ان دواؤں کا استعمال ٹھیک ہے، لیکن اس سے زیادہ عرصے ان کا استعمال ذیلی اثرات پیدا کرتا ہے اور ان دواؤں کی عادت پڑ جاتی ہے جو مناسب نہیں ہے۔ دواؤں سے بہتر یہی ہے کہ بے خوابی کے مریض اپنے طرزِ زندگی اور عادات میں تبدیلی لائیں۔

نیند لانے کیلئے کچھ تدابیر کا ذکر اوپر آ چکا ہے، چند اور باتیں بھی ہیں جن کا خیال رکھنا چاہیے:۔

(۱) بستر میں اس وقت لیٹئے جب آپ کو نیند آ رہی ہو۔

(۲) بستر میں لیٹ کر ٹیلی ویژن نہ دیکھیے اور نہ کتاب پڑھیے بلکہ لیٹتے ہی سونے کی کوشش کیجیے۔

(۳) اگر رات کو سینے میں جلن محسوس ہوتی ہو تو کوشش کیجیے کہ سونے سے پہلے کھانا بند کر دیجیے۔

(۴) اگر بستر میں لیٹنے کے آدھے گھنٹے کے اندر نیند نہ آئے یا رات کو آنکھ کھل جائے اور دیر تک نیند نہ آئے تو بستر سے اٹھ جایئے اور کسی کام میں لگ جایئے۔

اس بات کا کوئی ثبوت نہیں ملتا کہ کسی خاص قسم کے گدے سے زیادہ آرام ملتا ہے یا نیند اچھی آتی ہے، لہٰذا جس گدے پر آپ کو آرام ملے اسی پر سویئے۔ یہی بات سونے کے انداز کے بارے میں بھی درست ہے۔ جس کروٹ آرام ملے یا جس انداز میں آرام ملے اسی طرح سویئے۔ البتہ رات کو اگر سینے میں جلن محسوس ہوتی ہو تو بائیں کروٹ لینا مناسب ہوگا، کیونکہ اس طرح معدے کا تیزاب پلٹ کر غذا کی نالی میں نہیں آئے گا۔ سرہانہ اونچا کرنے کا بھی یہی فائدہ ہوگا۔

اس تمام گفتگو کا خلاصہ یہ ہے کہ نیند کی کمی سے ذہن کند ہونے لگتا ہے، کارکردگی متاثر ہوتی ہے اور حادثات کا خطرہ بڑھ جاتا ہے، مدافعتی نظام کمزور ہو سکتا ہے، انسولین کی مزاحمت بڑھ جاتی ہے اور ہارمون کی پیداوار متاثر ہوتی ہے۔ یہ سب عوامل صحت پر برا اثر ڈالتے ہیں۔ جو لوگ زور زور سے خراٹے لیتے ہیں عین ممکن ہے کہ وہ جبس دم کے مریض ہوں۔ جبس دم سے صرف نیند ہی میں خلل نہیں پڑتا بلکہ دل کی بیماری کا خطرہ بھی بڑھ جاتا ہے۔

سونے سے تین گھنٹے قبل ورزش کرنے سے، مشروبات خصوصاً کیفین والے مشروبات کو سونے کے وقت سے کچھ پہلے بند کر دینے سے اور کمرے میں سونے کا ماحول پیدا کرنے سے آپ بہتر نیند لے سکتے ہیں۔ بے خوابی یا نیند میں خلل کی شکایت کبھی کبھار یا کم عرصے کے لیے ہو تو خواب آور دوا استعمال کر سکتے ہیں ورنہ اس کے ذیلی اثرات بھگتنا پڑیں گے۔ بہتر یہی ہے کہ طرزِ زندگی میں تبدیلی اور احتیاطی تدابیر کے ذریعے سے ہی اچھی نیند لینے کی کوشش کی جائے۔



free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# آپ کا عدد اور یہ ماہ

از: قیصر محمود۔

### ذاتی عدد معلوم کرنے کے دو طریقے ہیں۔

**اول:** تاریخ پیدائش کو آپس میں جمع کر کے مفرد عدد حاصل کریں۔ مثلاً 5 مئی

1995=5+5+5+9+9+1=34=4+3=7

**دوم:** اپنے نام کا عدد معلوم کریں۔ نام کا عدد حاصل کرنے کے لیے "عددی جدول" کی مدد لیں۔

مثلاً ہما= ھ۔م۔ا=5+4+1=10=0+1=1

**عددی جدول**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | ا' ی' ق' غ | 2 | ب' پ' ک' گ' ر' ڑ |
| 3 | ج' چ' ل' ش | 4 | د' ڈ' م' ت' ٹ |
| 5 | ھ' ن' ث | 6 | و' س' خ |
| 7 | ز' ژ' ع' ذ | 8 | ح' ف' ض |
| 9 | ط' ص' ظ | | |

## عدد.........1

مجموعی طور پر ایک بہتر وقت ہے۔ پچھلے کافی عرصے سے آپ ذہنی طور پر جس ٹینشن کا شکار رہے ہیں اس ماہ میں اُس ٹینشن میں کمی واقع ہوگی اور آپ ذہنی طور پر خود کو کافی چاک و چوبند محسوس کریں گے۔ آپ کے مسائل حل کرنے میں آپ کے خاندان کے لوگوں کا کافی عمل دخل ہوگا۔ نہ صرف آپ بلکہ آپ کے والد صاحب کے بھی معاشی حالات میں بہتری کی صورت پیدا ہوگی۔ آپ کو چاہیے کہ اس ماہ میں اپنے اخراجات پر نظر رکھیں۔ جہاں بس یا ویگن آسانی سے جا سکتی ہے۔ وہاں پر رکشہ لے کر جانا ضروری نہیں۔ معمولی معمولی باتوں کو اپنی انا کا مسئلہ نہ بنائیں۔ دوست احباب کے مشوروں کو غور سے سُنیں۔ اُنھیں اپنی گفتگو سے اس بات کا احساس نہ ہونے دیں کہ آپ اُن کی باتوں پر توجہ نہیں دے رہے۔ اگر آپ نئی گاڑی' موٹر سائیکل وغیرہ خریدنے کا پروگرام بنا رہے ہیں تو یہ ایک بہتر وقت گا۔ ایسے دوست جن کا نام "ع" سے شروع ہوتا ہے اُن سے محتاط رہیں اگر اُن سے قرض واپس لینا ہے تو وہ ملنا مشکل ہے۔ کوشش کریں کہ "ع" سے شروع ہونے والے نام کو کسی بھی قسم کے مسئلے کے لیے پیسے دینا نہ پڑیں کیونکہ واپس ملنے میں دقت پیش آئے گی۔ آپ کی ممانی بھی وقتی طور پر آپ کو ٹینشن دینے کا سبب بن سکتی ہے۔ شوگر اور بلڈ پریشر کو بڑھنے نہ دیں کیونکہ مسئلہ بڑھ سکتا ہے۔

اس ماہ میں اپنے اندر قدرے سستی محسوس کریں گی۔ گھریلو کام کرنے میں لاپرواہی کا مظاہرہ کریں گی۔ طبیعت میں بوجھل پن محسوس ہوگا۔ اور دل چاہے گا کہ زیادہ تر لیٹی رہیں اور سارے کام خود بخود ہو جائیں۔ فنون لطیفہ کے کاموں کی طرف رجحان زیادہ ہو جائے گا۔ بہت ساری خواتین کے قریبی عزیزوں میں نئے فرد کا اضافہ ہوگا۔ شادی شدہ خواتین کے ہاں اگر اولاد متوقع ہے تو انشاء اللہ بیٹا ہوگا۔ جو کہ ذہین اور خوبصورت ہوگا۔ زندگی میں ترقی اور کامیابی حاصل کرے گا۔ غیر شادی شدہ خواتین کے لیے ایک اچھا وقت ہے۔ شادی کے لیے کی گئی کوششیں کامیاب ہوں گی اور جس سے شادی ہوگی اُس کا تعلق بہت حد تک باہر کے ملک سے ہوگا۔ ایسی خواتین جن کی کسی شخص سے شادی کی بات چل رہی ہے یا دوستی چل رہی ہے انھیں چاہیے کہ وہ اس بہتر وقت سے فائدہ اُٹھائیں اور کوشش کریں کہ منگنی کی بجائے نکاح کر لیں۔ رخصتی بے شک بعد میں کر لیں۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 15-13-6-4 |
| نحس تاریخیں | 19-11-7-2 |

| | |
|---|---|
| لکی نمبر | 4-1 |
| صدقہ | دہی |

## عدد.........2

یہ ماہ آپ کے اندر بے چینی کی کیفیت پیدا کرے گا۔ طبیعت اور مزاج کسی ایک کام پر ٹکنے نہیں دے گا۔ آپ کو چاہیے کہ اپنے معاشی معاملات کی بہتری اور ترقی کے لیے دوسرے شہروں کا سفر کریں۔ اگر آپ کسی ایسے کام سے منسلک ہیں جس کا دائرہ دوسرے شہروں تک پھیلا ہوا ہے تو یہ بہت اچھی بات

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

ہے۔ کیونکہ جس قدر آپ سفر کریں گے بہتری کی صورت نکلے گی۔ اس ماہ کے پہلے ہفتے میں اچانک کوئی رقم بھی ہاتھ آسکتی ہے۔ اور اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو ترقی ہونے کی کافی اُمید ہے۔ اپنے باس سے بنا کر رکھیں۔ بہت ممکن ہے کہ آپ کا باس اچانک آپ کے گھر آجائے۔ شادی شدہ افراد کو سُسرال سے خاطر خواہ فائدہ ہو گا۔ خاص طور پر سب سے بڑا سالا معاشی طور پر فائدہ مند ثابت ہوگا۔ ایک حد تک طبیعت پڑھنے لکھنے کی طرف راغب رہے گی۔ دل چاہے گا کہ کوئی نئی بات، نیا علم سیکھیں۔ ایسے افراد جن کو کمپیوٹر آپریٹ کرنا نہیں آتا یا وہ کمپیوٹر کی دنیا میں مزید آگے جانا چاہتے ہیں تو اُن کے لیے یہ ایک بہترین وقت ہے۔ مختلف علوم حاصل کرنے کے لیے کی گئی کوششیں بار آور ثابت ہوں گی۔



کی طبیعت میں تیزی کا عنصر شامل رہے گا۔ البتہ کبھی کبھی طبیعت اچانک گھبرا سکتی ہے۔ خواتین کو چاہیے کہ وہ پانی کا استعمال زیادہ رکھیں۔ شادی شدہ خواتین کے اُوپر سُسرالی رشتہ داروں کا پریشر زیادہ رہے گا۔ اور وہ خود بھی دوران گفتگو اپنے مزاج میں قدرے جذباتی شدت محسوس کریں گی۔ جس کی وجہ سے گفتگو میں ضد کا عنصر نمایاں نظر آئے گا۔ ایسی شادی شدہ خواتین جو سمجھتی ہیں کہ اُن کے سُسرال اُن کی باتوں کو اہمیت نہیں دیتے انھیں چاہیے کہ وہ ایک حد میں رہ کر اگر اپنے مسائل یا کام سُسرال کے سامنے رکھیں تو یقیناً انھیں کامیابی ملے گی۔ بہت ساری خواتین کے رشتہ داروں کے چھوٹے چھوٹے خاندانی مسائل سر اُٹھائیں گے جس کی وجہ سے تلخیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔ خواتین کو چاہیے کہ وہ اپنی سُنانے کی بجائے دوسروں کی باتوں کو توجہ سے سُنیں اور منہ سے کوئی ایسی بات نہ نکالیں جو کل کو اُن کے لیے مسئلہ کھڑا کر دے۔ غیر شادی شدہ خواتین شادی کے معاملات میں احتیاط سے کام لیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعد تاریخیں | 21-12-7-3 | لکی نمبر | 7-3 |
| نحس تاریخیں | 22-8-6-1 | صدقہ | دہی |

## عدد.........3

مجموعی طور پر ایک بہتر وقت ہے۔ کاروبار کی ترقی اور کامیابی کے لیے کی گئی کوششیں بار آور ثابت ہوں گی۔ اور انشاء اللہ خاطر خواہ فائدہ ملے گا۔ ایسے تمام افراد جو کافی دیر سے نوکری حاصل کرنے کی کوشش میں لگے ہوئے تھے اور نوکری حاصل کرنے میں ناکامی کا شکار تھے انھیں اس ماہ میں نوکری مل جائے گی۔ اور معاشی مسئلہ بہت حد تک حل ہو جائے گا۔ آپ کو چاہیے کہ اس ماہ میں اُن لوگوں سے زیادہ ملیں جن کا نام "م" اور "ف" سے شروع ہوتا ہے۔ کیونکہ آپ کے مسائل کو حل کرنے میں یہ لوگ بہت حد تک معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ گورنمنٹ سے متعلقہ لوگ بھی فائدہ دیتے نظر آتے ہیں۔ اگر آپ کو یہ کہا جائے کہ چھوٹے کام میں ہاتھ ڈالنے کی بجائے کسی بڑے کام میں ہاتھ ڈالیں تو یہ زیادہ بہتر ہے۔ کیونکہ یہ وقت آپ سے تقاضا کرتا ہے کہ جو بھی کام کریں وہ مستقل بنیادوں پر کریں۔ البتہ اگر آپ نیا گھر خریدنا چاہتے ہیں یا کسی بہتر جگہ پر رہائش رکھنا چاہتے ہیں تو 10 تاریخ کے بعد ہی ایسا قدم اُٹھائیں۔ ایک اچھا گھر مناسب قیمت یا کرایہ پر حاصل کر لیں گے۔ صحت کا خیال رکھیں۔ کھٹی چیزوں سے پرہیز لازم ہے کیونکہ گلا خراب ہونے کے ساتھ ساتھ کھانسی کی شکایت ہو سکتی ہے۔ اگر احتیاط نہ کی گئی تو خوانخواستہ دمہ کی شکایت ہو سکتی ہے۔



کی توجہ اس ماہ میں زیادہ تر ننھیالی رشتہ داروں کی طرف رہے گی۔ مختلف اوقات میں رشتہ داروں سے میل ملاقات ہوتی رہے گی۔ خاص طور پر ماموں اور ممانی سے زیادہ ملاقات رہے گی۔ طبیعت میں تیزی کا عنصر نمایاں رہے گا۔ گھر کے کاموں میں دل لگے گا اور کوشش کی جائے گی کہ تھوڑے وقت میں زیادہ کام کیا جائے۔ آپ اپنے کام کی تعریف بھی سُنیں گی۔ شادی شدہ خواتین اگر گھر کی آرائش کے لیے کچھ نئی چیزیں خریدنا چاہتی ہوں تو 15 تاریخ کے بعد کا وقت نئے سامان کی خرید کے لیے مناسب رہے گا۔ سوشل تقاریب میں بھی جانے کا موقع ملے گا۔ اور نئے لوگوں سے تعارف حاصل ہوگا۔ شادی شدہ خواتین اگر 15 تاریخ کے بعد اپنے شوہر کے مزاج میں تلخی یا چڑچڑا پن محسوس کریں تو خود کو جواباً زیادہ جذباتی نہ ہونے دیں۔ شوہر کی باتوں کا جواب نہایت تحمل سے دیں۔ یقیناً جھگڑا بڑھنے کی نوبت نہیں آئے گی۔ غیر شادی شدہ خواتین کے ہاں رشتہ آنے کی توقع کی جا سکتی ہے۔ کبھی کبھار سر درد کی شکایت بھی پیدا ہو سکتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعد تاریخیں | 23-11-6-2 | لکی نمبر | 6-2 |
| نحس تاریخیں | 17-16-9-5 | صدقہ | سفید چنے |

## عدد.........4

آپ کے مزاج میں اس ماہ غصے کے جراثیم بڑھ جائیں گے آپ دوسروں کی باتوں کا جواب قدرے سختی سے دیں گے جس کی وجہ سے آپ کے بہت سارے دوست آپ سے ناراض ہو سکتے ہیں بلکہ یہاں تک کہا جا سکتا ہے کہ اگر

free copy
khalidrathore.com

آپ نے دوسروں کے ساتھ زندگی کے معاملات میں سختی' ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کیا تو آپ کو اُس سے زیادہ سختی اور ہٹ دھرمی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ معمولی گفتگو بھی تلخی کا شکار ہوسکتی ہے۔ اس لیے معاملات زندگی میں حاضر دماغی کا مظاہرہ کریں۔ کسی بھی مسئلے پر دوران گفتگو اگر خود کو جذباتی ہوتا محسوس کریں تو بے شک وقتی طور پر وہ جگہ چھوڑ دیں۔ اس سے بات زیادہ بگڑنے سے بچ جائے گی۔ نوکری پیشہ اور کاروباری حضرات دوسرے لوگوں کی باتوں پر کان نہ دھریں اور نہ ہی انہیں سنجیدگی سے لیں۔ کسی کی گاڑی میں سفر کرنے کی بجائے اکیلے سفر کرنے کو ترجیح دیں۔ اگر آپ کے پاس اپنی گاڑی ہے تو تب بھی اکیلے ہی سفر کریں۔ اگر کہیں اکٹھے جانے کی بہت شدید ضرورت محسوس کریں تو اپنے ساتھ کسی بھی ایسے نوجوان کو لے جانے سے گریز کریں جس کا رنگ سانولا ہو اور نقوش تیکھے ہوں کیونکہ خوانخواستہ حادثے کا خطرہ ہے۔



خواتین اس ماہ میں جذباتی کشمکش کا شکار رہیں گے۔ خاص طور پر اس ماہ کے دوسرے ہفتے میں زیادہ چڑچڑی ہوجائیں گی۔ طبیعت میں غیر معمولی اعتماد محسوس ہوگا۔ جس کی وجہ سے کچھ ایسے فیصلے بھی جلد بازی میں کر جائیں گی جن کی وجہ سے بعد میں پچھتانا پڑے۔ شادی شدہ خواتین کی زیادہ توجہ شوہر کی جیب پر ہوگی۔ کبھی کبھی اُنھیں یوں بھی محسوس ہوگا جیسے اُن کا شوہر روپے دینے کے معاملے میں جھوٹ بول رہا ہے۔ ایسی خواتین کو چاہیے وہ شوہر کے ساتھ زیادہ بحث ومباحثہ سے پرہیز کریں۔ تلخی کو زیادہ بڑھنے نہ دیں ورنہ معاملات میں بگاڑ پیدا ہوگا جس کا انجام یقینی طور پر ٹھیک نہیں ہوگا۔ معاملات کو سدھارنے میں آپ کے بڑے ماموں اور ممانی معاون ثابت ہوسکتے ہیں۔ بازار میں خریداری کرتے وقت ادھر اُدھر دیکھنے کی بجائے زیادہ توجہ سامنے کی طرف رکھیں۔ پاؤں کسی چھلکے وغیرہ سے پھسل سکتا ہے اور موچ آسکتی ہے۔ کوشش کریں کہ بازار جاتے وقت اُونچی ہیل کی جوتی نہ پہنی جائے بلکہ چھوٹی ہیل والی جوتی استعمال ہو۔

| سعد تاریخیں | 22-15-10-6 | لکی نمبر | 9-1 |
|---|---|---|---|
| نحس تاریخیں | 16-13-11-8 | صدقہ | کالے چنے |

## عدد..........5

ایک بہتر وقت آیا ہے۔ آپ اس ماہ میں اپنے بہت سارے رُکے ہوئے کاموں کو پایہ تکمیل تک پہنچاسکیں گے۔ نئے لوگوں سے تعارف حاصل ہوگا جن کے ساتھ تعلق کافی دیر تک رہے گا۔ اندرون ملک سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ گفتگو میں تیزی کے ساتھ ساتھ اعتماد بھی نظر آئے گا۔ آپ کو چاہیے کہ وقت ضائع بالکل نہ کریں۔ وہ تمام معاملات جن کا تعلق روپے سے ہے اُن کو حل کریں۔ یقیناً کامیابی ملے گی۔ البتہ اخراجات پر بھی نظر رکھنا ہوگی۔ غیر محسوس انداز میں اخراجات بڑھتے جائیں گے۔ ایسے تمام افراد جنھیں دوسرے شہر کے دوستوں سے قرض وصول کرنا ہے وہ اس ماہ میں قرض واپس لینے کے لیے ضرور کوشش کریں۔ انشاء اللہ ڈوبی ہونے رقم ملنے کا کافی حد تک امکان ہے۔ رقم ملنے کی صورت میں صدقہ وخیرات ضرور دیں۔ اس ماہ کے دوسرے ہفتے میں اگر آپ باہر کے ممالک میں رہائش پذیر دوستوں سے بھی کسی مالی مدد کی درخواست کریں تو وہ ضرور مدد کریں گے۔



کا اس ماہ میں زیادہ وقت شاپنگ سنٹرز میں گزرے گا۔ دل چاہے گا کہ ساری مارکیٹ اُٹھا کر گھر لے جاؤں۔ سیر وتفریح کرنے کے مواقع ملیں گے۔ اگر آپ گھر میں سب سے چھوٹی ہیں تو آپ کو والدہ کی طرف سے بہت سارے معاملات میں معاونت ملے گی۔ بڑی اور خوبصورت گلاڑیوں میں بیٹھنے اور سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ کہا جاسکتا ہے کہ آپ کے پرس میں جس وقت بالکل روپے نہ ہوں گے اُس وقت بھی پرس کھولنے پر 600 روپے تو ضرور ملیں گے۔ اس سے کم ہونا بہت مشکل ہے۔ اگر آپ خاندان میں دوسرے نمبر پر ہیں تو آپ کی توجہ مختلف علوم حاصل کرنے کی طرف رہے گی۔ جن میں کمپیوٹر اور لاء سرِفہرست ہیں۔ اگر آپ سے بڑا بھائی ہے تو وہ یقیناً آپ کے بہت سارے معاملات میں آپ کی مدد کرے گا۔ مجموعی طور پر ایک بہتر وقت ہے۔ البتہ صحت کا خیال رکھیں۔ زیادہ دیر تک ایک ہی جگہ پر بیٹھنے سے ہاتھ پاؤں سُن ہوسکتے ہیں۔ جوڑوں میں درد بھی ہوسکتا ہے۔

| سعد تاریخیں | 23-6-4-1 | لکی نمبر | 4-1 |
|---|---|---|---|
| نحس تاریخیں | 21-9-3-2 | صدقہ | گندم |

## عدد..........6

یہ ماہ زندگی کے مختلف معاملات میں اچانک چھوٹی چھوٹی تبدیلیاں لائے گا جو کہ زیادہ ترمثبت ہوں گی۔ کاروباری حضرات اپنے کاروبار کی بہتری و ترقی کے لیے اگر مختلف شہروں کا دورہ کریں تو یہ اُن کے حق میں بہت اچھا رزلٹ دے گا۔ بہت زیادہ لوگوں کی رہائش تبدیل ہوجائے گی۔ بالخصوص نوکری پیشہ افراد کی دوسرے شہر میں ٹرانسفر ہوجائے گی۔ بہت زیادہ لوگوں کو اُن کے رشتہ داروں کی

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

طرف سے مالی فائدہ ملنے کی توقع کی جاسکتی ہے۔ اگر آپ کا تعلق فنونِ لطیفہ سے متعلق کاموں کی طرف ہے تو یہ ماہ آپ کو خاطر خواہ کامیابی دے گا۔ نئے اور اچھوتے خیالات ذہن میں آئیں گے۔ اگر آپ ان خیالات کو اپنے کام کی ترقی کے لیے باقاعدہ لکھ کر استعمال میں لائیں تو آنے والے وقت میں آپ بے پناہ فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ مزاج میں قدرے سُستی اور لاپرواہی پیدا ہوسکتی ہے۔ البتہ رحم دلی کے جذبات بہت زیادہ بیدار ہوں گے۔ کسی ایک ہی کام یا جگہ پر ٹکنا کافی مشکل نظر آئے گا۔ دور دراز کے دوستوں سے ملاقات ہوگی۔ نئی خواتین سے تعارف حاصل ہوگا جو کہ اچھی دوستی میں تبدیل ہوسکتا ہے۔ اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ کھانے پینے کی اشیاء کا استعمال کرتے وقت احتیاط نہ کی گئی تو ہیضہ، نزلہ، زکام اور بخار کی شکایت پیدا ہوسکتی ہے۔



کام کرنے کی بجائے آرام طلبی کی طرف راغب ہوں گی۔ تھوڑا سا کام کرنے سے طبیعت بوجھل اور تھکی تھکی محسوس ہوگی۔ ایسے موقع پر سیر وتفریح طبیعت پر خوشگوار اثر چھوڑے گی۔ رات کو دیر تک جاگنا اور صبح دیر سے اُٹھنا اچھا لگے گا۔ بھوک کم لگے گی۔ اور بعض اوقات آپ ضرورت سے زیادہ کھانا کھا جائیں گی۔ شادی شُدہ خواتین کو قریبی رشتہ داروں کی طرف سے مالی فائدہ ملے گا۔ سُسرال میں عزت بڑھے گی البتہ چھوٹے دیور سے کسی بات پر ناراضگی ہوسکتی ہے۔ چھوٹے بہن بھائیوں کی طرف سے کامیابی کی خبریں ملیں گی۔ اگر آپ کا چھوٹا بھائی یا بہن نوکری نہ ملنے کی وجہ سے پریشان ہیں تو یقیناً اس ماہ میں انہیں اچھی نوکری مل جائے گی۔ مجموعی طور پر خواتین کو چاہیے کہ وہ زیادہ پیٹ بھر کر کھانا نہ کھائیں۔ شام کو کھانے کے بعد واک کریں۔ تاکہ طبیعت میں سکون اور شگفتگی کا عنصر نمایاں رہے۔ چھوٹے چھوٹے کام کریں تاکہ ذہن بٹا رہے۔ غیر شادی شدہ خواتین کی منگنی اور شادی کی صورت بھی نکل سکے گی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعد تاریخیں | 21-3-9-5 | لکی نمبر | 4-1 |
| نحس تاریخیں | 25-11-7-2 | صدقہ | شربت |

## عدد..........7

ایک بہتر وقت ہے۔ ایسے تمام افراد جو ایک عرصے سے بیرون ملک جانے کی کوششوں میں لگے ہوئے تھے اور انھیں کامیابی نہیں مل پارہی تھی انھیں یقیناً اس ماہ میں خاطر خواہ کامیابی ملے گی۔ معاشرے کے سرکردہ لوگوں سے تعارف ہوگا جو کہ عزت وتوقیر کا باعث ہوگا۔ کاروباری اور نوکری پیشہ افراد بھی کامیابی کی منزل کی طرف بڑھیں گے۔ معاشی استحکام ملے گا۔ اچانک روپیہ ملنے کی توقع بھی کی جا سکتی ہے۔ طبیعت دین، مذہب کی طرف بھی مائل ہوگی۔ کسی مذہبی مقام کی زیارت کا موقع بھی مل سکتا ہے اور نیک لوگوں کی صحبت میں بھی اکثر وقت گزرے گا۔ ایسے تمام افراد جن کی تعلیم کسی وجہ سے رُک گئی تھی اور وہ مزید تعلیم حاصل کرنے کے لیے کسی بہتر وقت کا انتظار کر رہے تھے اُن کے لیے یہ ماہ ایک بہتر وقت کی نوید ہے وہ چاہیں تو دوبارہ سے اپنا تعلیمی سلسلہ چلا سکتے ہیں۔ نوکری پیشہ افراد کو اُن کے باس کی طرف سے کوئی میڈل یا تحفہ مل سکتا ہے جو کہ بہت حد تک نقدی کی صورت میں ہو سکتا ہے۔



کے لیے بھی یہ ماہ بہتر ثابت ہوگا۔ طبیعت میں سکون اور اطمینان رہے گا۔ خاندان کے بڑوں کی طرف سے عزت اور پیار ملے گا۔ ایسی خواتین جو اپنے خاندان میں سب سے بڑی ہیں انھیں بیرون ملک سفر کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ کسی مقدس مقام کی زیارت کا موقع بھی مل سکتا ہے۔ والد اور بڑے بھائی اس سلسلے میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ شادی شُدہ خواتین اپنے شوہر کے ساتھ جا سکیں گی۔ ایسی خواتین جن کے گھر میں کام کرنے کے لیے ملازمین ہیں انھیں اپنے ملازمین کی طرف سے قدرے ہوشیار رہنا ہوگا۔ اپنا زیور سنبھال کر رکھنا ہوگا۔ چوری ہوسکتا ہے۔ اگر احتیاط کی گئی تو مسئلہ پیدا نہیں ہوگا۔ بازار جاتے وقت اپنے ساتھ چھوٹے بچوں کو لے جانا پریشانی کا باعث ہوگا کیونکہ وقتی طور پر بچے نظروں سے اوجھل ہو کر پریشانی کا سبب بنیں گے۔ شادی شدہ خواتین کے ہاں اگر اولاد متوقع ہے تو انشاء اللہ بیٹا پیدا ہوگا جس کا رنگ گندمی اور بال سنہری ہوں گے، آنکھیں ڈارک براؤن ہوں گی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعد تاریخیں | 16-12-7-3 | لکی نمبر | 5-1 |
| نحس تاریخیں | 22-8-6-4 | صدقہ | زردہ |

## عدد..........8

ایک نارمل وقت ہے۔ آپ جو کام پہلے سے کر رہے ہیں اُسے مزید بڑھانے کے لیے سوچیں یقیناً عمدہ خیالات سامنے آئیں گے۔ چھٹی حس بہت تیز محسوس ہوگی۔ جس سے آپ بہت سارے معاملات میں راہنمائی حاصل کر سکیں گے۔ ایسے شادی شدہ افراد جن کی بیوی جاب کرتی ہے انھیں بیوی کی طرف سے مالی فائدہ ملنے کی توقع کی جاسکتی ہے۔ کاروباری افراد کو کسی بھی قسم کی شراکت داری سے پرہیز کرنا چاہیے۔ کیونکہ بزنس پارٹنر شپ کی آفر آسکتی ہے۔ کسی کے ذاتی

free copy
khalidrathore.com
LunaTech Document Processing Solutions

معاملات میں دخل اندازی آپ کے لیے مسائل پیدا کرسکتی ہے۔ اگر کوئی معاملہ سامنے آتا ہے تو ادھر اُدھر ہو جائیں۔ اپنے لیڈرانہ مزاج پر قابو رکھنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ زیادہ بحث ومباحثہ سے بھی پرہیز کریں بولنے کی بجائے سُننا زیادہ فائدہ دے گا۔ گاڑی یا موٹر سائیکل چلاتے وقت احتیاط کریں کہیں آنا جانا ہو تو اکیلے سفر کرنے کو ترجیح دیں اگر کوئی ساتھ ہوگا تو حادثے کا خطرہ ہے۔ شوگر اور بلڈ پریشر بڑھ سکتا ہے۔ احتیاط لازم ہے۔



بھی اپنے جذبات پر قابو رکھیں۔ محلے کی لڑائی کو اپنی ذاتی لڑائی نہ بنائیں۔ دوسروں کے معاملات انھیں خود حل کرنے دیں۔ اگر آپ دوسروں کے معاملات میں زیادہ دخل اندازی کریں گی تو ممکن ہے کہ جس کی طرف داری کر رہی ہوں کل کو وہی آپ کو طعنہ دے کہ آپ نے اُس کا ساتھ کیوں دیا۔ زیادہ وقت گھر پر گزاریں اور خود کو مصروف رکھیں۔ شوہر اگر پریشان نظر آئیں تو اُسے اگر اچھا مشورہ نہ دے سکیں تو کم از کم مزید پریشان نہ کریں۔ غیر شادی شدہ خواتین رشتے کے لیے بالکل بھاگ دوڑ نہ کریں کیونکہ وقت اُن کی طرف داری نہیں کر رہا۔ اگر منگنی ہو چکی ہے اور شادی میں یا رخصتی میں تاخیر ہو رہی ہے تو اس ماہ صبر کریں۔ ہونے والے سُسرال کو زیادہ پریشر نہ دیں یہی وقت کا تقاضا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعد تاریخیں | 19-10-7-6 | لکی نمبر | 6-4 |
| نحس تاریخیں | 20-12-9-3 | صدقہ | سفید چاول |

## عدد.........9

یہ ماہ آپ کے لیے بہت سارے معاملات میں کامیابی لے کر آئے گا۔ بہت سارے رُکے ہوئے کام ہونے کی تدبیر پیدا ہو جائے گی۔ دوست احباب سے وابستہ اُمیدیں پوری ہوں گی۔ سیر وتفریح کا موقع ملے گا۔ حلقہ احباب میں کم از کم پانچ نئے دوستوں کا اضافہ ہوگا۔ سب سے اچھے دوست کا نام "م" سے شروع ہوگا۔ اگر آپ لکی نمبر یا لاٹری، انعامی بانڈ وغیرہ خریدنے کے شوقین ہیں تو آپ کے لیے یہ ماہ لکی ثابت ہوسکتا ہے۔ کوئی نہ کوئی انعام لگ سکتا ہے۔ جس کی رقم ایک ہزار سے لے کر پانچ ہزار روپے تک ہوسکتی ہے۔ کوشش ضرور کریں۔ کسی نئی خاتون سے دوستی ہوسکتی ہے۔ جو بعد میں شادی کی صورت اختیار کرلے گی۔ کام کی رفتار میں تیزی پیدا ہوگی۔ شادی شدہ افراد کے چھوٹے بہن بھائی اور رشتہ دار گھریلو مسائل ومعاملات میں معاون ثابت ہوں گے۔ اس ماہ کے دوسرے ہفتے میں صحت کے مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔ کھانے پینے میں احتیاط لازم ہے۔ ہیضے کی شکایت پیدا ہوسکتی ہے۔ الرجی ہوسکتی ہے۔



اس ماہ میں طبیعت میں بہت سکون محسوس کریں گی۔ مزاج میں شگفتگی کا عنصر نمایاں رہے گا۔ مختلف تقریبات میں شرکت کرنے کا موقع ملے گا۔ حلقہ احباب میں اضافہ ہوگا۔ طبیعت فنون لطیفہ کے کاموں کی طرف راغب رہے گی۔ موسیقی سُننا اچھا لگے گا۔ جو خواتین شاعری کرتی ہیں وہ یقیناً اس ماہ میں کافی غزلیں وغیرہ لکھیں گی۔ شادی شدہ خواتین اپنے شوہر کی ترقی کی خبر سُنیں گی۔ اور اگر اولاد متوقع ہے تو انشاء اللہ بیٹا پیدا ہوگا جو کہ صحت مند ہوگا اور ایک بہتر زندگی گزارے گا۔ البتہ اُس کے تعلیمی کیئریر میں رکاوٹ آسکتی ہے۔ کوشش کریں کہ بیٹے کے پیدا ہونے کے بعد اُس کا صدقہ کسی ماہر علوم مخفی وغیرہ سے پوچھ کر دیں۔ تاکہ آئندہ زندگی بہتر گزر سکے۔ صحت کا خیال رکھیں۔ پیٹ کی بیماریاں سر اُٹھا سکتی ہیں۔ کھانے میں گوشت کا استعمال کم کریں

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعد تاریخیں | 25-19-10-5 | لکی نمبر | 9-5 |
| نحس تاریخیں | 22-11-7-3 | صدقہ | دال مونگ |

☆☆☆☆☆


# اسباق دست شناسی

☆ یہ کتاب 'پامسٹری' کے ہر طالب علم کی ضرورت ہے۔

☆ یوں تو دست شناسی کے موضوع پر لاتعداد چھوٹی بڑی کتب بازار میں دستیاب ہیں۔ تاہم اس کتاب کو تحریر کرتے ہوئے اس بات کو مدنظر رکھا گیا ہے کہ قارئین دست شناسی کی دقیق اور فنی بنیادوں کو سمجھ سکیں۔ اس کو اسباق کے طرز پر تحریر کیا گیا ہے۔ اس کتاب کی مدد سے ہر فرد علم دست شناسی کو باآسانی سمجھ سکتا ہے۔ تعین وقت کے حوالے سے اس کتاب میں خصوصی بحث کی گئی ہے۔

قیمت 60 روپے علاوہ محصول ڈاک۔

# مفت ایک سوال کا جواب

## شرائط

سوال مختصر اور جامع ہو۔

ایک کوپن پر صرف ایک سوال ارسال کریں سوال کے ہمراہ درج ذیل کوپن لازم ارسال کیا جائے۔ کوائف الگ صفحے پر تحریر کر کے ارسال کریں۔ سوال کا جواب ہر ماہ ان صفحات میں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ ارسال کرنے کی ضرورت نہیں۔ نوٹ: شرائط پر پورے نہ اترنے والے خطوط کے جواب سے پیشگی معذرت۔

**ایک سوال کا جواب مفت کوپن**

کوپن برائے ماہ اگست

نام ________

نام والدہ ________ پیدائش کی تاریخ، وقت اور مقام ________ کوپن مکمل کرنے کی تاریخ، وقت اور مقام ________ سوال یا مقصد جس کے لیے کوپن ارسال کیا جا رہا ہے ____ آپ کا مکمل پتہ (صاف ستھرا تحریر کریں) ________

بابا عبدالستار---نڈور باری۔

**جواب** : آپ کا برج حمل اور ستارہ مریخ ہے۔ حمل کے تحت حالات وغیرہ دیکھا کریں۔ کتب منگوانے کے لیے مطلوبہ کتب کی قیمت بمعہ ڈاک خرچ ارسال کر دیں۔ کتب آپ کو مل جائیں گی۔

سرفراز احمد---لکڑ اکلاں۔

**جواب** : آپ میں عامل بننے کی صلاحیت بلاشبہ ہے۔ تاہم اس کو پالش کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ آپ اس مقصد کے لیے ادارے کے تحت جاری کورسز میں بھی داخلہ لے سکتے ہیں۔ تفصیلات پتہ ارسال کر کے مفت حاصل کی جاسکتی ہیں۔

رفاقت علی---اسلام آباد۔

**جواب** : فی الحال ذاتی گھر بنانے کے امکانات نظر نہیں آ رہے۔

سہیل اختر---پشاور۔

**جواب** : دو ماہ کے بعد حالات میں معمولی تبدیلی آئے گی۔ کسی خاص مثبت بہتری کا ابھی امکان نہیں ہے۔ آپ لوح خوش قسمتی یا طلسم تسخیر و حاجت بنوالیں۔

محمد فہد---لاہور۔

**جواب** : آپ شرف زہرہ کی لوح بنوالیں یا طلسم تسخیر و حاجت۔ یہی آپ کے مسئلے کا حل ہے۔

محمد ایوب---پشاور۔

**جواب** : انگوٹھی کا ہدیہ 450 روپے ہے۔ 50 روپے ڈاک خرچ۔ کل پانچ سو روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال کر کے انگوٹھی منگوا سکتے ہیں۔

تسنیم کوثر---مورو، جہلم۔

**جواب** : آپ کی تحریر پڑھی نہیں جاسکی۔ سو جواب کیسے دیا جائے۔ دوبارہ کوپن صاف تحریر کے ساتھ ارسال کریں۔ شکریہ۔

محمد سعید---کراچی۔

**جواب** : فی الحال آپ کی خواہش پوری ہونے کا امکان نہیں ہے۔

عصمت اللہ عرف شکیل---سیالکوٹ۔

**جواب** : یہ کوپن صرف ایک سوال کے لیے ہے سو ایک سوال کا جواب حاضر ہے۔ جلالی اور جمالی پرہیز کی مکمل تفصیل آپ کو ادارہ کی شائع کردہ کتاب راہنمائے عملیات میں مل جائے گی۔ اس کتاب کی قیمت 80 روپے اور ڈاک خرچ 25 روپے۔ کل 105 روپے ارسال کر کے یہ کتاب منگوائی جاسکتی ہے۔

رفاقت علی---اسلام آباد۔

**جواب** : ابھی ایسا ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ بیٹی کا باقاعدہ علاج کروائیں۔ تندرستگی میں ابھی وقت لگے گا۔

محمد جاوید---ڈگری۔

**جواب** : آپ کی خواہش جلد پوری ہو جائے گی۔

اسلم چوہان---پشاور۔

**جواب** : آپ پر جادو وغیرہ کا اثر نہیں ہے۔ ڈاکٹری علاج کروائیں۔ تندرستگی ہو جائے گی۔

محمد فہیم قریشی---راولپنڈی۔

**جواب** : آپ کی خواہش پوری ہوتی نظر نہیں آ رہی۔ آپ خصوصی طلسم تسخیر و حاجت حصول کامیابی کے لیے بنوالیں۔

ساجد حسین---کراچی۔

**جواب** : ایک صفحے پر آپ سے جتنے سوال ممکن تھے تحریر کر دیئے۔ معذرت یہ کوپن صرف ایک سوال تحریر کرنے کے لیے۔

سید محمود شاہ---پشاور شہر۔

**جواب** : آپ اپنا علاج کسی اچھے ڈاکٹر سے کروائیں ساتھ ہی روحانی علاج پر بھی توجہ دیں۔ اس حوالے سے ادارے سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

محمد عمر، لاہور۔

**جواب** : آپ یا آپ کے بچوں پر جادو کا اثر نہ ہے، اتنی چھوٹی عمر کے بچے عموماً بیمار ہو جاتے ہیں۔ بس بچوں کو صاف ستھرا ماحول دیں خود بخود بیماری سے جان چھوٹ جائے گی۔ بچوں کو کسی لوح کی ضرورت نہیں۔ کورسز کے لیے آپ جوابی لفافہ ارسال کر کے تفصیلات حاصل کر لیں۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

تحقیق خالد اسحاق راٹھور

# کون سا کام کب کریں

## خوش قسمت اوقات/مہورت

### حصول کامیابی کا قدیم ترین اور حتمی طریقہ

ایک خاص اور قدیم طریقہ کار کے مطابق مختلف کام کرنے کے سعد اوقات کو استخراج کیا گیا ہے۔ آپ جو بھی کام شروع کرنا چاہتے ہیں ذیل کے جدول میں دی گئی تاریخ اور وقت پر کریں۔ انشاء اللہ بہتر نتائج حاصل ہوں گے اور متعلقہ کام میں آپ کو کامیابی نصیب ہو گی۔ آپ ان سعد اوقات کو اپنے دوستوں، ملنے والوں اور حلقہ اثر میں آنے والے لوگوں کو بتا کر ان کی راہنمائی بھی کر سکتے ہیں۔ ذیل میں 60 سے زائد معاملات کے لیے سعد اوقات کار کا استخراج کر دیا گیا ہے۔ بعض لوگ صرف منازل قمر کے حوالے سے بھی احکام اخذ کرتے ہیں جو ایک سادہ اور ابتدائی علم کا مظہر طریقہ ہے۔ جبکہ ذیل کے احکام نجومی حساب کی تمام باریکیوں کو سامنے رکھ کر تحریر کیے گئے ہیں۔ اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔

| تاریخ ابتداء | وقت ابتداء | تا | تاریخ اختتام | وقت اختتام |
|---|---|---|---|---|
| رشتہ لینے، شادی، منگنی اور نکاح کا وقت | | | | |
| 3-8-2004 | 14-37 | تا | 3-8-2004 | 20-10 |
| 8-8-2004 | 14-26 | تا | 9-8-2004 | 03-15 |
| 18-8-2004 | 03-15 | تا | 18-8-2004 | 15-13 |
| 31-8-2004 | 00-32 | تا | 31-8-2004 | 06-01 |
| شراکت، مشترکہ کاروبار کی ابتداء | | | | |
| 9-8-2004 | 22-42 | تا | 10-8-2004 | 18-15 |

| تاریخ ابتداء | وقت ابتدا | تا | تاریخ انتہا | وقت انتہا |
|---|---|---|---|---|
| 16-8-2004 | 02-22 | تا | 16-8-2004 | 08-33 |
| 16-8-2004 | 20-50 | تا | 17-8-2004 | 02-59 |
| ملازم رکھیں (مرد) | | | | |
| 7-8-2004 | 13-04 | تا | 8-8-2004 | 20-50 |
| 16-8-2004 | 08-33 | تا | 17-8-2004 | 02-59 |
| 17-8-204 | 15-08 | تا | 18-8-2004 | 03-15 |
| 20-8-2004 | 20-08 | تا | 21-8-2004 | 01-56 |
| ملازم رکھیں (عورت) | | | | |
| 4-8-2004 | 13-05 | تا | 4-8-2004 | 18-50 |
| 4-8-2004 | 13-05 | تا | 1-8-2004 | 22-50 |
| 31-8-2004 | 22-50 | تا | 1-9-2004 | 04-26 |
| ہڈی جوڑنے/آپریشن اور جراحی وغیرہ | | | | |
| 5-8-2004 | 18-16 | تا | 6-8-2004 | 00-13 |
| 6-8-2004 | 06-12 | تا | 6-8-2004 | 12-20 |
| 25-8-2004 | 16-45 | تا | 25-8-2004 | 22-05 |
| کوئی بھی کام شروع کریں | | | | |
| 2-8-2004 | 11-25 | تا | 2-8-2004 | 16-48 |
| 9-8-2004 | 22-42 | تا | 10-8-2004 | 11-43 |
| 29-8-2004 | 21-24 | تا | 30-8-2004 | 02-45 |
| کپڑے کاٹنے کے لیے/نیا فیشن/اختراع | | | | |
| 17-8-2004 | 02-59 | تا | 17-8-2004 | 09-05 |
| زمینوں کی آبادکاری اور کاشت | | | | |
| 17-8-2004 | 02-59 | تا | 17-8-2004 | 09-05 |
| 17-8-2004 | 21-12 | تا | 18-8-2004 | 03-15 |

| تاریخ ابتداء | وقت ابتدا | تا | تاریخ انتہا | وقت انتہا |
|---|---|---|---|---|
| نہریں و کنویں کھودنے، صفائی و مرمت | | | | |
| 6-8-2004 | 00-13 | تا | 6-8-2004 | 06-12 |
| بدلہ لینے/لڑائی شروع کرنے/مقابلے | | | | |
| 1-8-2004 | 09-02 | تا | 1-8-2004 | 14-17 |
| 6-8-2004 | 18-28 | تا | 7-8-2004 | 00-35 |
| 13-8-2004 | 17-35 | تا | 13-8-2004 | 23-59 |
| 28-8-2004 | 18-46 | تا | 29-8-2004 | 00-03 |
| پیغام رساں بھیجنے/داخلہ لینے/صلح کرنے | | | | |
| 1-8-2004 | 09-02 | تا | 1-8-2004 | 14-17 |
| 28-8-2004 | 08-11 | تا | 28-8-2004 | 13-28 |
| 28-8-2004 | 18-46 | تا | 29-8-2004 | 00-03 |
| بچوں کی تعلیم/پڑھائی/ٹیوشن شروع کرنے | | | | |
| 8-8-2004 | 14-26 | تا | 9-8-2004 | 03-15 |
| 9-8-2004 | 09-43 | تا | 9-8-2004 | 16-13 |
| تجارت/نیا کاروبار/نیا سودا/خرید و فروخت | | | | |
| 3-8-2004 | 03-34 | تا | 3-8-2004 | 09-04 |
| 6-8-2004 | 18-28 | تا | 7-8-2004 | 13-04 |
| 10-8-2004 | 18-15 | تا | 11-8-2004 | 00-47 |
| 11-8-2004 | 13-49 | تا | 11-8-2004 | 20-20 |
| 17-8-2004 | 02-59 | تا | 17-8-2004 | 09-05 |
| 17-8-2004 | 15-08 | تا | 18-8-2004 | 09-15 |
| 18-8-2004 | 21-10 | تا | 19-8-2004 | 03-08 |
| 21-8-2004 | 07-41 | تا | 21-8-2004 | 19-05 |
| 30-8-2004 | 13-37 | تا | 30-8-2004 | 19-05 |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

| تاریخ ابتداء | وقت ابتدا | تا | تاریخ انتہا | وقت انتہا |
|---|---|---|---|---|
| مرمت/تعمیر عمارت و مکان وغیرہ | | | | |
| 1-8-2004 | 09-02 | تا | 1-8-2004 | 14-17 |
| 7-8-2004 | 19-22 | تا | 8-8-2004 | 01-40 |
| 8-8-2004 | 08-01 | تا | 8-8-2004 | 14-26 |
| 14-8-2004 | 06-22 | تا | 14-8-2004 | 12-42 |
| 17-8-2004 | 02-59 | تا | 17-8-2004 | 09-05 |
| 21-8-2004 | 01-56 | تا | 21-8-2004 | 13-23 |
| 22-8-2004 | 17-42 | تا | 22-8-2004 | 23-19 |
| 24-8-2004 | 19-14 | تا | 25-8-2004 | 11-24 |
| 28-8-2004 | 18-46 | تا | 29-8-2004 | 00-03 |
| مقدمہ بازی/کیس/اپیل/داخل کروانا | | | | |
| 8-8-2004 | 20-50 | تا | 9-8-2004 | 03-15 |
| مقابلہ/جنگ/لڑائی/برتری حاصل کرنا | | | | |
| 9-8-2004 | 16-13 | تا | 9-8-2004 | 22-42 |
| 10-8-2004 | 11-43 | تا | 10-8-2004 | 18-15 |
| جانوروں کی خرید و فروخت | | | | |
| 7-8-2004 | 00-35 | تا | 7-8-2004 | 13-04 |
| پودے/فصل/قلم/پیوند کاری | | | | |
| 7-8-2004 | 13-04 | تا | 7-8-2004 | 19-22 |
| 8-8-2004 | 08-01 | تا | 8-8-2004 | 14-26 |
| 16-8-2004 | 02-22 | تا | 16-8-2004 | 14-42 |
| 22-8-2004 | 06-29 | تا | 22-8-2004 | 17-42 |
| شکار کریں | | | | |
| 6-8-2004 | 12-20 | تا | 6-8-2004 | 18-28 |
| 7-8-2004 | 06-46 | تا | 7-8-2004 | 13-04 |
| ڈرائیونگ سیکھنے/سواری سیکھنے/شروع کرنے/جانور سدھانے | | | | |
| 4-8-2004 | 13-05 | تا | 5-8-2004 | 06-22 |
| 31-8-2004 | 22-50 | تا | 1-9-2004 | 15-59 |
| ڈاکٹر کو دکھانے/دوا لینے/پرانے امراض کا علاج | | | | |
| 3-8-2004 | 14-37 | تا | 3-8-2004 | 20-10 |
| 5-8-2004 | 05-22 | تا | 5-8-2004 | 12-19 |

| تاریخ ابتداء | وقت ابتدا | تا | تاریخ انتہا | وقت انتہا |
|---|---|---|---|---|
| 12-8-2004 | 09-21 | تا | 12-8-2004 | 15-49 |
| 18-8-2004 | 15-13 | تا | 18-8-2004 | 21-10 |
| 26-8-2004 | 14-01 | تا | 26-8-2004 | 19-18 |
| 27-8-2004 | 05-52 | تا | 27-8-2004 | 11-08 |
| 31-8-2004 | 00-32 | تا | 31-8-2004 | 06-01 |
| نئے زیورات یا پہلی دفعہ ان کا استعمال | | | | |
| 7-8-2004 | 13-04 | تا | 8-8-2004 | 01-40 |
| 8-8-2004 | 16-16 | تا | 8-8-2004 | 14-26 |
| 11-8-2004 | 07-18 | تا | 11-8-2004 | 13-49 |
| 11-8-2004 | 20-20 | تا | 12-8-2004 | 09-21 |
| سیر و تفریح/سفر کریں | | | | |
| 7-8-2004 | 19-22 | تا | 8-8-2004 | 01-40 |
| 8-8-2004 | 14-26 | تا | 8-8-2004 | 20-50 |
| 16-8-2004 | 02-22 | تا | 16-8-2004 | 08-33 |
| 16-8-2004 | 20-50 | تا | 17-8-2004 | 02-59 |
| 25-8-2004 | 16-45 | تا | 25-8-2004 | 22-05 |
| 27-8-2004 | 00-35 | تا | 27-8-2004 | 11-08 |
| تفریح پانی کی سفر (پانی سے) | | | | |
| 9-8-2004 | 16-13 | تا | 10-8-2004 | 11-43 |
| 10-8-2004 | 18-15 | تا | 11-8-2004 | 13-49 |
| نیا لباس پہلی دفعہ استعمال کریں | | | | |
| 7-8-2004 | 13-04 | تا | 8-8-2004 | 14-26 |
| 11-8-2004 | 00-47 | تا | 12-8-2004 | 02-52 |
| 12-8-2004 | 22-18 | تا | 13-8-2004 | 04-46 |
| 13-8-2004 | 17-35 | تا | 13-8-2004 | 23-59 |
| 16-8-2004 | 08-33 | تا | 17-8-2004 | 02-59 |
| 20-8-2004 | 08-33 | تا | 20-8-2004 | 20-08 |
| 21-8-2003 | 01-56 | تا | 21-8-2004 | 07-41 |
| 21-8-2004 | 13-23 | تا | 22-8-2004 | 00-48 |
| 25-8-2004 | 16-45 | تا | 25-8-2004 | 22-05 |
| 26-8-2004 | 08-44 | تا | 26-8-2004 | 14-01 |

| تاریخ ابتداء | وقت ابتدا | تا | تاریخ انتہا | وقت انتہا |
|---|---|---|---|---|
| بال کاٹنے/رنگنے/Setting/بیوٹی پارلر جانے | | | | |
| 5-8-2004 | 12-19 | تا | 5-8-2004 | 18-16 |
| آنکھوں وغیرہ کا میک اپ اور علاج | | | | |
| 13-8-2004 | 23-59 | تا | 14-8-2004 | 06-22 |
| ملازمت کی تلاش/اپلائی کرنے/افسران سے درخواست کرنے | | | | |
| 5-8-2004 | 18-16 | تا | 6-8-2004 | 00-13 |
| 6-8-2004 | 18-28 | تا | 7-8-2004 | 00-35 |
| 7-8-2004 | 06-46 | تا | 7-8-2004 | 13-04 |
| 19-8-2004 | 14-56 | تا | 19-8-2004 | 20-50 |
| 20-8-2004 | 20-08 | تا | 21-8-2004 | 01-56 |
| 21-8-2004 | 13-23 | تا | 21-8-2004 | 19-05 |
| 26-8-2004 | 08-44 | تا | 26-8-2004 | 14-01 |
| میوزک/آرٹ کی ابتداء/تربیت شروع | | | | |
| 8-8-2004 | 01-40 | تا | 8-8-2004 | 08-01 |
| دوسری شادی کرنے/رشتہ لینے | | | | |
| 2-8-2004 | 11-25 | تا | 2-8-2004 | 16-48 |
| 6-8-2004 | 00-13 | تا | 6-8-2004 | 06-12 |
| 25-8-2004 | 11-24 | تا | 25-8-2004 | 22-05 |
| 29-8-2004 | 21-24 | تا | 30-8-2004 | 02-45 |
| امور خانگی | | | | |
| 27-8-2004 | 11-08 | تا | 27-8-2004 | 16-23 |
| بانڈ، ریس اور لاٹری وغیرہ | | | | |
| 2-8-2004 | 11-25 | تا | 2-8-2004 | 16-48 |
| 5-8-2004 | 18-16 | تا | 6-8-2004 | 00-13 |
| 10-8-2004 | 05-11 | تا | 10-8-2004 | 11-43 |
| 13-8-2004 | 17-35 | تا | 14-8-2004 | 06-22 |
| 15-8-2004 | 20-08 | تا | 16-8-2004 | 08-33 |
| 17-8-2004 | 02-59 | تا | 17-8-2004 | 09-05 |
| 25-8-2004 | 16-45 | تا | 26-8-2004 | 03-26 |
| 29-8-2004 | 21-24 | تا | 30-8-2004 | 02-45 |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# نظراتِ کواکب کے اثرات و احکام

حافظ ایم فرخ لاہور

## پہلے اِسے پڑھیں

عام آدمی کے لیے نظرات کواکب کے اس جدول میں سے پہلا، دوسرا اور پانچواں کالم کام دے گا۔ کالم نمبر 1 میں نظر واقع ہونے کی تاریخ درج ہے۔ جبکہ کالم نمبر 2 میں وہ وقت تحریر ہے جب کواکبی نظر بنے گی۔ آخری کالم میں اس نظر کے تحت پیدا ہونے والے نجومی احکام تحریر ہیں۔ آپ کو کرنا صرف یہ ہے کہ روزمرہ معاملات میں احکام نظرات کے تحت دی گئی راہنمائی کو مدنظر رکھتے ہوئے اُس خاص وقت کو بہتر طریقے سے بسر کرنے کی کوشش یا بُرے اثرات سے محفوظ رہنے کی حکمت عملی اختیار کریں۔

| اگست | | | | احکام نظرات |
|---|---|---|---|---|
| تاریخ | وقت | کواکب | نظر | |
| 1 | 7.39 | رن | ن | ذہنی صلاحیتیں عروج پر ہوں گی اور دماغ میں شیطانی حربہ جات آئیں گے۔ |
| 1 | 16.04 | ڈنس | لہ | جائیداد اور روپے پیسے سے متعلق دستاویزات کا بغور مطالعہ کر کے دستخط کریں۔ |
| 1 | 16.48 | رٹو | س | خواہشات کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ کام کو سر پر سوار کر لیا جائے وگرنہ ممکنہ نتائج نہ ملیں گے۔ |
| 2 | 0.35 | رخ | لہ | کاروباری لین دین کے معاملات میں وقتی طور پر گرمی سردی کا ماحول پیدا ہو سکتا ہے۔ |
| 2 | 1.52 | رہ | ش | ذہن پرسکون ہوگا۔ دماغ میں کسی قسم کے خیالات نہ ہوں گے۔ نئی سکیم پر سوچنے کا بہترین وقت ہے۔ |
| 2 | 19.51 | رنس | ن | نت نئے خیالات دماغ کی سکرین پر اُبھریں گے اور بہت سے مسئلے حل ہوتے نظر آئیں گے۔ |
| 2 | 20.32 | رد | لہ | فریق مخالف دلائل سے اور آپ جذبات سے کام لے رہے ہیں۔ مخالفت ہو سکتی ہے۔ |
| 2 | 17.51 | ری | لہ | روپے پیسے کے لین دین میں لاپرواہی برتنے سے معاملات خلاف بھی جا سکتے ہیں۔ |
| 3 | 19.02 | رٹو | ع | کاروباری معاملات میں ایسا اتار چڑھاؤ ہو سکتا ہے جو کہ نقصان کا باعث ہو۔ |
| 3 | 19.45 | رل | ش | پرانے تجربہ کار لوگ حلقہ احباب میں شامل ہوں گے اور زندگی گزارنے کے دوررس فارمولے دیں گے۔ |
| 4 | 8.04 | رہ | ع | گھر والوں کی طرف سے پیار بھرا کھچاؤ کچھ معاملات میں لاپرواہی کروائے گا جو کہ باعث نقصان ہوگا۔ |
| 5 | 13.01 | س ر | ش | اربابِ اقتدار اور اعلیٰ افسران سے معاملات بہتر طریقے سے طے پائیں گے۔ |
| 5 | 14.27 | رن | س | کئی اچانک طریقے سے خواہشات پوری ہوں گی کہ حیرانی کا عنصر بہت زیادہ ملے گا۔ |
| 6 | 0.56 | رٹو | ش | اعلیٰ تعلیمی حصول اور بیرون ملک سے متعلقہ معاملات میں کی گئی کوششیں دوررس نتائج لائیں گی۔ |
| 6 | 2.18 | رل | ع | گھریلو ماحول کچھ کھچاؤ کا شکار رہ سکتا ہے۔ کچھ تلخیاں اور کچھ سردمہری دونوں ہی۔ |
| 6 | 8.07 | س ن | لہ | افسران سے معاملات نہ بگاڑیں کیونکہ اس وقت کسی پرانی غلطی پر ایکشن بھی لیا جا سکتا ہے۔ |
| 6 | 15.41 | رخ | ش | متحرک قسم کے لوگ حلقہ احباب میں آئیں گے اور معاملات زندگی میں تحریک پیدا کریں گے۔ |
| 6 | 19.02 | رہ | س | قریبی رشتہ داروں اور ہمسائیگان سے تعلقات بہتر ہوں گے اور دوستیاں بڑھیں گی۔ |
| 7 | 2.30 | ی ٹو | ع | دوستوں سے وابستہ اُمیدیں پوری ہونے سے پہلے بھی ختم ہو سکتی ہیں محتاط رہیں۔ |
| 7 | 7.19 | رنس | س | خواہشات بڑی بڑی ہیں۔ اتنی ہی محنت بھی کریں تو کیوں نہ پوری ہوں گی۔ |
| 7 | 12.50 | رد | ش | ذہین اور اچھے لوگ دوست بنیں گے اور ان کی موجودگی بہت سارے فوائد بھی لائے گی۔ |
| 7 | 23.33 | رن | ع | معاشرتی پوزیشن میں اچانک مگر تھوڑے عرصے کی تبدیلی آ سکتی ہے جو کہ تنگ کر سکتی ہے۔ |
| 8 | 3.02 | س ر | ع | خاندان کے بڑے بوڑھوں کو چھوڑا نہیں جا سکتا کیونکہ اس وقت ان کی طاقت دوچند ہے۔ |
| 8 | 11.30 | ری | ش | اولاد، سیر و تفریح جیسے معاملات زیرِ بحث رہیں گے اور معاملات پُرسکون انداز میں چلیں گے۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 8 | 13.01 | رل | س | جو بات کہہ دیں گے اس پر قائم رہیں گے اور اس سے مرتبہ میں اضافہ ہوگا۔ |
| 9 | 5.47 | رخ | ع | خاندان والے بھی زور پر ہیں اور آپ بھی مگر وہ زیادہ۔ اس لیے معاملہ فہمی سے معاملے کو سمجھائیں۔ |
| 9 | 18.42 | رنس | ع | کاروباری لین دین میں اچانک رکاوٹ آسکتی ہے اور معاملہ سرد خانے میں جاسکتا ہے۔ |
| 10 | 1.15 | رد | ع | سواری کے حصول کے لیے کوششیں جاری رکھیں۔ جو سواری ملے گی وہ اچھی ہوگی۔ |
| 10 | 11.37 | رن | ث | سسرال سے متعلقہ معاملات میں خوشگوار تبدیلی جو کہ بہتری کا سبب بنے گی۔ |
| 10 | 20.39 | س ر | س | اپنے کاموں کو ختم کرنے کے لیے ہمت و شجاعت کا مظاہرہ کریں۔ اچھا نتیجہ ملے گا۔ |
| 10 | 23.19 | رثو | لہ | معاملات کو انقلابی رنگ دینے کی کوشش نہ کریں۔ مشترکہ کاروبار میں نقصان ہوسکتا ہے۔ |
| 11 | 0.58 | ری | ع | روپے پیسے اور انصاف کے حصول جیسے معاملات میں کچھ پریشانی آسکتی ہے۔ |
| 11 | 21.58 | رخ | س | مختصر دور لمبے کے سفر سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ سفر وسیلہ ظفر ہوتے ہیں۔ |
| 12 | 4.27 | رہ | ن | ذہن اس وقت تمام معاملات سے بے نیاز صرف سکون اور آرام مانگتا ہے۔ |
| 12 | 5.18 | س ثو | ث | روپے پیسے کے لین دین میں اعلیٰ اور بہتر رویہ بہت ہی کارآمد ثابت ہوگا۔ |
| 12 | 7.18 | رنس | ث | اچانک کسی ایسی شخصیت سے ملاقات ہوسکتی ہے جو کہ کچھ دے جائے۔ |
| 12 | 13.32 | رد | س | مثبت ترین وقت ہے۔ جلد پوری ہوجانے والی خواہشات پوری ہوجائیں گی۔ |
| 13 | 14.31 | ری | س | دور دراز کے رشتہ دار اور چھوٹے بہن بھائی معاملات میں بہت کارآمد ثابت ہوں گے۔ |
| 13 | 15.15 | رل | ن | یہ وقت صبر اور حوصلے کا ہے اور اس وقت میں کسی قسم کی جلد بازی سے کام نہ لیں۔ |
| 13 | 15.55 | ہنس | ث | معاملات محبت اور عشق جیسے تمام عوامل میں اچانک لیکن خوشگوار تبدیلی آئے گی۔ |
| 15 | 11.25 | رن | لہ | کسی قسم کے فریب سے واسطہ پڑ سکتا ہے محتاط رہیں اور کافی محتاط رہیں۔ |
| 15 | 19.02 | دہ | س | جو کمائیں گے وہ اتنی ہی خوبصورتی سے خرچ بھی ہوجائے گا اور معاملات بہتر ہوجائیں گے۔ |
| 15 | 22.49 | رثو | ث | دوستوں میں سے ایسے دوست کارآمد ثابت ہوں گے جو کہ زندگی میں کچھ کرنا چاہتے ہیں۔ |
| 16 | 6.21 | س ر | ن | اپنے انداز میں ایک وقار لے کر آئیں اور خوبصورت انداز میں معاملات کو ڈیل کریں۔ |
| 17 | 2.37 | رخ | ن | زیادہ جذباتی اور غصے میں آنے کی ضرورت نہیں۔ کاموں میں دیر سویر ہوجاتی ہے۔ |
| 17 | 4.46 | رنس | لہ | جو آپ چاہ رہے ہیں وہ اس طرح پورا نہیں ہوگا اور دیر پیدا ہوگی۔ |
| 17 | 7.10 | رد | ن | ذہنی صلاحیتیں اور عقل و دانش اپنے عروج پر۔ لوگوں میں اپنی ذہانت کو دکھائیں اور کام لیں۔ |
| 17 | 11.49 | رہ | س | خواہشات کے حصول میں کافی آسانیاں رہیں گی۔ معاملات بہتر رہیں گے۔ |
| 17 | 21.31 | ی ل | س | دیرینہ خواہشات کے حصول میں آسانی رہے گی۔ معاملات مستقل انداز میں حل ہوں گے۔ |
| 18 | 7.46 | رثو | ع | جائیداد کے حصول کے لیے کی گئی کوششیں کچھ بارآور ثابت نہ ہوں گی۔ |
| 18 | 12.06 | رل | س | دوست احباب خواہشات کے حصول میں اہم کردار ادا کریں گے۔ ان سے اچھے تعلقات بنائیں۔ |
| 18 | 12.12 | ری | ن | معاملات پُر اُمید انداز میں چلیں گے۔ |
| 18 | 19.13 | خ نس | لہ | قریبی رشتہ داروں کی وجہ سے معاملات میں کافی بگاڑ آسکتا ہے۔ چھوٹے بہن بھائی بھی تنگی کا باعث ہوں گے۔ |
| 19 | 0.45 | درخ | ن | ذہن کی جولانیاں اپنے عروج پر ہوں گی اور کارکردگی باکمال ہوگی۔ |
| 19 | 5.49 | دنس | لہ | تحریر و تقریر میں اک جداگانہ انداز اختیار کرنے کی کوشش تکلیف تو دے گی مگر نمایاں کردے گی۔ |
| 20 | 0.03 | رہ | ع | اپنے روزمرہ کاموں کو ختم کرنے کی ضرور کوشش کریں مگر اتنی نہ کریں کہ کام ختم ہونے کی بجائے بڑھ جائیں۔ |
| 20 | 4.05 | رن | ث | دوستوں کے ساتھ کاروباری معاملات طے کرنے سے فوائد حاصل ہوسکتے ہیں۔ |
| 20 | 14.50 | رثو | س | مشترکہ معاملات کے لیے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں گی۔ |
| 20 | 19.33 | رل | ع | دوست احباب اور خاندان والے کاروبار کے لیے مسائل پیدا کرسکتے ہیں محتاط رہیں۔ |

free copy
khalidrathore.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 21 | 6.36 | س ر | س | خواہشات کا حصار اونچا کریں اس سے معاملات طے کرنے میں آسانی رہے گی۔ |
| 21 | 15.15 | رو | س | کاروبار سے متعلق اُمور منافع بخش انداز میں پورے ہوں گے۔ |
| 21 | 18.34 | رنس | ث | دوستوں کے ساتھ گھومنے پھرنے نکلیں اور نئے تفریحی مقام پر جائیں۔ |
| 21 | 22.19 | رخ | س | خواہشات کے حصول کے لیے کام کرنا بہت ضروری ہے۔ محنت کریں پھل اچھا ہی ملے گا۔ |
| 22 | 9.33 | رن | ع | والدہ کی طبیعت اچانک خراب ہوسکتی ہے ان کی صحت کا دھیان کریں۔ |
| 22 | 9.53 | رہ | ث | سُسرالیوں سے تعلقات اچھے رہیں گے۔ ان سے وابستہ اُمیدیں پوری ہوں گی۔ |
| 23 | 1.03 | رل | ث | قریبی رشتہ داروں سے معاملات طے کرتے وقت محتاط رہیں اور ان سے بگاڑیں نہ۔ دیر سے فائدہ دیں گے۔ |
| 23 | 1.52 | ری | س | روپے پیسے کے حصول سے متعلق خواہشات بہت آسانی اور اچھے انداز میں پوری ہوں گی۔ |
| 23 | 15.08 | س ر | ع | والد کے ساتھ کسی قسم کا غلط رویہ اور انداز کسی نہ کسی نقصان سے دوچار کرسکتا ہے۔ |
| 23 | 16.28 | رو | ع | کسی قسم کی دستاویز کو اس وقت سائن نہ کریں۔ نقصان ہوسکتا ہے۔ |
| 23 | 22.39 | رنس | ع | گھریلو ماحول کشیدہ رہے گا اور معاملات بجائے سلجھنے کے اُلجھیں گے۔ |
| 24 | 1.50 | س د | ن | اس وقت کسی بھی فیصلے کو آخری شکل نہ دیں ورنہ نقصان کافی ہوسکتا ہے۔ |
| 24 | 4.49 | رخ | ع | معاملات میں کچھ تیزی اور تلخی پیدا ہوسکتی ہے مگر صبر و تحمل سے وقت گذاریں۔ |
| 24 | 13.06 | رن | س | اچانک سفر کرنا پڑسکتا ہے یا کوئی ایسی خبر مل سکتی ہے جو کہ خوش کن ہو۔ |
| 24 | 23.19 | رٹو | ن | اللہ کی طرف لو لگائیں اور لوگوں کے بھلے کے بارے میں بھی سوچ لینا چاہیے۔ |
| 25 | 5.39 | ری | ع | اپنی ہی عزت کو اپنے ہاتھوں خراب نہ کریں اور معاملہ فہمی سے کام لیں۔ |
| 25 | 16.10 | رد | ث | بیرون ممالک تعلیم سے متعلقہ مسائل بہت بہتر انداز میں حل ہوں گے۔ خط و کتابت جاری رکھیں۔ |
| 26 | 21.23 | س ر | ث | ہمت، اعلیٰ ظرف اور وقار کو ملحوظ خاطر رکھنے سے بہت سے کام آسان ہوں گے۔ |
| 26 | 0.52 | رنس | س | چھوٹے بہن بھائیوں سے اچانک فوائد مل سکتے ہیں۔ حاصل کرنا آپ کا کام ہے۔ |
| 26 | 9.17 | رخ | ث | خواہشات پورا ہونے کا دارومدار شریک حیات کے بہن بھائیوں پر ہے۔ |
| 27 | 22.58 | رہ | لہ | طبیعت میں سستی اور کاہلی کا عنصر نمایاں طور پر نظر آئے گا۔ |
| 27 | 6.29 | رل | لہ | آپ کچھ اور سوچ رہے ہیں اور فریق مخالف کچھ اور سوچ رہا ہے۔ یہ باعث نقصان ہے۔ |
| 27 | 7.57 | ری | ث | روپے پیسے کے لین دین کے لیے مناسب وقت ہے۔ |
| 27 | 23.40 | س نس | لہ | بیرون ممالک سے متعلقہ معاملات اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کے معاملات میں نمایاں تبدیلی۔ |
| 28 | 16.07 | رن | ن | کام کے حوالے سے نت نئی تراکیب ذہن میں آئیں گی جس سے کام بہتر انداز میں ہوگا۔ |
| 29 | 2.13 | رٹو | س | ملازمت اور ملازموں کی وجہ سے کافی معاملات باآسانی حل ہوں گے۔ |
| 29 | 14.26 | رد | لہ | دل و دماغ کے ٹکراؤ کی وجہ سے معاملات قابو سے باہر نکل رہے ہیں۔ محتاط رہیں۔ |
| 30 | 3.29 | رنس | ن | نئے زمانے کے نئے انداز کو اپنائیں اور کام میں تفریح کا عنصر لے کر آئیں۔ |
| 30 | 7.25 | س ر | لہ | کام اور تفریح دونوں سامنے ہیں۔ بہتر ہے کہ پہلے کام پر توجہ دے لیں۔ آرام تو کرنا ہی ہے۔ |
| 30 | 17.03 | رخ | لہ | معاملات کو نہ تو زیادہ نرمی سے اور نہ زیادہ سختی سے ڈیل کریں ورنہ پریشانی ہوگی۔ |
| 31 | 4.39 | رٹو | ع | کاروباری اتار چڑھاؤ کی وجہ سے طبیعت بے چین رہے گی۔ |
| 31 | 10.30 | رہ | ث | بچوں اور عزیز و اقارب کے ساتھ وقت کو گذاریں۔ اچھا رہے گا۔ |
| 31 | 11.13 | رل | ث | پرانے لوگ بڑے کام آئیں گے۔ کسی پرانے ملنے والے سے ملنے سے انکار نہ کریں۔ |
| 31 | 13.33 | ری | لہ | کاروباری لین دین میں بگاڑ پیدا ہوسکتا ہے۔ حوصلے اور صبر سے کام لیں۔ |
| 31 | 21.07 | ول | ن | پرانے معاملات محبت گہرے اور گہرے ہوتے چلے جائیں گے۔ |

free copy
khalidrathore.com
Lumitech Document Processing Solutions

# خالد روحانی جنتری ......اگست۲۰۰۴/جمادی الثانی ۱۴۲۵/ساون ۲۰۶۱

## ماہانہ تقویم

| دن | اگست | جمادی الثانی | ساون | اسد | | | لاہور طلوع | لاہور غروب | کراچی طلوع | کراچی غروب | پشاور طلوع | پشاور غروب | کوئٹہ طلوع | کوئٹہ غروب |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتوار | ۱ | ۱۴ | ۱۷ | ۱۱ | سعد | ۵ | ۰۵-۱۹ | ۱۸-۵۹ | ۰۵-۵۸ | ۱۹-۱۸ | ۰۵-۲۵ | ۱۹-۱۵ | ۰۵-۵۱ | ۱۹-۲۶ |
| پیر | ۲ | ۱۵ | ۱۸ | ۱۲ | سعد | ۶ | ۰۵-۱۹ | ۱۸-۵۸ | ۰۵-۵۸ | ۱۹-۱۸ | ۰۵-۲۶ | ۱۹-۱۴ | ۰۵-۵۱ | ۱۹-۲۵ |
| منگل | ۳ | ۱۶ | ۱۹ | ۱۳ | نحس | ۷ | ۰۵-۲۰ | ۱۸-۵۷ | ۰۵-۵۹ | ۱۹-۱۷ | ۰۵-۲۶ | ۱۹-۱۳ | ۰۵-۵۲ | ۱۹-۲۵ |
| بدھ | ۴ | ۱۷ | ۲۰ | ۱۴ | سعد | ۸ | ۰۵-۲۱ | ۱۸-۵۷ | ۰۵-۵۹ | ۱۹-۱۶ | ۰۵-۲۷ | ۱۹-۱۲ | ۰۵-۵۳ | ۱۹-۲۴ |
| جمعرات | ۵ | ۱۸ | ۲۱ | ۱۵ | سعد | ۹ | ۰۵-۲۱ | ۱۸-۵۶ | ۰۶-۰۰ | ۱۹-۱۶ | ۰۵-۲۸ | ۱۹-۱۱ | ۰۵-۵۳ | ۱۹-۲۳ |
| جمعہ | ۶ | ۱۹ | ۲۲ | ۱۶ | سعد | ۱ | ۰۵-۲۲ | ۱۸-۵۵ | ۰۶-۰۰ | ۱۹-۱۵ | ۰۵-۲۹ | ۱۹-۱۰ | ۰۵-۵۴ | ۱۹-۲۲ |
| ہفتہ | ۷ | ۲۰ | ۲۳ | ۱۷ | سعد | ۲ | ۰۵-۲۳ | ۱۸-۵۴ | ۰۶-۰۱ | ۱۹-۱۴ | ۰۵-۲۹ | ۱۹-۰۹ | ۰۵-۵۴ | ۱۹-۲۱ |
| اتوار | ۸ | ۲۱ | ۲۴ | ۱۸ | نحس | ۳ | ۰۵-۲۳ | ۱۸-۵۳ | ۰۶-۰۱ | ۱۹-۱۳ | ۰۵-۳۰ | ۱۹-۰۸ | ۰۵-۵۵ | ۱۹-۲۰ |
| پیر | ۹ | ۲۲ | ۲۵ | ۱۹ | سعد | ۴ | ۰۵-۲۴ | ۱۸-۵۲ | ۰۶-۰۲ | ۱۹-۱۳ | ۰۵-۳۱ | ۱۹-۰۷ | ۰۵-۵۶ | ۱۹-۲۰ |
| منگل | ۱۰ | ۲۳ | ۲۶ | ۲۰ | سعد | ۵ | ۰۵-۲۴ | ۱۸-۵۱ | ۰۶-۰۲ | ۱۹-۱۲ | ۰۵-۳۲ | ۱۹-۰۶ | ۰۵-۵۶ | ۱۹-۱۹ |
| بدھ | ۱۱ | ۲۴ | ۲۷ | ۲۱ | نحس | ۶ | ۰۵-۲۵ | ۱۸-۵۰ | ۰۶-۰۳ | ۱۹-۱۱ | ۰۵-۳۲ | ۱۹-۰۵ | ۰۵-۵۷ | ۱۹-۱۸ |
| جمعرات | ۱۲ | ۲۵ | ۲۸ | ۲۲ | نحس | ۷ | ۰۵-۲۶ | ۱۸-۴۹ | ۰۶-۰۳ | ۱۹-۱۰ | ۰۵-۳۳ | ۱۹-۰۴ | ۰۵-۵۷ | ۱۹-۱۷ |
| جمعہ | ۱۳ | ۲۶ | ۲۹ | ۲۳ | سعد | ۸ | ۰۵-۲۶ | ۱۸-۴۸ | ۰۶-۰۴ | ۱۹-۰۹ | ۰۵-۳۴ | ۱۹-۰۳ | ۰۵-۵۸ | ۱۹-۱۶ |
| ہفتہ | ۱۴ | ۲۷ | ۳۰ | ۲۴ | سعد | ۹ | ۰۵-۲۷ | ۱۸-۴۷ | ۰۶-۰۴ | ۱۹-۰۹ | ۰۵-۳۴ | ۱۹-۰۲ | ۰۵-۵۹ | ۱۹-۱۵ |
| اتوار | ۱۵ | ۲۸ | ۳۱ | ۲۵ | سعد | ۱ | ۰۵-۲۸ | ۱۸-۴۶ | ۰۶-۰۵ | ۱۹-۰۸ | ۰۵-۳۵ | ۱۹-۰۱ | ۰۵-۵۹ | ۱۹-۱۴ |
| پیر | ۱۶ | ۲۹ | ۳۲ | ۲۶ | سعد | ۲ | ۰۵-۲۸ | ۱۸-۴۵ | ۰۶-۰۵ | ۱۹-۰۷ | ۰۵-۳۶ | ۱۹-۰۰ | ۰۶-۰۰ | ۱۹-۱۳ |
| منگل | ۱۷ | ۳۰ | بھادوں | ۲۷ | سعد | ۳ | ۰۵-۲۹ | ۱۸-۴۴ | ۰۶-۰۶ | ۱۹-۰۶ | ۰۵-۳۷ | ۱۸-۵۹ | ۰۶-۰۰ | ۱۹-۱۲ |
| بدھ | ۱۸ | رجب | ۲ | ۲۸ | سعد | ۴ | ۰۵-۳۰ | ۱۸-۴۳ | ۰۶-۰۶ | ۱۹-۰۵ | ۰۵-۳۷ | ۱۸-۵۷ | ۰۶-۰۱ | ۱۹-۱۱ |
| جمعرات | ۱۹ | ۲ | ۳ | ۲۹ | سعد | ۵ | ۰۵-۳۰ | ۱۸-۴۲ | ۰۶-۰۶ | ۱۹-۰۴ | ۰۵-۳۸ | ۱۸-۵۶ | ۰۶-۰۲ | ۱۹-۱۰ |
| جمعہ | ۲۰ | ۳ | ۴ | ۳۰ | نحس | ۶ | ۰۵-۳۱ | ۱۸-۴۱ | ۰۶-۰۷ | ۱۹-۰۳ | ۰۵-۳۹ | ۱۸-۵۵ | ۰۶-۰۲ | ۱۹-۰۹ |
| ہفتہ | ۲۱ | ۴ | ۵ | ۳۱ | سعد | ۷ | ۰۵-۳۱ | ۱۸-۴۰ | ۰۶-۰۷ | ۱۹-۰۲ | ۰۵-۳۹ | ۱۸-۵۴ | ۰۶-۰۳ | ۱۹-۰۸ |
| اتوار | ۲۲ | ۵ | ۶ | سنبلہ | نحس | ۸ | ۰۵-۳۲ | ۱۸-۳۹ | ۰۶-۰۸ | ۱۹-۰۱ | ۰۵-۴۰ | ۱۸-۵۳ | ۰۶-۰۳ | ۱۹-۰۷ |
| پیر | ۲۳ | ۶ | ۷ | ۲ | سعد | ۹ | ۰۵-۳۳ | ۱۸-۳۷ | ۰۶-۰۸ | ۱۹-۰۰ | ۰۵-۴۱ | ۱۸-۵۱ | ۰۶-۰۴ | ۱۹-۰۶ |
| منگل | ۲۴ | ۷ | ۸ | ۳ | سعد | ۱ | ۰۵-۳۳ | ۱۸-۳۶ | ۰۶-۰۹ | ۱۹-۰۰ | ۰۵-۴۲ | ۱۸-۵۰ | ۰۶-۰۴ | ۱۹-۰۴ |
| بدھ | ۲۵ | ۸ | ۹ | ۴ | سعد | ۲ | ۰۵-۳۴ | ۱۸-۳۵ | ۰۶-۰۹ | ۱۸-۵۹ | ۰۵-۴۲ | ۱۸-۴۹ | ۰۶-۰۵ | ۱۹-۰۳ |
| جمعرات | ۲۶ | ۹ | ۱۰ | ۵ | سعد | ۳ | ۰۵-۳۵ | ۱۸-۳۴ | ۰۶-۰۹ | ۱۸-۵۸ | ۰۵-۴۳ | ۱۸-۴۸ | ۰۶-۰۶ | ۱۹-۰۲ |
| جمعہ | ۲۷ | ۱۰ | ۱۱ | ۶ | سعد | ۴ | ۰۵-۳۵ | ۱۸-۳۳ | ۰۶-۱۰ | ۱۸-۵۷ | ۰۵-۴۴ | ۱۸-۴۶ | ۰۶-۰۶ | ۱۹-۰۱ |
| ہفتہ | ۲۸ | ۱۱ | ۱۲ | ۷ | سعد | ۵ | ۰۵-۳۶ | ۱۸-۳۲ | ۰۶-۱۰ | ۱۸-۵۶ | ۰۵-۴۴ | ۱۸-۴۵ | ۰۶-۰۷ | ۱۹-۰۰ |
| اتوار | ۲۹ | ۱۲ | ۱۳ | ۸ | سعد | ۶ | ۰۵-۳۶ | ۱۸-۳۰ | ۰۶-۱۱ | ۱۸-۵۵ | ۰۵-۴۵ | ۱۸-۴۴ | ۰۶-۰۷ | ۱۸-۵۹ |
| پیر | ۳۰ | ۱۳ | ۱۴ | ۹ | نحس | ۷ | ۰۵-۳۷ | ۱۸-۲۹ | ۰۶-۱۱ | ۱۸-۵۴ | ۰۵-۴۶ | ۱۸-۴۳ | ۰۶-۰۸ | ۱۸-۵۸ |
| منگل | ۳۱ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۰ | سعد | ۸ | ۰۵-۳۸ | ۱۸-۲۸ | ۰۶-۱۲ | ۱۸-۵۳ | ۰۵-۴۷ | ۱۸-۴۱ | ۰۶-۰۸ | ۱۸-۵۶ |

## خالد روحانی جنتری ۲۰۰۴ اگست

| اگست | قمر در بروج | قمر در منازل | کواکبی تقویم |
|---|---|---|---|
| ۱ | | ۳۱-۱۹ مقدم | |
| ۲ | ۳۷-۰۹ حوت | ۴۷-۱۶ موخر | |
| ۳ | | ۳۶-۱۴ رشا | حضیض قمر |
| ۴ | ۰۵-۱۳ حمل | ۰۵-۱۳ شرطین | |
| ۵ | | ۱۹-۱۲ بطین | |
| ۶ | ۳۰-۲۰ ثور | ۱۹-۱۲ ثریا | |
| ۷ | | ۰۴-۱۳ دبران | زہرہ در سرطان/ شرف قمر |
| ۸ | | ۲۵-۱۴ ہقعہ | نصف قمر |
| ۹ | ۳۳-۰۷ جوزا | ۱۳-۱۶ ہنعہ | |
| ۱۰ | | ۱۴-۱۸ ذراعہ | مریخ در سنبلہ/ رجعت عطارد |
| ۱۱ | ۱۹-۲۰ سرطان | ۱۹-۲۰ نثرہ | |
| ۱۲ | | ۱۶-۲۲ طرفہ | |
| ۱۳ | | ۵۸-۲۳ جبہ | |
| ۱۴ | ۲۸-۰۸ اسد | | |
| ۱۵ | | ۲۰-۰۱ زبرہ | |
| ۱۶ | ۴۶-۱۸ سنبلہ | ۲۰-۰۲ صرفہ | نیا چاند |
| ۱۷ | | ۵۸-۰۲ عوا | اوج قمر |
| ۱۸ | | ۱۴-۰۳ سماک | |
| ۱۹ | ۰۸-۰۳ میزان | ۰۸-۰۳ غفرہ | |
| ۲۰ | | ۴۲-۰۲ زبانہ | |
| ۲۱ | ۳۴-۰۹ عقرب | ۵۵-۰۱ اکلیل | ہبوط قمر |
| ۲۲ | | ۴۷-۰۰ قلب<br>۱۷-۲۳ شولہ | شمس در سنبلہ |
| ۲۳ | ۰۵-۰۴ قوس | ۲۶-۲۱ نعائم | نصف چاند |
| ۲۴ | | ۱۴-۱۹ بلدہ | |
| ۲۵ | ۴۴-۱۶ جدی | ۴۴-۱۶ ذابح | عطارد در اسد |
| ۲۶ | | ۵۹-۰۳ بلع | |
| ۲۷ | ۰۸-۱۸ دلو | ۰۷-۱۱ سعود | |
| ۲۸ | | ۱۱-۰۸ اخبیہ | |
| ۲۹ | ۳۵-۱۹ حوت | ۱۹-۰۵ مقدم | |
| ۳۰ | | ۴۴-۰۲ موخر | استقامت پلوٹو/ حضیض قمر/ مکمل چاند |
| ۳۱ | ۴۹-۲۲ حمل | ۳۱-۰۰ رشا<br>۴۹-۲۲ شرطین | |

## اگست

### داخلہ کواکب فی البروج

زہرہ در سرطان = ۷ اگست شام ۰۲-۴

مریخ در سنبلہ = ۱۰ اگست دوپہر ۱۵-۳

شمس در سنبلہ = ۲۲ اگست رات ۵۴-۱۱

عطارد در اسد = ۲۵ اگست صبح ۴۴-۶

### رجعت و استقامت کواکب

عطارد در رجعت = ۱۰ اگست صبح ۲۷-۵

پلوٹو استقامت = ۳۰ اگست رات ۳۳-۸

### شرف و ہبوط کواکب

حضیض قمر = ۳ اگست صبح ۴۱-۰۰ تا صبح ۲۱-۰۲

شرف قمر = ۷ اگست صبح ۱۹-۰۰ تا صبح ۲۳-۱۲

اوج قمر = ۱۷ اگست صبح ۵۳-۱۱ تا دوپہر ۱۴-۰۲

ہبوط قمر = ۲۱ اگست دوپہر ۰۷-۰۱ تا دوپہر ۴۶-۰۱

حضیض قمر = ۳۰ اگست صبح ۴۱-۱۰ تا دوپہر ۵۴-۰۲

### ماہانہ قمری حالتیں

نصف قمر = ۸ اگست صبح ۰۲-۳

نیا چاند = ۱۶ اگست صبح ۲۵-۶

نصف چاند = ۲۳ اگست دوپہر ۱۳-۳

مکمل چاند = ۳۰ اگست صبح ۲۳-۷

### اقل تعدیل

۵ درجے ۱۱ دقیقے ۵۳ ثانیے

# عثمان ٹریولز

اندرون و بیرونِ ملک ٹکٹ لینے

کے علاوہ

سستا ترین عمرہ پیکج کے لئے ابھی رابطہ کریں۔

ہمیں بہترین پائیں گے۔

**رابطہ کے لئے پتہ:**

کمرہ نمبر 6 سیکنڈ فلور، ایمپرس ہاؤس، 28 ایمپرس روڈ، لاہور۔

فون: 6304276 - 042-6305698


free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

**ADVERTISEMENT TARRIF** (for monthly)

*Rate per issue*

**FOUR COLOURS**


| | |
|---|---|
| Back cover | Rs.12,000 |
| Front inside | Rs.10,000 |
| Back inside | Rs.8,000 |
| Opening page | Rs.9,000 |

**B & W**

| | |
|---|---|
| Full page | Rs.4,000 |
| Half Page | Rs.2,500 |

☆Material only in shape of positive accepted.
☆All payments should be made in name of Rathore Publishers, account No. 1712-11, Habib Bank Ltd, Allama Iqbal Road, Lahore through money order or bank draft.
































free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

LPL NO.231 ماہ اگست قیمت 30 روپے **راہنمائے عملیات**




free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

صبح 11 بجے تا شام 5 بجے تک
فون نمبر 6374864 (042)
email : kirathor@yahoo.com
خالد اسحق راٹھور، مکان نمبر ۲، گلی نمبر ۱۱، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور، پاکستان